پاک و ہند میں زبان زدِ عوام و خواص

غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ

5

مفتی طارق امیر خان صاحب

متخصص فی الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقریظ

استاذ العلماء حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب

شیخ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقریظ

حضرت مولانا نور البشر صاحب

استاذ الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

مکتبہ عمر فاروق

پاک وہند میں زبان زدِ عوام وخواص

غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ

حصہ پنجم

تحقیق

مُفتی طارق امیر خان صاحب

متخصص فی الحدیث جامعہ فاروقیہ کراچی

تقاریظ

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ

استاذ حدیث حضرت مولانا نور البشر صاحب مدظلہم

مکتبہ عمر فاروق

4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

Tel: 021-34604566 Cell: 0334-3432345

نام کتاب .... غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ

تالیف .... مفتی طارق امیر خان صاحب

اشاعتِ اوّل .... مارچ 2021ء

تعداد 1100

طابع .... القادر پرنٹنگ پریس کراچی

ناشر .... مکتبہ عمر فاروق 4/491 شاہ فیصل کالونی کراچی

021-34604566 Cell: 0334-3432345

ای میل .... maktabaumarfarooq@gmail.com

قارئین کی خدمت میں

کتاب ہذا کی تیاری میں تصحیح کتابت کا خاص اہتمام کیا گیا ہے، تاہم اگر پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو التماس ہے کہ ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ان اغلاط کا تدارک کیا جاسکے۔ جزاکم اللہ

دار الاشاعت، اردو بازار کراچی

اسلامی کتب خانہ، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

قدیمی کتب خانہ، آرام باغ کراچی

ادارۃ الأنور، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ رشیدیہ، سرکی روڈ کوئٹہ

کتب خانہ رشیدیہ، راجہ بازار راولپنڈی

مکتبہ العارفی، جامعہ امدادیہ ستیانہ روڈ فیصل آباد

مکتبہ رحمانیہ، اردو بازار لاہور

مکتبہ سید احمد شہید، اردو بازار لاہور

مکتبہ علمیہ، جی ٹی روڈ اکوڑہ خٹک ضلع نوشہرہ

وحیدی کتب خانہ، محلہ جنگی قصہ خوانی بازار پشاور

مکتبہ غزنوی، علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتبہ فاروق اعظم، پشاور

مکتبہ بیت العلم، پشاور

فہرستِ مضامین	صفحہ نمبر

فہرست روایات

روایت⑥	روایت: ”من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له“. جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے اُنھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔	۷۸
روایت⑦	روایت: ایک مرتبہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر چار دن بھوک کی حالت میں گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کی بارگاہ میں خوب گڑ گڑائے، اللہ تعالی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذریعے وافر مقدار میں کھانا اور دیگر اشیاء بھجوائیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔	۸۱
روایت⑧	روایت: ”هلك المسوفون“. ٹالنے والے ہلاک ہو گئے۔	۹۵
روایت⑨	روایت: ”جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی“۔	۱۰۰
روایت⑩	روایت: جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت داوٗد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشورہ کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے۔	۱۴۰

روایت⑪	حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔	۱۹۲
روایت⑫	روایت:" إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت". بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے، اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان و زمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔	۲۱۱
روایت⑬	روایت: " إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم". میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔	۲۱۹
روایت⑭	روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔	۲۲۳
روایت⑮	روایت:"من شرب الماء على الريق انتقصت قوته". جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی طاقت کم ہو جائے گی۔	۲۵۰
روایت⑯	روایت:"جو شخص اپنی عورت کی بداخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالی اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے	۲۷۵

	شوہر کی بد اخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالی اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے"۔	
روایت⑰	روایت: "جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا، تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا"۔	۲۷۸
روایت⑱	روایت: موت کے وقت نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا۔	۲۸۴
روایت⑲	روایت: ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھنے والا فرشتہ اپنی انتہائی پرواز کے بعد بھی باری تعالی کے عرش تک نہیں پہنچ سکا۔	۲۹۵
روایت⑳	روایت: "الكريم إذا قدر عفا". کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔	۲۹۹
روایت㉑	روایت: اذان سن کر: "مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة وأهلا". پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔	۳۰۷
روایت㉒	روایت: "گانا سننے والوں کو آخرت میں روحانیین یعنی اہل جنت کے قراء کو سننے کی اجازت نہیں ہوگی"۔	۳۱۶
روایت㉓	روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دودھ چھڑانے کے فوراً بعد یہ کلمات کہنا: الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة و أصيلا.	۳۲۲

روایت⑥	روایت: "بچوں کے منہ پر لگی ہوئی غذا دھو لیا کرو، کیونکہ شیطان ہمیشہ بچی ہوئی غذا کو سونگھتا ہے"۔	۳۵۷
روایت⑦	روایت: ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی عمر میں سے صرف ایک گھڑی باقی رہنے کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو اس وقت حصولِ علم میں مشغول ہونے کا فرمانا۔	۳۵۹
روایت⑧	روایت: "جو شخص بارش کے نزول کے وقت یہ درود پڑھتا ہے، تو اللہ عزوجل اسے بارش کے ہر قطرے کے بدلے نیکی عطا فرماتا ہے: اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد بعدد قطرات الأمطار"۔	۳۶۱
روایت⑨	روایت: "جنازے کی آخری صف افضل ہے"۔	۳۶۲
روایت⑩	روایت: جو شخص حضرات شیخین کا دفاع کرے گا تو یہ حضرات اپنی نیکیوں میں سے چوتھائی حصہ نیکی کا اسے دیں گے۔	۳۶۷
روایت⑪	روایت: ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد نبوی میں بیٹھے اپنی جوتی مرمت کرنے لگ گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم مرمت کرلیتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جوتی نہیں بنارہا، بلکہ بت توڑ رہا ہوں، تاکہ قیامت تک آنے والے زمانہ میں کوئی پیشہ کے لحاظ سے ذلیل نہ سمجھے۔	۳۷۴
روایت⑫	روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈال کر فرمانا کہ امت اس سے برکت حاصل کرے۔	۳۷۵

روایت (۲۱)	روایت: روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیسا کہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی۔	۳۹۸
روایت (۲۲)	روایت: "المرء مخبوء تحت لسانه". انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔	۴۰۰
روایت (۲۳)	روایت: "جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے"۔	۴۰۶
روایت (۲۴)	روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے۔	۴۰۷
روایت (۲۵)	روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور و غل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔	۴۱۱
روایت (۲۶)	روایت: "ریاکاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے"۔	۴۱۳
روایت (۲۷)	روایت: "عجلوا الطاعات قبل الفوت". عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔	۴۱۴
روایت (۲۸)	روایت: "جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے"۔	۴۱۷
روایت (۲۹)	روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک شخص کو مسجد میں سویا ہوا دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمانا: اے علی! اسے جگا دو، تاکہ	۴۱۹

مقدمہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی، أما بعد!

اللہ جل جلالہ کا عظیم فضل ہوا کہ اس نے بندہ اور میرے ساتھیوں کو کتاب ”غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ“ کے حصہ پنجم کی تالیف کی توفیق بخشی۔

یہ حصہ حسبِ سابق ان تمام اصول وضوابط پر برقرار ہے، جو پہلے چار حصوں میں تھے، اس مجموعہ میں سابقہ ساتھیوں کے ساتھ ساتھ ایک جماعت شریک رہی ہے، خصوصاً مولوی سلیم صاحب اور مولوی حمزہ صاحب کے تعاون کا میں انتہائی مشکور ہوں۔

طارق امیر خان
(03423210056)
متخصص فی علوم الحدیث
جامعہ فاروقیہ کراچی

فصل اول (مفصل نوع)

روایت نمبر ①

روایت: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُرسکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُرسکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "نوادر الأصول"[۱] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا إبراهيم بن عبد الحميد الحُلْوَانِي، قال: حدثنا محمد بن المبارك الصنعاني، قال: حدثنا معاوية بن يحيى أبومطيع، قال: حدثنا الحكم بن عبد الله، وهو الأَيْلِي، عن القاسم بن محمد، عن أسماء بنت أبي بكر، عن أم رومان والدة عائشة رضي الله عنها، قالت: رآني أبو بكر الصديق رضي الله عنه أتميل في صلاتي، فزجرني زجرة كدت أنصرف من صلاتي، ثم قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إذا قام أحدكم في الصلاة فليسكن أطرافه لا يتميل تميل اليهود، فإن سكون الأطراف في الصلاة من تمام الصلاة".

---

[۱] نوادر الأصول في أحاديث الرسول: ٥/٤، رقم: ٨٢٢، ت: توفيق محمود تكله، دار النوادر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ ام رومان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نماز میں ہلتے ہوئے دیکھا، تو مجھے ایسے ڈانٹا قریب تھا کہ میں نماز توڑ دوں، پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُر سکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُر سکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكامل"[1] میں، حافظ ابو شیخ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۶۹ھ) نے "ذكر الأقران"[2] میں، حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "حلية"[3] میں، حافظ ابو القاسم اسماعیل بن محمد اصبہانی الملقب قوام السنہ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۳۵ھ) نے "الترغيب والترهيب"[4] میں، قاضی ابو بکر محمد بن عبد الباقی رحمۃ اللہ علیہ نے "أحاديث الشيوخ الثقات"[5] میں اور

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال:٤٧٩/٢،رقم:٣٨٩،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

[2] ذكر الأقران:ص:٥٦،رقم:١٦٦،ت:مسعد عبد الحميد محمد السعدنى،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] حلية الأولياء:٣٠٤/٩،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] الترغيب والترهيب لقوام السنة:٤١٧/٢،رقم:١٩٠١،١٩٠٢،ت:أيمن بن صالح بن شعبان،دار الحديث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

[5] أحاديث الشيوخ الثقات:٥١٢/٢،رقم:٧٥،ت:الشريف حاتم بن عارف العونى،دار عالم الفوائد ـ مكة المكرمة .
واضح رہے کہ اس کتاب کی سند میں حکم بن عبد اللہ کے بعد سند میں بڑی تبدیلی ہے، ملاحظہ ہو:"أخبرنا أبو القاسم الخفاف، قراءة عليه وأنا أسمع، في ذي الحجة من سنة ثمان وأربعين وأربعمائة، قال: أخبرنا أبو الحسين محمد بن المظفر بن موسى الحافظ، قال: حدثنا أبو علي الحسين بن محمد بن توبة بن أسيد بن سعيد بن كثير بن

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے "تاریخ دمشق"[1] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی حکم بن عبد اللہ بن سعد ایلی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ حافظ ابو الشیخ رحمۃ اللہ علیہ کے طریق میں حکم بن عبد اللہ کے بجائے علی بن عبد اللہ لکھا ہے، یہ بظاہر تصحیف ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[2] میں زیر بحث روایت اور اس کے علاوہ دیگر روایات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"وبهذا الإسناد أيضا حدثناه هنبل غير ما ذكرت أكثر من خمسة عشر حديثا، كلها مع ما ذكرتها موضوعة، وما هو منها معروف بالمتن فهو باطل بهذا الإسناد، وما أمليت للحكم عن القاسم بن

عفير، قال: أخبرني عبيد الله بن سعيد بن كثير بن عفير، قال: حدثنا أبي، قال: حدثنا المغيرة بن الحسن، قال: حدثني الحكم بن عبد الله بن سعد الأيلي، عن عمر بن عبد الله بن عروة، عن عامر بن عبد الله بن الزبير، عن عبد الله بن الزبير، عن أمه أسماء بنت أبي بكر الصديق رضي الله عنه، أنه قال لها: ورآها تميل في صلاتها، قالت: فزجرني زجرة كدت أن أنصرف، ثم انصرفت، فقال: ألم تعلمي أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا قام أحدكم في الصلاة، فليسكن أطرافه، ولا يتميل بجسده، كما تصنع يهود، فإن سكون الأطراف من الخشوع في الصلاة".

[1] تاريخ دمشق:٢٩٠/٥٩،رقم: ١٢٣٦٠،ت:عمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٨هـ .

[2] الكامل في ضعفاء الرجال:٤٨٣/٢،رقم:٣٨٩،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت .

محمد، والزهري، وغيرهم كلها [والمتن الروايات] غير ما ذكرته هاهنا، فكلها مما لا يتابعه الثقات عليه، وضعفه بين على حديثه".

اور اسی سند کے ساتھ،حنبل نے میری ذکر کرہ روایات کے علاوہ پندرہ سے زائد احادیث روایت کی ہیں، وہ سب کی سب میری ذکر کردہ روایات کے ساتھ من گھڑت ہیں، اور ان میں سے جو متن کے ساتھ معروف ہیں وہ اس سند کے ساتھ باطل ہیں، اور قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ، زہری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے منقول حکم کی وہ روایات جس کو میں نے املاء کروایا ہے،وہ تمام تر روایات جن کو میں نے یہاں ذکر کیاہے اور جن کو ذکر نہیں کیاہے، ان سب میں ثقات نے حکم کی متابعت نہیں کی ہے، ان کا ضعف ان کی حدیث میں واضح ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "ذخيرة الحفاظ"[1] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "والحكم هذا أجمعوا على ترك حديثه". اوراس حکم کی حدیث کے ترک پر محدثین نے اجماع کیاہے۔

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ "تاريخ دمشق"[2] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "غريب، وفيه: ثلاثة من الصحابة". یہ غریب ہے،اور اس میں تین صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔

---

[1] ذخيرة الحفاظ:١/٣٤٤،رقم:٣٦٦،ت:عبد الرحمن بن عبد الجبار الفريوائي،دار السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى١٤١٦هـ.

[2] تاريخ دمشق:٥٩/٢٩٠،رقم: ١٢٣٦٠،ت:عمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "التیسیر"[۱] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "وإسناده ضعيف".

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ "التنویر"[۲] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: "وإسناده ضعيف".

سند میں موجود راوی ابو عبد اللہ حکم بن عبد اللہ بن سعد بن عبد اللہ اَیلی (المتوفی مابین ۱۴۰ - ۱۵۰ھ[۳]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "والحكم الأيلي ليس بثقة"[۴]. حکم اَیلی ثقہ نہیں ہے۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "ليس بشيء"[۵]. یہ لیس بشیء ہے۔

امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان ضعيفا، ليس بشيء"[۶]. یہ

---

[۱] التيسير بشرح الجامع الصغير: ۱۱۹/۱، مكتبة الإمام الشافعي ـ الرياض.

[۲] التنوير: ۱٦۳/۲، رقم: ۷۷۸، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، مكتبة دار السلام ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۳۲هـ.

[۳] امام بخاریؒ نے "التاريخ الصغير" میں موصوف کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۴۰ اور ۱۵۰ھ کے درمیان ہوا ہے (التاريخ الصغير: ٥٤/۲، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰٦هـ).

[۴] تاريخ يحيى بن معين برواية الدوري: ۱۲٦/۱، رقم: ۷٥٤، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.

[۵] سؤالات ابن الجنيد: ص: ۱۰٤، رقم: ٤٤٤، ت: أحمد محمد نور سيف، مكتبة الدار ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ۱٤۰۸هـ.

[۶] سؤالات ابن أبي شيبة: ص: ۱۳٤، رقم: ۱۷۱، ت: موفق بن عبد الله مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۰٤هـ.

ضعیف، لیس بشیء ہے۔

حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ماسقط من أهل أيلة إلا الحكم بن عبد الله الأيلي"[1]. ایلہ والوں میں سے کوئی ساقط نہیں ہے، سوائے حکم بن عبد اللہ کے۔

حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "رأيت في كتابه عن يونس ستين حديثا كذبا"[2]. میں نے اس کی کتاب میں یونس کے انتساب سے ساٹھ جھوٹی احادیث دیکھی ہیں۔

حافظ ابو جعفر محمد بن عبد اللہ بن عمار موصلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اصحاب حدیث کی ایک جماعت جس میں حافظ ابن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ موجود ہیں، وہ فرماتے ہیں:

"ليس يعرف بدمشق كذاب إلا رجلين، فإذا تركت هذين الرجلين، لم يبق من الكذابين بدمشق أحد، الحكم بن عبد الله الأيلي، ويزيد بن ربيعة بن يزيد"[3]. دمشق میں کذاب سے کوئی معروف نہیں ہے سوائے دو آدمیوں کے، اگر میں ان دونوں کو ترک کر دوں، تو دمشق میں جھوٹوں میں سے کوئی بھی باقی نہیں رہے گا، وہ دو آدمی حکم بن عبد اللہ اور یزید بن ربیعہ بن یزید ہیں۔

---

[1] الثقات لابن شاهين: ص: ١٢١، رقم: ٦٠٢، ت: صبحي السامرائي، الدار السلفية - الكويت الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] سؤالات أبي عبيد الآجري: ١٨٢/٢، رقم: ١٥٣٦، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوي، مؤسسة الريان - بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[3] تاريخ دمشق: ١٩/١٥، ت: عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر - بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

علامہ وہب بن زمعہ مروزی رحمۃ اللہ علیہ حافظ عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں فرماتے ہیں: "أنه ترك حديث الحكم"[1]. ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے حکم کی حدیث کو ترک کر دیا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "الحكم بن عبد الله الأيلي أحاديثه موضوعة"[2]. حکم بن عبد اللہ ایلی کی احادیث من گھڑت ہیں۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[3] فرماتے ہیں: "تركوه، كان ابن المبارك يوهنه، ونهى أحمد عن حديثه". محدثین نے اسے ترک کر دیا ہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے، احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی حدیث سے منع کیا ہے۔

نیز امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الصغير"[4] میں فرماتے ہیں: "كان ابن المبارك يوهنه، نهى أحمد عن حديثه". ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے، احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی حدیث سے منع کیا ہے۔

اور امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الصغير"[5] میں لکھتے ہیں: "كان ابن المبارك يضعفه". ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس کو ضعیف قرار دیتے تھے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[6] میں فرماتے ہیں: "جاهل،

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال: ٤٧٨/٢، رقم: ٣٨٩، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية - بيروت.

[2] تاريخ أبي زرعة الدمشقي: ص: ٢١٣، رقم: ١١٤٤، ت: خليل المنصور، دار الكتب - بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[3] التاريخ الكبير: ٣٣٠/٢، رقم: ٢٦٩٥، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[4] التاريخ الصغير: ٩٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[5] الضعفاء الصغير: ص: ٣٥، رقم: ٧١، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[6] أحوال الرجال: ص: ٢٥٩، رقم: ٢٧١، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوى، حديث أكادمي - فيصل آباد - باكستان، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

كذاب". یہ جاہل، کذاب ہے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[1] میں ہی فرماتے ہیں: "وأمر الحكم أوضح من ذاك عند أهل الحديث، حتى لقد حدثني من سمع ابن حنبل يقول: ألق حديث الحكم الأيلي، وإسحاق بن أبي فروة في الدجلة". اور اس سے محدثین کے ہاں حکم کا معاملہ واضح ہو جاتا ہے، حتی کہ مجھے اس شخص نے بتایا جس نے ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ سے سنا، وہ فرماتے ہیں کہ حکم ایلی اور اسحاق بن ابی فروہ کی روایت کو دجلہ میں ڈال دو۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ "الكنى"[2] میں فرماتے ہیں: "منكر الحديث".

امام ابو داود رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا يكتب حديثه"[3]. اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے۔

حافظ یحیی بن حسان تِنِّیسی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا تكتب حديث الحكم بن

---

[1] أحوال الرجال: ص: ۲۵۹، رقم: ۲۷۱، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوى، حديث أكادمي ۔ فيصل آباد ۔ باكستان، الطبعة الأولى ۱٤۱۱ھـ.

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ کی مکمل عبارت ملاحظہ ہو: "حدثني عبد الله بن يوسف، حدثني يحيى بن حمزة، حدثني الحكم بن عبد الله، سمع القاسم، عن جدته أم رومان، وأم رومان توفيت زمان النبي صلى الله عليه وسلم، وليست جدته، وإنما جدته: أسماء ابنة عميس، ولدت أباه بذي الحليفة، والنبي صلى الله عليه وسلم يريد مكة حجة الوداع، وأمر الحكم أوضح من ذاك عند أهل الحديث، حتى لقد حدثني من سمع ابن حنبل يقول: ألق حديث الحكم الأيلي، وإسحاق بن أبي فروة في الدجلة".

[2] الكنى والأسماء: ٤٨٩/١، رقم: ١٨٩٥، ت: عبد الرحيم محمد أحمد القشقرى، الجامعة الإسلامية ۔ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٤ھـ.

[3] سؤالات أبي عبيد الآجري: ١٨٢/٢، رقم: ١٥٣٦، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوي، مؤسسة الريان ۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨ھـ.

عبد الله بن سعد الأيلي، فإنه متروك الحديث"[1]. حکم بن عبد اللہ بن سعد اَیُلِی کی حدیث مت لکھو، کیونکہ وہ متروک الحدیث ہے۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "[ذاهب]، متروك الحديث، لا يكتب حديثه، كان يكذب"[2]. ذاہب، متروک الحدیث ہے، اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے، یہ جھوٹ بولتا تھا۔

حافظ عبد الرحمن بن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعديل"[3] میں فرماتے ہیں کہ حکم بن عبد اللہ بن سعد اَیُلِی کے بارے میں ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ سے پوچھا گیا، تو میں نے ان کو یہ فرماتے ہوئے سنا: "ضعيف، لا يحدث عنه، ولم يقرأ علينا حديثه، وقال: اضربوا عليه". ضعیف ہے، ان سے حدیث بیان نہ کی جائے، (نیز حافظ عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں) اور ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ہم پر اس کی حدیث نہیں پڑھی، اور فرمایا کہ اس کی حدیث کو اس پر دے مارو۔

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "وهو رجل متروك الحديث"[4]. حکم بن عبد اللہ متروک الحدیث ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[5] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

---

[1] الجرح والتعديل: ۱۲۱/۳، رقم: ۵۵۹، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۱هـ.

[2] الجرح والتعديل: ۱۲۱/۳، رقم: ۵۵۹، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۱هـ.

[3] الجرح والتعديل: ۱۲۱/۳، رقم: ۵۵۹، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۱هـ.

[4] تاريخ أبي زرعة الدمشقي: ص: ۲۱۳، رقم: ۱۱٤٥، ت: خليل المنصور، دار الكتب ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[5] الضعفاء والمتروكين: ص: ۱٦٥، رقم: ۱۲۲، ت، محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰٦هـ.

حافظ ابن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ ایک حدیث کے تحت فرماتے ہیں: "وأنا أبرأ من عهدته"[1]. میں اس کی ذمہ داری سے بری ہوں۔

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[2] میں حکم بن عبد اللہ کے بارے میں فرماتے ہیں: "ليس بثقة".

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الكبير"[3] میں فرماتے ہیں: "والغالب على حديث الحكم الوهم". اور حکم کی حدیث میں وہم غالب ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[4] میں فرماتے ہیں: "ممن يروي الموضوعات عن الأثبات، وكان ابن المبارك شديد الحمل عليه". وہ ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، اور ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ اس پر شدید حمل فرماتے تھے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[5] میں زیر بحث روایت اور اس کے علاوہ دیگر روایات ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "وبهذا الإسناد أيضا حدثناه هنبل غير ما ذكرت أكثر من خمسة عشر حديثا، كلها مع ما ذكرتها موضوعة، وما هو منها معروف بالمتن فهو باطل بهذا الإسناد،

---

[1] سنن الدار قطني: ١٤٤/٣، رقم: ٢٢٤٩، ت: شعيب الأرنؤوط، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.

[2] قبول الأخبار ومعرفة الرجال: ١٩٧/٢، رقم: ٣٠٤، ت: أبي عمرو الحسيني بن عمر، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[3] الضعفاء الكبير: ٢٥٦/١ رقم: ٣١١، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[4] المجروحين: ٢٤٨/١، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[5] الكامل في ضعفاء الرجال: ٤٨٣/٢، رقم: ٣٨٩، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

وما أمليت للحكم عن القاسم بن محمد، والزهري، وغيرهم كلها [والمتن الروايات] غير ما ذكرته هاهنا، فكلها مما لا يتابعه الثقات عليه، وضعفه بين على حديثه".

اور اسی سند کے ساتھ،حنبل نے میری ذکر کرہ روایات کے علاوہ پندرہ سے زائد احادیث روایت کی ہیں، وہ سب کی سب میری ذکر کردہ روایات کے ساتھ من گھڑت ہیں، اور ان میں سے جو متن کے ساتھ معروف ہیں وہ اس سند کے ساتھ باطل ہیں، اور قاسم بن محمد رحمۃ اللہ علیہ، زہری رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ سے منقول حکم کی وہ روایات جس کو میں نے املاء کروایا ہے،وہ تمام تر روایات جن کو میں نے یہاں ذکر کیا ہے اور جن کو ذکر نہیں کیا ہے، ان سب میں ثقات نے حکم کی متابعت نہیں کی ہے، اس کا ضعف اس کی حدیث پر واضح ہے۔

امام دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكون"[1] میں فرماتے ہیں: "متروك".

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء"[2] میں فرماتے ہیں: "ليس بشيء، تركه ابن المبارك، وقال علي بن المديني: ليس بشيء". لیس بشیء ہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ترک کیا ہے، علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لیس بشیء ہے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ ہی "المسند المستخرج"[3] میں فرماتے

---

[1] الضعفاء والمتروكون: ۱۸۱،رقم: ۱٦۱،ت:موفق بن عبد الله،مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] الضعفاء لأبي نعيم: ٧٤،رقم: ٥٠،ت:فاروق حماده،مطبعة النجاح الجديده.

[3] المسند المستخرج على صحيح مسلم: ٦٣/١،رقم: ٥٠،ت:محمد حسن محمد حسن إسماعيل،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

ہیں: ”تركوه، ضعفه ابن المبارك، وقال علي بن المديني: ليس بشيء“.
محدثین نے اسے ترک کر دیا ہے، ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تضعیف کی ہے، اور علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ لیس بشیء ہے۔

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ”السنن الکبری“[1] میں ایک روایت کے تحت حکم بن عبد اللہ کو ”متروك“ قرار دیا ہے۔

نیز امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ ہی ”الخلافیات“[2] میں فرماتے ہیں: ”الحکم بن عبد الله ضعیف جدا“. حکم بن عبد اللہ شدید ضعیف ہے۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ ”المتفق والمفترق“[3] میں فرماتے ہیں: ”وکان ضعیفا جدا“ وہ شدید ضعیف تھا۔

حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الأحكام الوسطى“[4] میں حکم بن عبد اللہ کو ”متروك“ قرار دیا ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ ”تذكرة الحفاظ“[5] میں ایک دوسری روایت کے تحت فرماتے ہیں: ”والحکم هذا یضع الحدیث“. اور یہ حکم حدیث گھڑتا ہے۔

---

[1] السنن الكبرى للبيهقي:٢٥٥/٣،رقم:٥٦١٧،ت:محمد عبد القادر عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[2] الخلافيات بين الإمامين للبيهقي:٧٠/٢،رقم:١١٦٢،الروضة للنشر والتوزيع ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٣٦هـ.

[3] المتفق والمفترق:٧٧٣/٢،رقم:٤٠٢،ت:محمد صادق آيدن الحامدى،دار القادري ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[4] الأحكام الوسطى:٢١/٢،ت:حمدي السلفي وصبحي السامرائي،مكتبة الرشد ـ الرياض،الطبعة ١٤١٦هـ.

[5] تذكرة الحفاظ:ص:٥٩،رقم:١٢١،ت:حمدي بن عبد المجيد،دار الصميعي ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

یہی کلام حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "معرفة التذكرة"[۱] میں بھی ذکر کیا ہے۔

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ "الترغيب والترهيب"[۲] میں حکم بن عبد اللہ کے بارے میں فرماتے ہیں: "متروك، متهم".

حافظ ابن خلفون رحمۃ اللہ علیہ نے "أسماء شيوخ الإمام مالك"[۳] میں چند راویوں کے نام ذکر کر کئے ہیں جن میں حکم بن عبد اللہ اَیْلِی کا نام بھی مذکور ہے، اس کے بعد فرمایا ہے: "وهؤلاء هم المتروكون".

حافظ ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ نے "توضيح المشتبة"[۴] میں حکم بن عبد اللہ کو "منكر الحديث" کہا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[۵] میں فرماتے ہیں: "متروك، متهم". یہ متروک، متہم ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کے علاوہ ایک دوسری حدیث کے تحت حکم بن عبد اللہ کو "نتائج الأفكار"[۶] اور "التلخيص الحبير"[۷]

---

[۱] معرفة التذكرة: ص: ۱۰۱، رقم: ۱۱٦، ت: عماد الدين أحمد حيدر، مؤسسة الكتب الثقتفية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[۲] الترغيب والترهيب: ۳۸۲/۲، رقم: ۵، ت: إبراهيم شمس الدين، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[۳] أسماء شيوخ الإمام مالك بن أنس: ص: ۱۰۹، ت: محمد زينهم محمد عزب، مكتبة الثقافة الدينية ـ الظاهر.

[۴] توضيح المشتبة: ۱۳۱/۱، ت: محمد نعيم العرقسوسي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت.

[۵] المغني في الضعفاء: ۲۷۱/۱، رقم: ١٦٥٧، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[٦] نتائج الأفكار: ٦٥/٤، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، دار ابن كثير ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[۷] تلخيص الحبير: ٥٢١/١، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ

میں "ضعيف جدا"، جبکہ "الدراية"[1] میں "واه جدا" اور "المطالب العالية"[2] میں "ضعيف بمرة" کہا ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[3] میں حکم بن عبد اللہ کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کیا ہے۔

روایت کا حکم

سند میں موجود راوی حکم بن عبد اللہ اَیْلِی کے بارے میں درج ذیل ائمہ حدیث نے جرح کے شدید الفاظ استعمال کئے ہیں:

امام عبد اللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن معین رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن مدینی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ احمد بن صالح مصری رحمۃ اللہ علیہ، امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ، امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ابی الحواری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ یحیی بن حسان تِنّیسی رحمۃ اللہ علیہ، امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن خلفون رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ۔

بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[1] الدراية في تخريج أحاديث الهداية: ٢٠٩/١،رقم: ٢٧١،ت:عبد الله هاشم اليماني،دار المعرفة ـ بيروت .

[2] المطالب العالية: ١١٦/١٤،رقم: ٣٤٠٥،ت:أحمد بن محمد بن عبد الله بن حميد،دار العاصمة ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ.

[3] تنزيه الشريعة: ٥٤/١،رقم: ٤٧،ت:عبد الله محمد الصديق الغماري،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

جیسے: لیس بشيء ہے، لیس بثقہ ہے، اس کی حدیث کو نہ لکھا جائے، حکم اَیُلِی کی احادیث من گھڑت ہیں، محدثین نے اس کو ترک کیا ہے، جاہل، کذاب ہے، متروک الحدیث ہے، اس کی حدیث اس پر دے مارو، ثبت لوگوں کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے، یہ حکم حدیث گھڑتا ہے، متہم ہے، شدید ضعیف ہے، ضعیف بمرہ، واہ جداً۔

نیز خاص اس تناظر میں کہ حکم بن عبد اللہ اَیُلِی اس روایت کے نقل میں متفرد بھی ہے یہ روایت کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں ہو سکتی، لہذا اسے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے، واللہ اعلم۔

روایت نمبر②

روایت: ”أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه“.

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے بیٹے حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معروف قول کے مطابق یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے، جو انہوں نے ایک شخص کو دوران نماز داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا، انتہی، اس لئے اسے سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کرنا چاہئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

یہ روایت تین سندوں سے منقول ہے:

① روایت بطریق ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی ② روایت بطریق ابو جارود زیاد بن منذر کوفی ③ روایت بطریق حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

① روایت بطریق ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ”نوادر الأصول“[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

---

[1] نوادر الأصول في أحاديث الرسول:٥٠٤/٥،رقم:١٣٠٥،وفيه أيضا:٨/٤،رقم:٨٢٤،ت:توفيق محمود تكله،دار النوادر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

”حدثنا صالح بن محمد، حدثنا سليمان بن عمرو، عن محمد بن عجلان، عن المَقْبُرِي، عن أبي هريرة رضي الله عنه، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه“.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو دیکھا کہ وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ ”تخريج أحاديث الكشاف“[1] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے فرماتے ہیں: ”وسليمان بن عمرو هذا يشبه أن يكون هو أبو داود النَخَعِي، فإني لم أجد أحدا في هذه الطبقة غيره، وقد اتفقوا على ضعفه، قال ابن عدي: أجمعوا على أنه يضع الحديث“.

اور سلیمان بن عمرو لگتا ہے کہ یہ ابو داود نَخَعِی ہے، کیونکہ میں نے اس طبقہ میں اس کے علاوہ کسی کو (یعنی سلیمان بن عمرو کے نام سے) نہیں پایا، اس کے ضعف پر محدثین نے اتفاق کیا ہے، ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: محدثین نے اس پر اجماع کیا ہے کہ یہ شخص حدیث گھڑتا تھا۔

---

[1] تخريج أحاديث الكشاف:۴۰۰/۲،رقم:۸۲۸،ت:سلطان بن فهد،دار ابن خزيمة ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[1] میں یہ روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "أخرجه الترمذي الحكيم في النوادر من حديث أبي هريرة بسند ضعيف، إنه من قول سعيد بن المسيب، رواه ابن أبي شيبة في المصنف، وفيه رجل لم يسم".

اس کو حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "نوادر" میں ضعیف سند کے ساتھ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، بلاشبہ یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، جسے ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے مصنف میں نقل کیا ہے، اور اس کی سند میں (یعنی ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں) ایک راوی کا نام مذکور نہیں ہے۔

نیز حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ ابن زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ "تکملة طرح التثريب"[2] میں یہ روایت سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا هو المعروف في هذا أنه عن ابن المسيب، وفي إسناده من لم يسم، وقد رواه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول مرفوعا من حديث أبي هريرة، وفيه سليمان بن عمرو مجمع على ضعفه".

اس کے بارے میں معروف یہ ہے کہ یہ ابن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، اور اس کی سند میں ایک راوی کا نام ذکر نہیں ہے، حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو

---

[1] المغني عن حمل الأسفار: ١٧٨/١، دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٦هـ.

[2] طرح التثريب: ٣٧٣/٢، دار إحياء التراث العربي ـ بيروت.

"نوادر" میں ضعیف سند کے ساتھ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے مرفوعاً نقل کیا ہے، اس سند میں سلیمان بن عمرو ہے، جس کے ضعف پر اجماع ہے۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فیض القدیر"[1] میں حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے درج بالا کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

نیز علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "الفتح السماوي"[2] میں فرماتے ہیں: "أخرجه الحكيم الترمذي في نوادر الأصول بسند ضعيف من حديث أبي هريرة، وفيه: سليمان بن عمرو وهو أبو داود النَخَعِي، أحد من اتهم بوضع الحديث".

اس کو حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے "نوادرالاصول" میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، اس کی سند میں سلیمان بن عمرو ہے، اور وہ ابوداود نَخَعِی ہے، یہ ان میں سے ایک ہے جنہیں حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "الكافي الشاف"[3] میں یہ حدیث ذکر

---

[1] فيض القدير: ٥/٤٠٦، رقم: ٧٤٤٧، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٣٩١هـ.

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "قال الزين العراقي في شرح الترمذي: وسليمان بن عمر وهو أبو داود النَخَعِي متفق على ضعفه، وإنما يعرف هذا عن ابن المسيب، وقال في المغني: سنده ضعيف، والمعروف: أنه من قول سعيد، ورواه ابن أبي شيبة في مصنفه، وفيه رجل لم يسم، وقال ولده: فيه سليمان بن عمرو مجمع على ضعفه، وقال الزيلعي: قال ابن عدي: أجمعوا على أنه يضع الحديث".

[2] الفتح السماوي: ٢/٨٥٤، رقم: ٧٣٢، ت: أحمد مجتبى السلفي، دار العاصمة ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

[3] الكافي الشاف: ص: ١٩٤، رقم: ٧١٨، دار إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

کرکے فرماتے ہیں: ”الحكيم الترمذي في النوادر في السادس والأربعين بعد المائة من حديث أبي هريرة، وفيه سليمان بن عمرو وهو أبوداود النَخَعِي، أحد من التهم بوضع الحديث“.

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ”نوادر“ میں ایک سوچھیالیس میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے تخریج کیا ہے، اس کی سند میں سلیمان بن عمرو ہے اور وہ ابوداود نَخَعِی ہے، یہ ان میں سے ایک ہے جنہیں حدیث گھڑنے میں متہم قرار دیا گیا ہے۔

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ ”التنویر“[1] میں لکھتے ہیں: ”رمز المصنف لضعفه، لأن فيه سليمان بن عمرو النَخَعِي، قال العراقي في شرح الترمذي: سليمان بن عمرو هو أبو داود النَخَعِي، متفق على ضعفه، قال الزيلعي: أجمعوا على أنه يضع الحديث، والمعروف أنه من قول سعيد بن المسيب، ورواه ابن أبي شيبة، وفيه راو لم يسم“.

مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اس پر ضعف کی علامت لگائی ہے، اس لئے کہ اس میں سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے، عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے ”شرح ترمذی“ میں کہا ہے: سلیمان بن عمرو ابو داؤد نَخَعِی ہے، جو کہ متفق علیہ ضعیف ہے، زیلعی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ اس پر اجماع ہے کہ یہ حدیث گھڑتا ہے، اور اس روایت کے بارے میں معروف یہ ہے کہ یہ ابن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے، اور اسے ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے، اور اس میں ایک راوی کا نام مذکور نہیں ہے۔

---

[1] التنوير: ۱۵۱/۱، رقم: ۷۴۲۹، ت: محمد إسحاق محمد إبراهيم، مكتبة دار السلام ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۳۲هـ.

سند میں موجود راوی ابو داؤد سلیمان بن عمرو بن عبد اللہ بن وہب نَخَعِی فاسی عامری کوفی قاضی (المتوفی مابین ۱۹۰ - ۲۰۰ھ [۱]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابو الولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ شریک سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: "مالقينا من ابن عم لنا سليمان بن عمرو النَخَعِي من كثرة ما يكذب في الحديث" [۲]. ہمیں اپنے چچا کی اولاد میں سلیمان بن عمرو نَخَعِی جیسا کثرت سے حدیث میں جھوٹ بولنے والا نہ ملا۔

حافظ ابو الولید طیالسی رحمۃ اللہ علیہ نے بذات خود سلیمان بن عمرو کو "كذاب" کہا ہے [۳]۔

امام اسحاق ابن راہویہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لا أرى في الدنيا أكذب منه" [۴]. میں نے دنیا میں اس سے زیادہ جھوٹ بولنے والا نہیں دیکھا۔

---

[۱] امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاریخ الصغیر" میں موصوف کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۹۰ اور ۲۰۰ھ کے درمیان ہوا ہے (التاريخ الصغير: ۲۴۴/۲ ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ).

[۲] الجرح والتعديل: ١٣٢/٤،رقم:٥٧٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[۳] سؤالات البرذعي:ص: ٢٤٠،رقم:٤٢٣،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٣٠هـ.

[۴] لسان الميزان: ١٦٦/٤،رقم:٣٦٣٣،ت:عبدالفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

ان الفاظ کا سیاق "سؤالات البَرَذَعِی" میں ان الفاظ سے ہے: "حدثني مسلم بن الحجاج، قال: سمعت إسحاق بن راهوية، قال: أتيت أبا داود سليمان بن عمرو، فقلت في نفسي: لأسألنه عن شيء لا أعرف فيه من قول المتقدمين شيئا، فقلت له: يا أبا داود! ما عندك في التوقيت بين دمي المرأة في أقله وأكثره؟ فقال: أخبرنا أبو طوالة، عن أنس، ويحيى بن سعيد، عن سعيد بن المسيب، وفلان، عن فلان، عن معاذ بن جبل، قالوا: أقل الحيض ثلاث، وأكثره عشر، وما بين دمي المرأة خمسة عشر، فقلت في نفسي: اذهب، فليس في الدنيا أكذب منك.
حدثني أبو زرعة، حدثنا أبو علي القُهُستَاني، عن إسحاق بن راهوية، قال: جلست إلى سليمان بن عمرو، فقلت: ما تقول في الراهن والمرتهن، يختلفان؟ فقال: حدثنا عبيد الله، عن نافع، عن ابن عمر. وحدثنا أبو

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعدیل"[1] **میں فرماتے ہیں:** "كان في النَخَع شيخان ضعيفان يضعان الحديث، ويفتعلان: أحدهما سليمان بن عمرو النَخَعِي، وهو ذاهب الحديث، متروك الحديث، كان كذابا، وامتنع من قراءة حديثه".

نَخَع میں دو شیوخ ضعیف ہیں، دونوں احادیث گھڑتے، تراشتے تھے: ان میں ایک تو سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے، یہ ذاہب الحدیث، متروک الحدیث ہے، یہ کذاب تھا، (عبد الرحمن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ میرے والد) ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ ان کی احادیث پڑھنے سے رک گئے تھے۔

حافظ ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان آية، وذكر عنه أشياء منكرة، وغلظ القول فيه جدا"[2]. **وہ آیت تھا، اس کے بعد ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ابو داؤد نَخَعِی کی منکر چیزیں نقل کیں، اور ان کے بارے میں بہت زیادہ سخت بات کہی۔**

حافظ ابو زرعہ رازی رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "آفة من الآفات"[3].

حازم، عن سهل بن سعد، قالا: القول قول الراهن، فقلت: لا أدري في الدنيا أكذب من هذا" (سؤالات البرذعي:ص:۲٤۰،رقم:٤۲٥،٤۲٤،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳۰هـ).

[1] الجرح والتعديل:۱۳۲/٤،رقم:٥٧٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۳۷۲هـ.

[2] الجرح والتعديل:۱۳۲/٤،رقم:٥٧٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۳۷۲هـ.

[3] سؤالات البرذعي لأبي زرعة:ص:۳۲۸،رقم:۱۳۲،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳۰هـ.

امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان من الدجالين"[1]. **یہ دجالوں میں سے تھا۔**

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وأبو داود النَخَعِي اسمه سليمان بن عمرو، كان رجل سوء، كذاب خبيث، قدري، ولم يكن ببغداد رجل إلا وهو خير من أبي داود النَخَعِي، كان يضع الحديث"[2]. **ابوداوٗد نَخَعِی اس کا نام سلیمان بن عمرو ہے، یہ ایک برا، کذاب اور خبیث آدمی تھا، اور قدری تھا، بغداد کا ہر فرد ابوداود نَخَعِی سے بہتر تھا، یہ حدیث گھڑتا تھا۔**

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "وكان أكذب الناس"[3]. **اور یہ لوگوں میں سب سے بڑا جھوٹا تھا۔**

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "كذاب النَخَع"[4]. **نَخَع کا کذاب ہے۔**

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أبو داود النَخَعِي، واسمه: سليمان بن عمرو، وكان كذابا، سئل شريك عن [كذا في الأصل، والصحيح: بن، كما في الضعفاء الكبير[5]] عبد الله عنه فقال: ذلك كذاب النَخَع"[6]. **ابوداود نَخَعِی**

---

[1] لسان الميزان: ٤/١٦٦، رقم: ٣٦٣٣، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ١/٤٠١، رقم: ٢٧١٦، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.

[3] تاريخ يحيي بن معين برواية الدوري: ٢/٣٠٦، رقم: ٤٩٦٧، ت: عبد الله أحمد حسن، دار القلم ـ بيروت.

[4] معرفة الرجال برواية ابن محرز: ١/٥١، رقم: ٩، ت: محمد كامل القصار، مطبوعات مجمع اللغة العربية ـ دمشق، الطبعة ١٤٠٥هـ.

[5] الضعفاء الكبير: ٢/١٣٥، رقم: ٦٢٠، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار الكتب العلمية۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[6] العلل ومعرفة الرجال: ٢/٥٤٢، رقم: ٣٥٦٩، ت: وصي الله بن محمد عباس، دار الخاني ـ الرياض، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

کا نام سلیمان بن عمرو ہے، اور یہ کذاب ہے، شریک بن عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ سے اس کے بارے میں پوچھا گیا تو شریک رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ نَخَع کا کذاب ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "أبو داود النَخَعِي من أكذب الناس"[1]. ابو داود نَخَعِی لوگوں میں سب سے بڑا جھوٹا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[2] میں فرماتے ہیں: "معروف بالكذب، قال قتيبة وإسحاق". یہ جھوٹ بولنے میں معروف ہے، یہ بات قتیبہ اور اسحاق نے کہی ہے۔

یہی کلام امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء الصغير"[3] میں بھی کیا ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الصغير"[4] میں فرماتے ہیں: "رماه قتيبة و إسحاق بالكذب". قتیبہ اور اسحاق نے اسے جھوٹ بولنے میں متہم قرار دیا ہے۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ "الكنى"[5] میں فرماتے ہیں: "رماه إسحاق وقتيبة".

حافظ ابراہیم بن یعقوب جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[6] میں فرماتے ہیں: "كان يضع الحديث". یہ حدیث گھڑتا تھا۔

---

[1] مسائل الإمام أحمد بن حنبل وإسحاق بن راهوية برواية المروزي: ٤٦٣١/٩، رقم: ٣٢٨٦، الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[2] التاريخ الكبير: ٤٦/٤، رقم: ١٨٥٣، ت: مصطفى عبد القادر أحمد عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[3] الضعفاء الصغير: ص: ٥٥، رقم: ١٤٤، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[4] التاريخ الصغير: ٢٦٦/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[5] الكنى و الأسماء: ص: ٣٠٢، رقم: ١٠٧٢، ت: عبد الرحيم محمد أحمد القشقري، الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[6] أحوال الرجال: ص: ٣٣٠، رقم: ٣٥٩، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوي، حديث أكادمي ـ فيصل آباد ـ باكستان، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

حافظ یعقوب بن سفیان فَسَوِی رحمۃ اللہ علیہ "المعرفة والتاريخ"[1] **میں فرماتے ہیں:** "أبو داود النَخَعِي، اسمه سليمان بن عمرو، قدري، رجل سوء، كذاب، كان يكذّب مجاوبه". **ابو داوٗد نَخَعِی کا نام سلیمان بن عمرو ہے، یہ قدری ہے، برا شخص ہے، جھوٹا ہے، یہ اپنے جواب دینے والے کو جھوٹا کہتا تھا۔**

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[2] **میں فرماتے ہیں:** "متروك الحديث". **یہ متروک الحدیث ہے۔**

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[3] **میں فرماتے ہیں:** "وكان رجلا صالحا في الظاهر إلا أنه [كان] يضع الحديث وضعا، وكان قدريا، لا تحل كتابة حديثه إلا على جهة الاختبار، ولا ذكره إلا من طريق الاعتبار". **یہ ظاہر میں ایک نیک اور صالح آدمی تھا، البتہ یہ یقیناً حدیثیں گھڑتا تھا، اور یہ قدری تھا، اس کی حدیثوں کو امتحان کے طور پر لکھنا حلال ہے، اور اس کا ذکر صرف اعتبار کے طور پر کرنا حلال ہے۔**

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[4] **میں فرماتے ہیں:** "كان رجل سوء، كذابا". **یہ برا شخص تھا، کذاب تھا۔**

---

[1] المعرفة والتاريخ:٥٧/٣،ت:أكرم ضياء العمري،مكتبة الدار ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

[2] الضعفاء والمتروكين للنسائي:ص:١٨٥،رقم:٢٤٧،ت:محمد إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[3] المجروحين:٣٣٣/١،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[4] قبول الأخبار ومعرفة الرجال:٣٧٣/٢،رقم:٩٨٥،ت:أبي عمرو الحسيني بن عمر،دارالكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

حافظ یزید بن ہارون رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”لا يحل لأحد أن يروي عن سليمان بن عمرو النَخَعِي الكوفي“[1]. کسی کے لئے بھی حلال نہیں کہ وہ سلیمان بن عمرو نَخَعِی کوفی سے روایت کرے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ ”الكامل“[2] میں فرماتے ہیں: ”وسليمان بن عمرو اجتمعوا على أنه يضع الحديث“. اور سلیمان کے بارے میں ائمہ کا اجماع ہے کہ وہ حدیثیں گھڑتا تھا۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ ”الضعفاء والمتروكون“[3] میں فرماتے ہیں: ”كذاب، رماه أحمد بن حنبل بالكذب“. یہ کذاب ہے، احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اسے کذب کی طرف منسوب کیا ہے۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ ”الأسامي والكنى“[4] میں فرماتے ہیں: ”متروك الحديث“.

حافظ احمد بن صالح رحمۃ اللہ علیہ ایک روایت کے تحت فرماتے ہیں: ”معلى هذا أحد السبعة الكذابين الذين يضعون الحديث بالكوفة، منهم: معلى،

---

[1] الكامل في الضعفاء: ٢٢٠/٤، رقم: ٧٣٣، ت: عادل أحمد عبدالموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] الكامل في الضعفاء: ٢٢٨/٤، رقم: ٧٣٣، ت: عادل أحمد عبدالموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] الضعفاء والمتروكون: ص: ٤٠٩، رقم: ٦١٤، ت: موفق بن عبد الله بن عبد القادر، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[4] الأسامي والكنى: ١٩٧/٣، رقم: ٢٣١٠، ت: أبي عمر محمد بن علي الأزهري، الفاروق الحديثية ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٣٦هـ.

وأبو داود سليمان بن عمرو النَخَعِي"[1]. یہ معلی اُن سات جھوٹوں میں سے ہے جو کوفہ میں حدیث گھڑتے ہیں، ان میں سے معلی ہے، اور ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[2] میں فرماتے ہیں: "روى عن أهل المدينة وأهل الشام عن الأئمة الثقات أحاديث موضوعة، كذبه أحمد وغيره، ولست أشك في وضعه الحديث على ما ذكر من تقشفه وكثرة عبادته". یہ مدینہ اور شام کے ثقہ ائمہ کے انتساب سے من گھڑت حدیثیں نقل کرتا تھا، اسے احمد رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے علاوہ نے کذاب کہا ہے، اور مجھے اس کے حدیثیں گھڑنے میں ذرا سا بھی شک نہیں ہے، باوجودیکہ اس کے بارے میں تنگ حال رہنا اور کثرت سے عبادت کرنے کا ذکر کیا جاتا ہے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے موقع پر فرماتے ہیں: "كذاب، يضع الحديث، يروي عن جماعة من التابعين، ويقال له: أبو داود النَخَعِي"[3]. یہ جھوٹا ہے، حدیث گھڑتا ہے، تابعین کی ایک جماعت سے روایت کرتا ہے، اور اسے ابو داؤد نَخَعِی کہا جاتا ہے۔

حافظ عثمان بن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان حفص بن غياث لا يقطع

---

[1] الأسامي والكنى:۱۹۷/۳،رقم:۲۳۱۰،ت:أبي عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثية ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳٦هـ.

[2] المدخل إلى الصحيح:ص:۱٤۲،رقم:۷۰،ت:ربيع بن هادي عمير المدخلي،مؤسسة الرسالة ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۰٤هـ.

[3] سؤالات السجزي للحاكم:۹۸/۱،رقم:٦۹،ت:موفق بن عبد الله بن عبد القادر،دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰۸هـ.

على أحد بالكذب إلا على أبي داود النَخَعِي"[1]. حفص بن غیاث کسی کو قطعی طور پر جھوٹا نہیں کہتے تھے سوائے ابو داود نَخَعِی کے۔

حافظ ابن عبد البر رحمۃ اللہ علیہ "الاستغناء"[2] میں فرماتے ہیں: "هو عندهم كذاب يضع الحديث، كذبه يحيى وأحمد وقتيبة وشريك وإسحاق، وتابعهم سائر أهل العلم بالحديث وتركوا حديثه". یہ ائمہ کے نزدیک کذاب ہے، حدیثیں گھڑتا ہے، اسے یحیی رحمۃ اللہ علیہ، احمد رحمۃ اللہ علیہ، قتیبہ رحمۃ اللہ علیہ شریک رحمۃ اللہ علیہ اور اسحاق رحمۃ اللہ علیہ نے جھوٹا قرار دیا ہے، اور دیگر اہل علم نے ان کی اتباع کی ہے، اور انہوں نے اس کی حدیث کو ترک کر دیا ہے۔

حافظ عبد الحق اشبیلی رحمۃ اللہ علیہ "الأحكام الوسطى"[3] میں فرماتے ہیں: "أجمعوا على أن أبا داود بن عمرو كان يضع الحديث". اس بات پر اجماع ہے کہ ابو داؤد بن عمرو حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الأباطيل والمناكير"[4] میں ایک حدیث کے

---

[1] معرفة الرجال عن يحيي بن معين: ۲/۲٤٥، رقم: ۸٤۳، ت: محمد كامل القصار، مجمع اللغة العربية ـ دمشق، الطبعة ١٤٠٥هـ.

[2] الإستغناء في معرفة المشهورين: ۱/٦۰۷، رقم: ٦۷۳، ت: عبد الله مرحول السوالمة، دار ابن تيمية ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[3] الأحكام الوسطى: ۳/۱۳٤، ت: حمدي السلفي وصبحي السامرائي، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] الأباطيل والمناكير: ۱/٤، رقم: ۳، ت: عبد الرحمن عبد الجبار الفريوائي، المطبعة السلفية ـ الهند، الطبعة الأولى ١٤٠٣هـ.

حافظ جوزقانی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "منهم: محمد بن السائب الكلبي، وعمرو بن عبيد المعتزلي، ووهب بن وهب القاضي، ومحمد بن سعيد الشامي المصلوب في الزندقة، وأبو داود سليمان بن عمرو النَخَعِي، وإسحاق بن نجيح المَلَطِي، وأحمد بن الحسن بن أبان المصري، وغياث بن إبراهيم النَخَعِي، والمغيرة بن سعيد الكوفي، وأحمد بن عبد الله الجُوَيْبَارِي، ومأمون بن أحمد الهروي السلمي، ومحمد بن عكاشة الكِرْمَانِي، ومحمد

تحت چند کذاب اور وضاع راویوں کو ذکر کیا ہے، جن میں ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی بھی موجود ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "میزان الاعتدال"[1] میں فرماتے ہیں: "سليمان بن عمرو، أبو داود النَخَعِي الكذاب". سلیمان بن عمرو، ابو داؤد نَخَعِی کذاب ہے۔

علامہ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكشف الحثيث"[2] میں سلیمان بن عمرو کو "کذاب" کہہ کر امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ شریک رحمۃ اللہ علیہ کے اقوال ذکر کئے ہیں۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان الميزان"[3] میں فرماتے ہیں: "الكلام فيه لا يحصر، فقد كذبه ونسبه إلى الوضع من المتقدمين والمتأخرين ممن نقل كلامهم في الجرح أو ألفوا فيه فوق الثلاثين نفسا". میں (ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں کہ اس پر کئے گئے کلام کا شمار کرنا ممکن نہیں، چنانچہ اس کو جھوٹا قرار دینے والے، اور وضع حدیث کی جانب منسوب کرنے والے متقدمین اور متاخرین میں سے تیس سے زائد ایسے افراد ہیں جن کا کلام جرح میں نقل کیا گیا

بن القاسم الطَايْكَانِي، وغيرهم، ممن يطول ذكرهم في هذا الموضع، فهؤلاء كلهم كذابون وضاعون، لا يجوز قبول خبرهم، ولا الاحتجاج بحديثهم، ويجب على الحفاظ بيان أمورهم، وإظهار أحوالهم وأديانهم، وليترك حديثهم، ولا يكون ذلك غيبة".

[1] ميزان الاعتدال: ٢١٦/٢، رقم: ٣٤٩٥، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] الكشف الحثيث: ص: ١٣٠، رقم: ٣٣١، ت: صبحي السامرائي، مكتبة النهضة العربية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ.

[3] لسان الميزان: ١٦٦/٤، رقم: ٣٦٣٣، ت: عبد الفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

جاتا ہے یا انہوں نے فن جرح پر کوئی تالیف کی ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزیہ الشریعۃ"[1] میں ابو داؤد سلیمان بن عمرو نَخَعِی کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کر کے حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

روایت بطریق سلیمان بن عمرو کوفی کا حکم

حافظ زیلعی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو ذکر کر کے اس کے ضعف شدید کی طرف اشارہ کیا ہے۔

نیز سند میں موجود راوی سلیمان بن عمرو کو درج ذیل ائمہ رجال نے بڑا جھوٹا، اکذب الناس اور حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے:

[1] الدراية في تخريج أحاديث الهداية: ۲۸۰/۱، ت:عبد الله هاشم اليماني المدني، دار المعرفة ـ بيروت .

[2] الصواعق المحرقة: ۵۳٤/۲، ت:عبد الرحمن بن عبد الله التركي، دار الوطن ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۷ھ۔

فصار هؤلاء لجهلهم يتخذونه موسما، وأولئك لرفضهم يتخذونه مأتما، وكلاهما مخطئ مخالف للسنة، كذا ذكر ذلك جميعه بعض الحفاظ، وقد صرح الحاكم بأن الاكتحال يومه بدعة مع روايته خبر: إن من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم ترمد عينه أبدا، لكنه قال: إنه منكر، ومن ثم أورده ابن الجوزي في الموضوعات من طريق الحاكم"۔

اور یہ جو کہا گیا ہے کہ جو شخص اس دن سرمہ لگائے گا اس سال اس کی آنکھ نہیں دکھے گی، اور جو شخص غسل کرے گا وہ بیمار نہیں ہوگا، اور جو شخص اپنے عیال پر وسعت کرے گا اللہ تعالیٰ پورا سال اس پر وسعت فرمائیں گے، اور اس جیسی اشیاء، جیسے: اس دن میں نماز پڑھنا، اور اس دن حضرت آدم علیہ السلام کا توبہ کرنا، اور کشتی کا جودی پہاڑ پر ٹھہرنا، اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کا آگ سے نجات پانا، اور مینڈھے کا فدیہ کے طور پر ذبح ہونا، اور حضرت یوسف علیہ السلام کو حضرت یعقوب علیہ السلام پر واپس لوٹانا، یہ سب من گھڑت ہیں، سوائے عیال پر وسعت والی حدیث کے، لیکن اس کی سند میں ایسا راوی ہے جس کے بارے میں کلام کیا گیا ہے۔

سو یہ لوگ اپنی جہالت کی وجہ سے اسے تہوار کے طور پر مناتے ہیں، اور وہ اپنے رفض کی وجہ سے اسے ماتم کے طور پر مناتے ہیں، اور یہ دونوں خطاء کرنے والے سنت کی مخالفت کرنے والے ہیں، اسی طرح یہ سب بعض حفاظ نے ذکر کیا ہے، اور حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ اس دن سرمہ لگانا بدعت ہے، اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے ایک خبر روایت کی ہے کہ جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، لیکن انہوں نے اسے منکر

کہا ہے، اور اسی وجہ سے اس روایت کو ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے من گھڑت روایات میں لے کر آئے ہیں۔

علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے "الآثار المرفوعة"[1] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ امام

---

[1] الآثار المرفوعة:ص:۹۷،ت:محمد السعيد بن بيسيوني زغلول،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "ومن الأحاديث الواردة في يوم عاشوراء، أحاديث فضل الاكتحال فيه: وهي لا تخلو من ضعف شديد، بل هي موضوعة، وأحاديث التوسعة على العيال: وقد حكم عليها ابن الجوزي وابن تيمية في منهاج السنة وغيرهما ممن حذى حذوهما بالوضع، وقد تعقب كثير من المحققين قولهم، وأثبتوا أنها حسنة، قابلة للاحتجاج والعمل بها، ومع ذلك فهو مجرب أيضا.

فأخرج الحاكم في مستدركه، ومن طريقه ابن الجوزي بسنده إلى جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس، مرفوعا: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبدا، قال الحاكم: أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر، انتهى، وفي ميزان الاعتدال: جويبر بن سعيد أبو القاسم الأزدي المفسر البلخي، صاحب الضحاك، قال ابن معين: ليس بشيء، وقال الجوزقاني: لا يشتغل به، وقال النسائي والدارقطني وغيرهما: متروك الحديث، قلت: له عن أنس شيء، روى عنه: حماد بن زيد، وابن المبارك، ويزيد بن هارون، وطائفة أبو مالك، عن جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس مرفوعا، قال: تجب الصلاة على الغلام إذا عقل، والصوم إذا أطاقه، ويروي عن جويبر، عن الضحاك، عن ابن عباس، حديث: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم يرمد أبد، قال أبو قدامة السرخسي: قال يحيى القطان: تساهلوا في أخذ التفسير عن القوم لا توثقوهم في الحديث، ثم ذكر ليث بن أبي سليم، وجويبر، والضحاك، ومحمد بن السائب، وقال: هؤلاء لا يحمد حديثهم، ويكتب التفسير عنهم، انتهى.

وأخرج البيهقي حديث الكحل من طريق الحاكم، وقال: سنده ضعيف بمرة، وكذلك رواه بشر بن حمدان بن بشر النيسابوري، عن عمه الحسين بن بشر، ولم أر ذلك في رواية غيره عن جويبر، وجويبر ضعيف، والضحاك لم يلق ابن عباس، انتهى.

وأخرجه ابن النجار في تاريخه من حديث أبي هريرة بلفظ: من اكتحل يوم عاشوراء بإثمد فيه مسك عوفي من الرمد، وفي سنده إسماعيل بن معمر، قال الذهبي في الميزان: ليس ثقة، انتهى، وقال ابن عراق في تنزيه الشريعة: وجاء في حديث سلمان رأيت بخط العلامة أبي الفتح المراغي، منسوبا إلى تخريج الحافظ السلفي، وفي سنده محمد بن عبد الرحمن ضعيف، وفي الجزء المسمى بالغنى عن الحافظ والكتاب بقولهم لم يصح شيء في هذا الباب [كذا في الأصل] للحافظ أبي حفص بن بدر الموصلي، ما نصه: الاكتحال يوم عاشوراء لم يرد فيه شيء عن النبي، وهو بدعة ابتدعها قتلة الحسين، انتهى، وفي بعض كتب الحنفية ما نصه: يكره الكحل يوم عاشوراء، لأن يزيد او ابن زياد اكتحل بدم الحسين، وقيل بالأثمد لتقر عينه بقتله الحسين، انتهى كلام ابن عراق.

حاکم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

وفي الصواعق المحرقة في الرد على أهل البدع والزندقة لابن حجر المكي: اعلم أن ما أصيب به الحسين رضي الله عنه في يوم عاشوراء، إنما هو الشهادة الدالة على مزيد خطوبه ورفعته ودرجته عند الله، وإلحاقه بدرجات أهل بيته، فمن ذكر ذلك اليوم مصابه لم ينبغ أن يشتغل إلا بالاسترجاع، امتثالا للأمر وإحرازا لما رتبه تعالى عليه بقوله: "أولئك عليهم صلوات من ربهم ورحمة وأولئك هم المهتدون"، ولا يشتغل ذلك اليوم إلا بذلك، ونحوه من عظائم الطاعات: كالصوم وإياه ثم إياه أن يشتغل ببدع الرافضة، ونحوهم من الندب والنياحة والحزن، إذ ليس ذلك من أخلاق المؤمنين، وإلا لكان يوم وفاته أولى بذلك وأحرى، أو ببدع الناصبة المتعصبين على أهل البيت، أو الجهال المقابلين الفاسد بالفاسد، والبدعة بالبدعة، والشر بالشر، من إظهار غاية الفرح والسرور، واتخاذه عيدا وإظهار الزينة فيه: كالخضاب، والاكتحال، ولبس جديد الثياب، وتوسيع النفقات، وطبخ الأطعمة، والحبوب، الخارجة من العادات، واعتقادهم أن ذلك من السنة، والمعتاد والسنة ترك ذلك كله، فإنه لم يرد في ذلك شيء يعتمد عليه، ولا أثر صحيح يرجع إليه، وقد سئل بعض أئمة الحديث والفقه عن الكحل، والغسل، والحناء، وطبخ الحبوب، ولبس الجديد، وإظهار السرور يوم عاشوراء، فقال: لم يرد فيه حديث صحيح، ولا استحبه أحد من أئمة المسلمين، لا من الأربعة، ولا من غيرهم، ولم يرد في الكتب المعتمدة في ذلك صحيح ولا ضعيف، وما قيل: من أن من اكتحل يومه لم يرمد ذلك العام، ومن اغتسل لم يمرض كذلك، ومن وسع على عياله فيه وسع الله عليه سائر السنة، وأمثال ذلك: من فضل الصلاة فيه، وإنه كان فيه توبة آدم، واستواء السفينة على الجودي، وإنجاء إبراهيم من النار، وإفداء الذبيح من الكبش، ورد يوسف على يعقوب، فكل ذلك موضوع، إلا حديث التوسعة على العيال، لكن في سنده من تكلم فيه، فصار هؤلاء لجهلهم يتخذونه موسما، وأولئك لرفضهم يتخذونه مأتما، وكلاهما مخطئ مخالف للسنة، كذا ذكر جميعه بعض الحفاظ، وقد صرح الحاكم بأن الاكتحال يومه بدعة مع روايته خبر: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم ترمد عينه أبدا، لكنه قال: إنه منكر، ومن ثم أورده ابن الجوزي في الموضوعات من طريق الحاكم، ونقل المجد اللغوي، عن الحاكم، إن سائر الأحاديث في فضله غير الصوم، وفضل الصلاة فيه، والإنفاق، والخصاب، والادهان، والاكتحال، وطبخ الحبوب، كله موضوع ومفترى، وبذلك صرح ابن القيم أيضا فقال: حديث الاكتحال، والادهان، والتطيب يوم عاشوراء من وضع الكذابين، والكلام فيمن خص يوم عاشوراء بالكحل، انتهى كلام ابن حجر، هذا كله كان كلاما على أحاديث الكحل، ونحوه".

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ "تذكرة الموضوعات"[۱] میں زیر بحث روایت ذکر کرکے لکھتے ہیں:

"قال الحاكم: منكر، قلت: بل موضوع كما قال ابن الجوزي، قال المذنب: وكذا قال الصغاني". حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ منکر ہے، میں کہتا ہوں: بلکہ من گھڑت ہے جیساکہ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے، (علامہ) پٹنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اور اسی طرح صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ "رد المحتار"[۲] میں فرماتے ہیں:

"وحديث الاكتحال هو ما رواه البيهقي وضعفه: من اكتحل بالإثمد يوم عاشوراء لم ير رمدا أبدا، ورواه ابن الجوزي في الموضوعات: من اكتحل يوم عاشوراء لم ترمد عينه تلك السنة، فتح.

قلت: ومناسبة ذكر هذا هنا أن صاحب الهداية استدل على عدم كراهة الاكتحال للصائم، بأنه عليه الصلاة والسلام قد ندب إليه يوم عاشوراء وإلى الصوم فيه.

قال في النهر: وتعقبه ابن العز بأنه لم يصح عنه صلى الله عليه وسلم في يوم عاشوراء غير صومه، وإنما الروافض لما

---

[۱] تذكرة الموضوعات: ص:۱۱۸، إحياء التراث العربي - بيروت، الطبعة الثانية ۱۳۹۹هـ.

[۲] رد المحتار: ۳۹۸/۳، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار عالم الكتب - الرياض، الطبعة ۱٤۲۳هـ.

ابتدعوا إقامة المأتم وإظهار الحزن يوم عاشوراء لكون الحسين قتل فيه، ابتدع جهلة أهل السنة إظهار السرور، واتخاذ الحبوب والأطعمة والاكتحال، ورووا أحاديث موضوعة في الاكتحال، وفي التوسعة فيه على العيال اهـ . وهو مردود بأن أحاديث الاكتحال فيه ضعيفة لا موضوعة، كيف وقد خرجها في الفتح ثم قال: فهذه عدة طرق، إن لم يحتج بواحد منها فالمجموع يحتج به لتعدد الطرق. وأما حديث التوسعة: فرواه الثقات، وقد أفرده ابن القرافي في جزء خرجه فيه اهـ ما في النهر.

وهو مأخوذ من الحواشي السعدية، لكنه زاد عليها ما ذكره في أحاديث الاكتحال، وما ذكره عن الفتح، وفيه نظر، فإنه في الفتح ذكر أحاديث الاكتحال للصائم من طرق متعددة، بعضها مقيد بعاشوراء، وهو ما قدمناه عنه، وبعضها مطلق، فمراده الاحتجاج بمجموع أحاديث الاكتحال للصائم، ولا يلزم منه الاحتجاج بحديث الاكتحال يوم عاشوراء.

كيف، وقد جزم بوضعه الحافظ السخاوي في المقاصد الحسنة، وتبعه غيره منهم مثلا: علي القاري في كتاب الموضوعات، ونقل السيوطي في الدرر المنتثرة عن الحاكم: أنه منكر، وقال الجراحي في كشف الخفاء ومزيل الإلباس: قال الحاكم أيضا: الاكتحال يوم عاشوراء لم يرد عن النبي صلى الله عليه وسلم فيه أثر، وهو بدعة، نعم حديث التوسعة ثابت صحيح، كما قال الحافظ السيوطي في الدرر“.

اور سرمہ لگانے کے متعلق حدیث کو بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کرکے اسے ضعیف قرار دیا ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی، اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے موضوعات میں روایت کیا ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس سال اس کی آنکھ نہیں دکھے گی، فتح۔

میں (علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: اور اس مقام کی مناسبت سے صاحبِ ہدایہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث سے روزہ دار کے لئے سرمہ کے لگانے کے مکروہ نہ ہونے پر استدلال کیا ہے، اس لئے کہ آپ علیہ السلام نے اسے اس دن مندوب قرار دیا ہے، اور اس میں روزہ کو بھی مندوب قرار دیا ہے۔

"نہر" میں (ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ نے) کہا ہے: اور اس پر ابن عز رحمۃ اللہ علیہ نے تعاقب کیا ہے کہ دس محرم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے روازہ کے علاوہ کوئی چیز بھی صحیح نہیں ہے، اور جب سے روافض نے دس محرم کے دن ماتم قائم کیا اور غم کا اظہار کیا حسین رضی اللہ عنہ کے اس دن میں شہید ہونے کی وجہ سے، تو اہل سنت کے جاہل لوگوں نے اظہار خوشی، دانے اور کھانے بنانے، سرمہ لگانے کی بدعت اختیار کرلی، اور سرمہ کے متعلق اور اس دن میں گھر والوں پر وسعت کے بارے میں من گھڑت روایات کو بیان کرنا شروع کردیا اھ۔ (ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ مردود ہے، اس لئے کہ سرمہ والی روایات ضعیف ہیں، من گھڑت نہیں ہیں، یہ کیسے ہو سکتا ہے جبکہ ان احادیث کو (علامہ ابن ہمام رحمۃ اللہ علیہ نے) "فتح" میں تخریج کیا ہے پھر فرمایا: یہ چند طرق ہیں، اگر ان میں سے کسی ایک سے احتجاج نہیں کرسکتے تو تعدد طرق کی وجہ سے مجموعہ سے احتجاج کیا جاسکتا ہے، (ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ اپنے کلام کو جاری رکھتے ہوئے فرماتے ہیں) اور بہر حال وسعت والی حدیث: اسے ثقہ راویوں نے

روایت کیا ہے، اور ابن قرافی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مستقل جزء میں اس کی تخریج کی ہے اھ مافی النہر۔

اور یہ (نہر کی عبارت) ماخوذ ہے "حواشی السعدیہ" سے، لیکن اس میں انہوں (یعنی ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ) نے مذکورہ سرمہ والی احادیث، نیز "فتح" سے ذکر کی گئی عبارت کا اضافہ کیا ہے، (علامہ ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اور اس میں نظر ہے، اس لئے کہ "فتح" میں روازہ دار سے متعلق سرمہ والی احادیث متعدد طرق سے ذکر کی گئی ہے، جن میں بعض دس محرم کے ساتھ مقید ہیں، اور اس سے پہلے ہم اسے بیان کر چکے ہیں، اور بعض مطلق ہیں، سو ان کی مراد روزہ دار سے متعلق سرمہ والی احادیث کے مجموعہ سے احتجاج کرنا ہے، اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ دس محرم کے دن سرمہ سے متعلق احادیث سے احتجاج ہو رہا ہے۔

یہ کیسے ہو سکتا ہے جبکہ حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے "مقاصد الحسنہ" میں ان کے من گھڑت ہونے پر جزم اختیار کیا ہے، اور اس کے علاوہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "کتاب الموضوعات" میں ان کی اتباع کی ہے، اور سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "درر المنتثرہ" میں حاکم رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کیا ہے کہ یہ منکر ہے، اور جراحی رحمۃ اللہ علیہ نے "کشف الخفاء ومزیل الالباس" میں کہا ہے کہ حاکم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: دس محرم کے دن سرمہ لگانے سے متعلق نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی اثر منقول نہیں ہے، یہ بدعت ہے، ہاں البتہ وسعت والی حدیث ثابت ہے صحیح ہے، جیسا کہ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "درر" میں کہا ہے۔

علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ "المداوي"[1] میں یہ حدیث ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"المصنف ملوم على إيراد هذا الحديث الموضوع في الكتاب الذي صانه عما انفرد به الوضاعون والكذابون كجويبر راوي هذا الحديث، وفي هذا الموضع كان يحق للشارح الانتقاد على المصنف فيكون مصيبا في كلامه، ولكن الله تعالى يصرفه عن الصواب".

مصنف (یعنی علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ) اس من گھڑت روایت کو اپنی کتاب میں لانے کی وجہ سے ملامت کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنی اس کتاب کو محفوظ رکھا تھا اُن راویتوں سے جن میں وضاع اور کذاب متفرد ہوں، جیسے جویبر اس حدیث کا راوی ہے، اور اس موقع پر شارح (یعنی علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ) کا حق تھا کہ وہ مصنف پر تنقید کرتے، سو وہ اپنی تنقید میں بجا بھی ہوتے، لیکن اللہ تعالی نے اسے درستگی سے پھیر دیا۔

سند میں موجود راوی ابو القاسم جویبر بن سعید ازدی بلخی مفسر (المتوفی مابین ۱۴۰ – ۱۵۰ھ[2]) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عبيدة، وجويبر، وابن سالم،

---

[1] المداوي:٦/٢٠٧،رقم:٨٥٠٦،دار الكتبي ـ القاهرة،الطبعة الأولى١٩٩٦ء .

[2] امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاريخ الصغير" میں جویبر بن سعید کو ان افراد میں ذکر کیا ہے جن کا انتقال ۱۴۰ اور ۱۵۰ھ کے درمیان ہوا ہے(التاريخ الصغير:٢/٥٤،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ).

وجابر الجعفي، قريب بعضهم من بعض، ويراهم يحيى ضعفاء"[1].
عبیدہ، جویبر، ابن سالم اور جابر جعفی، ان میں سے بعض بعض کے قریب ہیں، (حافظ عباس دوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اور یحیی رحمۃ اللہ علیہ ان سب کو ضعیف سمجھتے تھے۔

نیز حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "جويبر ليس بشيء"[2]. جویبر "لیس بشیء" ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ "التاريخ الكبير"[3]، "التاريخ الصغير"[4] اور "الضعفاء الصغير"[5]. میں فرماتے ہیں کہ مجھ سے علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یحیی بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كنت أعرف جويبرا بحديثين، يعني ثم أخرج هذه الأحاديث بعد، فضعفه". میں جویبر کو دو حدیثوں سے پہچانتا ہوں، یعنی پھر اس کے بعد یحیی رحمۃ اللہ علیہ نے اِن احادیث کی تخریج کی، (اور پھر انھوں نے) جویبر کی تضعیف کی۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "جويبر ما كان عن الضحاك فهو على ذاك أيسر، وما كان يسند عن النبي صلى الله عليه وسلم فهي منكرة"[6].
جویبر جو ضحاک سے نقل کرے اس کا معاملہ آسان ہے، اور جسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرے تو وہ منکر ہے۔

---

[1] تاريخ يحيى بن معين برواية الدوري: ٤٠٧/١،رقم: ٢٧٦٤،ت:عبد الله أحمد حسن،دار القلم ـ بيروت .
[2] تاريخ يحيى بن معين برواية الدوري: ٢٠٦/١،رقم:١٣٤٣،ت:عبد الله أحمد حسن،دار القلم ـ بيروت .
[3] التاريخ الكبير: ٢٣٦/٢،رقم:٢٣٨٣،ت:مصطفى عبد القادر،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ .
[4] التاريخ الصغير: ١٠٠/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ .
[5] الضعفاء الصغير:ص: ٣١،رقم:٥٨،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ .
[6] الجرح التعديل: ٥٤١/٢،رقم: ٢٢٤٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧١هـ .

حافظ یحیی قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "تساهلوا في أخذ التفسير عن قوم، لا يوثقونهم في الحديث، ثم ذكر ليث بن أبي سليم وجويبر، والضحاك، ومحمد بن السائب، وقال: هؤلاء لا يحمد حديثهم، ويكتب التفسير عنهم"[1].

یہ لوگ تفسیر لینے کے معاملہ میں تساہل کرتے ہیں، حدیث کے معاملہ میں ان کی توثیق نہیں کرتے، پھر لیث بن ابی سلیم، جویبر، ضحاک اور محمد بن سائب کا ذکر کیا، اور فرمایا: یہ لوگ حدیث میں محمود نہیں ہیں، اور ان سے تفسیر لکھی جائے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "أحوال الرجال"[2] میں جویبر بن سعید، عبیدہ بن مُعتّب اور کلبی کے بارے میں امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "سمعت من حدثني عن ابن حنبل، أنه قال: لا يشتغل بحديثهم". میں نے اس شخص سے سنا جس نے مجھے ابن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے واسطہ سے بتایا: وہ (احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں کہ ان کی حدیث میں مشغول نہ ہوں۔

علامہ عبد اللہ بن علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وسألته يعني أباه عن جويبر بن سعيد؟ فضعفه جدا، قال: وسمعت أبي، يقول: جويبر

---

[1] ميزان الاعتدال: ۳۹۱/۱، رقم: ۱۵۱۷، ت: محمد رضوان عرقسوسي، الرسالة العالمية ـ دمشق، الطبعة الأولى ۱٤۳۰ھـ.

[2] أحوال الرجال: ص: ٦٩، رقم: ٤٠، ت: عبد العليم عبد العظيم البستوى، حديث أكادمي ـ فيصل آباد ـ باكستان، الطبعة الأولى ١٤١١ھـ.

أكثر على الضحاك، روى عنه أشياء مناكير"[1]. میں نے اپنے والد علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ سے جویبر کے بارے میں پوچھا؟ تو انھوں نے جویبر کو شدید ضعیف قرار دیا، نیز میں نے اپنے والد کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ جویبر ضحاک سے کثرت سے نقل کرتا ہے، یہ ضحاک سے منکر خبریں نقل کرتا ہے۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے جویبر بلخی کو "ليس بالقوي" کہا ہے[2]۔

حافظ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ياسين بن معاذ، وعباد بن كثير، وجويبر، لا يحتج بحديثهم"[3]. یاسین بن معاذ، عباد بن کثیر اور جویبر، ان سب کی حدیث سے احتجاج نہ کیا جائے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "يروي عن الضحاك أشياء مقلوبة"[4]. ضحاک سے مقلوب اشیاء روایت کرتا ہے۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ "الأسامي"[5] میں فرماتے ہیں: "ذاهب الحديث".

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[6] میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث".

---

[1] تاريخ بغداد:۱۸۱/۸،رقم:۳٦۹٥،ت:بشار عواد معروف،دار الغرب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۲۲هـ.

[2] الجرح التعديل:٥٤۱/۲،رقم:۲۲٤٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱۳۷۱هـ.

[3] سؤالات البرذعي:ص:٤۹٥،رقم:۱۰٥۷،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثة ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳۰هـ.

[4] المجروحين: ۲۱۷/۱،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ۱٤۱۲هـ.

[5] الأسامي والكنى: ۷٥/۱،رقم:۲۳،ت:أبو عمر محمد بن علي الأزهري،الفاروق الحديثة ـ القاهرة،الطبعة الأولى ۱٤۳٦هـ.

[6] الضعفاء والمتروكين:ص:۷۳،رقم:۱۰٦،ت:بوران الضناوي وكمال يوسف الحوت،مؤسسة الكتب الثقافية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۰٥هـ.

نیز امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسری جگہ پر فرماتے ہیں: "ليس بثقة"[1].

حافظ ابو القاسم عبد اللہ بن احمد بلخی رحمۃ اللہ علیہ "قبول الأخبار"[2] میں فرماتے ہیں: "جويبر ليس بشيء".

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "والضعف على حديثه ورواياته بين"[3]. اس کی حدیث اور اس کی روایات میں ضعف واضح ہے۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء والمتروكون"[4] میں جویبر کو "متروك" کہا ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ جویبر کے بارے میں لکھتے ہیں: "أنا أبرأ إلى الله من عهدة جويبر"[5]. میں جویبر کے ذمہ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے جویبر کے متعلق "الكاشف"[6] میں "تركوه، ق"، "ديوان"[7] میں "متروك الحديث، ق"، "المقتنى"[8] میں "تالف"

---

[1] تهذيب الكمال: ۱۷۰/۵، رقم: ۹۸۵، ت: بشار عواد معروف، مؤسسة الرسالة- بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰۵هـ.

[2] قبول الأخبار ومعرفة الرجال: ۱۹۱/۲، رقم: ۲۸۹، ت: أبي عمرو الحسيني بن عمر، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۱هـ.

[3] الكامل في ضعفاء الرجال: ۳٤۱/۲، رقم: ۳۲۹، ت: عادل أحمد وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية - بيروت.

[4] الضعفاء والمتروكون: ص: ۱۷۱، رقم: ۱٤۷، ت: موفق بن عبد الله، مكتبة المعارف - الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۰٤هـ.

[5] كتاب الموضوعات: ۲۰٤/۲، ت: عبد الرحمن محمد عثمان، المكتبة السلفية - المدينة المنورة، الطبعة الأولى ۱۳۸٦هـ.

[6] الكاشف: ۲۹۸/۱، رقم: ۸۲٦، ت: محمد عوامة و أحمد محمد نمر الخطيب، مؤسسة علوم القرآن - جدة.

[7] ديوان الضعفاء: ص: ٦۸، رقم: ۷۹۹، ت: حماد بن محمد الانصاري، مكتبة النهضة الحديثة - المكة المكرمة، الطبعة ۱۳۸۷هـ.

[8] المقتنى في سرد الكنى: ۵۲/۱، رقم: ۲۲، ت: محمد صالح عبد العزيز المراد، المجلس العلمي - المدينة المنورة، الطبعة ۱٤۰۸هـ.

اور "العلو"[1] میں "واہ" کہا ہے۔

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ نے "الترجیح"[2] میں ایک روایت کے تحت جویبر بن سعید کو "متروك" قرار دیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "تقريب التهذيب"[3] میں "ضعيف جدا"، "العجاب"[4] میں "واہ" اور "الأمالي المطلقة"[5] میں "أحد المتروكين" کہا ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزيه الشريعه"[6] میں جویبر بن سعید کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کرکے فرماتے ہیں: "صاحب الضحاك، متروك، واتهمه ابن الجوزي، قلت: رأيت بخط الحافظ ابن حجر في فوائد متفرقة على ظهر تلخيص الموضوعات لابن درباس، ما نصه: جويبر والضحاك وإن كانا مجروحين، لم يتهما بكذب، والله أعلم".

یہ صاحبِ ضحاک ہے، متروک ہے، اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے متہم کہا ہے، میں (علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: میں نے ابن درباس رحمۃ اللہ علیہ کی

---

[1] العلو للعلي الغفار:ص:۱۱۳،رقم:۳۰۳،ت:أبو محمد أشرف بن عبد المقصود،مكتبة أضواء السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱٦ھ۔

[2] الترجيح لحديث صلاة التسبيح:ص:۳۵،ت:محمود سعيد ممدوح،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الثانية ۱٤۰۹ھ۔

[3] تقريب التهذيب:ص:۱٤۳،رقم:۹۸۷، ت:محمد عوامه،دار الرشيد ـ حلب،الطبعة الثالثة ۱٤۱۱ھ۔

[4] العجاب في بيان الأسباب: ۲۱۱/۱،ت:عبد الحكيم محمد الأنيس،دار ابن الجوزي ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱٤۱۸ھ۔

[5] الأمالي المطلقة:ص: ٦۱،ت:حمدي بن عبد المجيد السلفي،المكتب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱٦ھ۔

[6] تنزيه الشريعة: ٤٦/۱،رقم: ٤۱،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف و عبد الله محمد الصديق الغماري،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ۱٤۰۱ھ۔

"تلخیص الموضوعات" کی پشت پر موجود حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ کی تحریر کے متفرق فوائد میں دیکھا ہے، جس کی عبارت یہ ہے: جویبر اور ضحاک پر اگرچہ جرح کی گئی ہے، لیکن یہ دونوں جھوٹ بولنے میں متہم نہیں ہیں، واللہ اعلم۔

روایت بطریق جویبر بن سعید ازدی بلخی کا حکم

اس روایت کو حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ، حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس سند سے من گھڑت قرار دیا ہے، اور قطع نظر کسی خاص سند کے اسے حافظ صغانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی من گھڑت کہا ہے، لہذا اس روایت کو اس سند سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت بطریق اسماعیل بن معمر

حافظ کمال الدین ابن العدیم رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۶۰ھ) "بغیة الطلب"[1] میں اسماعیل بن معمر بصری کے ترجمہ میں تخریج کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"أنبأنا الفقيه أبو الحسن علي بن المفضل بن عبد الله المقدسي، قال: أخبرنا أبو محمد عبد الله بن عبد الرحمن العثماني، قال: أخبرنا أبو بكر محمد بن عثمان بن عطاء بن أبي بكر بن خداداد النَّشَوِي الصوفي إجازة، قال: أخبرنا أبو محمد هبة الله بن أحمد بن عبد الله بن علي البغدادي، قال: أخبرنا القاضي الفقيه أبو

[1] بغية الطلب في تاريخ حلب: ص: ١٨٢٧، ت: سهيل زكار، دار الفكر ـ بيروت.

المظفر عبد الجليل بن عبد الجبار المروزي، قال: أخبرنا أبو عبد الله الحسين بن إبراهيم بن مند، قال: حدثنا محمد بن إبراهيم، قال: حدثنا عمر بن محمد، قال: حدثنا حفص بن عمر، قال: حدثنا سعيد بن عمرو، قال: حدثنا محمد بن عبد الله السلمي، قال: حدثنا إسماعيل بن معمر البصري بطرسوس، قال: حدثنا محمد بن القاسم الحبطي، قال: حدثنا محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من اكتحل بكحل فيه مسك عاشوراء لم ترمد عينه سائر سنته".

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دس محرم کے دن ایسا سرمہ لگایا جس میں مشک ملی ہوئی ہو تو پورا سال اس کی آنکھ نہیں دکھے گی۔

یہی روایت امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[1] میں حافظ ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ کے انتساب سے ذکر کی ہے، اور دونوں سندیں سند میں موجود راوی اسماعیل بن معمر پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن العدیم رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن العدیم رحمۃ اللہ علیہ "بغية الطلب"[2] میں روایت کو تخریج کرنے کے

---

[1] اللآلئ المصنوعة:۹٤/۲،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[2] بغية الطلب في تاريخ حلب:ص:۱۸۲۷،ت:سهيل زكار،دار الفكر ـ بيروت.

بعد فرماتے ہیں: ”هذا حديث موضوع، وفي إسناده غير واحد من المجهولين“.
یہ حدیث من گھڑت ہے، اور اس کی سند میں ایک سے زیادہ مجہول راوی ہیں۔

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ”اللآلئ المصنوعة“[1] میں روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ”إسماعيل بن معمر، قال في الميزان: ليس بثقة، والله أعلم“. اس میں اسماعیل بن معمر ہے، ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ”میزان“ میں کہا ہے کہ ثقہ نہیں ہے، واللہ اعلم۔

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ ”الفوائد المجموعة“[2] میں فرماتے ہیں:

”ورواه ابن النجار في تاريخه من حديث أبي هريرة، وفي إسناده: إسماعيل بن معمر بن قيس، قال في الميزان: ليس بثقة“. اور ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے، اور اس کی سند میں اسماعیل بن معمر بن قیس ہے، ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے ”میزان“ میں کہا ہے کہ لیس بثقہ ہے۔

علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ ”الآثار المرفوعة“[3] میں فرماتے ہیں: ”وأخرجه

---

[1] اللآلئ المصنوعة: ۹۴/۲، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۷هـ.

[2] الفوائد المجموعة: ص: ۹۸، رقم: ۳٦، ت: عبد الرحمن بن يحيى المعلمي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ۱٤۱٦هـ.

[3] الآثار المرفوعة: ص: ۹۸، ت: محمد السعيد بن بسيوني زغلول، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰٥هـ.

ابن النجار في تاريخه من حديث أبي هريرة، بلفظ: من اكتحل يوم عاشوراء بإثمد، فيه مسك، عوفي من الرمد، وفي سنده إسماعيل بن معمر، قال الذهبي في الميزان: ليس ثقة، انتهى".

اور ابن نجار رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ ان لفظوں سے تخریج کی ہے: جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا، جس میں مشک ملی ہوئی ہو، تو وہ آنکھ کے درد سے محفوظ ہو جائے گا، اور اس کی سند میں اسماعیل بن معمر ہے، ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان" میں کہا ہے کہ ثقہ نہیں ہے، انتہی۔

سند میں موجود راوی اسماعیل بن معمر بن قیس بصری کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[1] میں فرماتے ہیں: "عن رجل، عن مجالد، ليس بثقة، والخبر ليس يصح". یہ رجل عن مجالد کی سند سے حدیث نقل کرتا ہے، یہ لیس بثقہ ہے، اور اس کی خبر صحیح نہیں ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان الميزان"[2] میں، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[3] میں، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[4] میں اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد المجموعة"[5] میں حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] ميزان الاعتدال: ٢٥١/١، رقم: ٩٥٦، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] لسان الميزان: ١٧٧/٢، رقم: ١٢٤٨، ت: عبد الفتاح أبو غده، دار البشار الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[3] اللآلئ المصنوعة: ٩٤/٢، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[4] تنزيه الشريعة: ١٥٧/٢، رقم: ٣٢، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف وعبدالله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[5] الفوائد المجموعة: ص: ١٣٢، ت: رضوان جامع رضوان، نزار مصطفى الباز ـ الرياض.

کے قول کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[1] میں فرماتے ہیں: "عن رجل، عن مجالد، متهم". یہ رجل عن مجالد کی سند سے حدیث نقل کرتا ہے، یہ متہم ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ ہی "ذيل ديوان الضعفاء"[2] میں لکھتے ہیں: "حدثنا [كذا في الأصل] محمد بن عبد الله، عن مجالد، متهم". یہ محمد بن عبد اللہ عن مجالد کی سند سے حدیث نقل کرتا ہے، یہ متہم ہے۔

روایت بطریق اسماعیل بن معمر کا حکم

زیرِ بحث روایت کو اس سند سے حافظ ابن عدیم رحمۃ اللہ علیہ نے من گھڑت کہا ہے، اور سند میں موجود راوی اسماعیل بن معمر کو حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "لیس بثقہ" قرار دیا ہے، اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن

---

[1] المغني في الضعفاء: ١٣٣/١، رقم: ٧٢٣، ت: أبي الزهراء حازم القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[2] ذيل ديوان الضعفاء: ص: ٢٤، رقم: ٧٠، ت: حماد بن محمد الانصاري، مكتبة النهضة الحديثة ـ المكة المكرمة.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل بن معمر کی جس حدیث کی جانب اشارہ کیا ہے، اسے حافظ ابو القاسم تمام بن محمد نے "فوائد" میں ان الفاظ سے تخریج کیا ہے: "حدثنا أبو الحسن خيثمة بن سليمان إملاء، ثنا أحمد بن إبراهيم بن فيل البَالِسِي، ثنا إسماعيل بن معمر، ثنا محمد بن عبد الله الدَغْشِي وكان من أهل الكوفة، ثنا مجالد بن سعيد الهمداني، عن عامر، عن مسروق، عن عبد الله بن مسعود، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: القرآن كلام الله عز وجل، قال: سمعت الأعشى يقول: قال مجالد: قال عامر: قال مسروق: قال عبد الله: فمن قال غير ذا، فقد كفر بالله" (الفوائد: ١٣٢/١، رقم: ٣٠٢، ت: حمدي بن عبد المجيد السلفي، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

یہی روایت حافظ ابن بطہ رحمۃ اللہ علیہ نے "الإبانة" میں اور حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ بغداد" میں تخریج کی ہے، تمام سندیں اس اسماعیل بن معمر پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

(الإبانة عن شريعة الفرقة الناجية: ٢٤٠/٥، رقم: ١٧، دار الراية ـ الرياض، الطبعة الثانية ١٤١٨هـ).

(تاريخ بغداد: ٣٧٨/١، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٥هـ).

عراق رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے، چنانچہ اس سند سے بھی اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

③ روایت بطریق ابوطالب عُشَارِی

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "الموضوعات"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"فمن الأحاديث التي وضعوا: حدثنا أبو الفضل محمد بن ناصر من لفظه وكتابه مرتين، قال: أنبأنا أحمد بن الحسين بن قريش، أنبأنا أبو طالب محمد بن علي بن الفتح العُشَارِي، وقرأت على أبي القاسم الحريري، عن أبي طالب العُشَارِي، حدثنا أبو بكر أحمد بن منصور البرسري [كذا في الأصل، والصحيح: النُوْشَرِي] ، حدثنا أبو بكر أحمد بن سلمان النجاد، حدثنا إبراهيم الحربي، حدثنا سريح [كذا في الأصل، والصحيح: سريج] بن النعمان، حدثنا ابن أبي الزناد، عن أبيه، عن الأعرج، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن الله عز وجل افترض على بني إسرائيل صوم يوم في السنة يوم عاشوراء، وهو اليوم العاشر من المحرم .... ومن اكتحل يوم عاشوراء لم ترمد عينيه تلك السنة كلها... ".

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل نے بنی اسرائیل پر سال میں ایک روزہ عاشورہ کے دن فرض کیا تھا، اور

---

[1] الموضوعات: ۱۹۹/۲ ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية۔المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

وہ (عاشورہ) دس محرم کا دن ہے،۔۔۔ اور جس نے دس محرم کے دن سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ پورا سال نہیں دکھے گی۔۔۔"۔

یہی روایت حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ نے "التوسعة على العيال"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے تخریج کی ہے۔

روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی کا حکم

زیرِ بحث روایت کو حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ[2]، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ[3]، حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ[4]، اور حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ[5] نے ابو طالب عُشَارِی کے طریق سے من گھڑت قرار دیا ہے، نیز حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ[6]، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ[7]، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ[8]، اور علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے[9]، اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ[10] نے

---

[1] التوسعة على العيال:رقم:٨،مخطوط من الشاملة .

[2] الموضوعات:٢٠١/٢،ت:عبد الرحمن محمد عثمان،المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة،الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

[3] ميزان الاعتدال:٦٥٦/٣،رقم:٧٩٧٩،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[4] مجموع فتاوى:٥١٣/٤،ت:عبد الرحمن بن محمد بن قاسم،مجمع الملك فهد ـ المدينة،الطبعة ١٤٢٥هـ.

[5] انظر مجموع فيه رسائل للحافظ ابن ناصر الدين: ص:١٠٠،ت:أبي عبد الله مشعل بن باني الجبرين،دار ابن حزم ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[6] التوسعة على العيال:رقم:٨،مخطوط من الشاملة .

[7] اللآلئ المصنوعة:٩٣/٢،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة دار الكتب العليمة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[8] تنزيه الشريعة:١٥١/٢،رقم:١٧،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف،عبد الله محمد الصديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[9] الآثار المرفوعة:ص:٩٧،ت:أبو هاجر محمد السعيد بن بيسيوني زغلول،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[10] لسان الميزان:٣٧٧/٧،رقم:٧٢١١،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے، علامہ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ[1] فرماتے ہیں: یقینی بات ہے کہ اس متن کی اسناد گھڑی ہوئی ہے۔

الحاصل اس روایت کو اس طریق سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

اہم نوٹ: روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی کے بارے میں تفصیلی طور پر ائمہ کے اقوال ''عاشورہ'' کی ایک دوسری من گھڑت حدیث کے تحت آرہے ہیں، اس لئے اس مقام پر خلاف معمول ان اقوال کو اختصار سے نقل کر دیا ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ ما قبل تفصیل میں دیکھ چکے ہیں کہ زیر بحث روایت کو مختلف سندوں سے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن عدیم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ، حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر ہیتمی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے من گھڑت قرار دیا ہے، نیز حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے، اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے، اور قطع نظر کسی خاص سند کے اسے حافظ صغانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن رجب حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی

---

[1] المقاصد الحسنة:ص:٤٦٢، رقم:١٠٨٣،ت:عبد الله محمد الصديق وعبد اللطيف حسن،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٧هـ.

من گھڑت کہا ہے، لہذا اسے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ درج ذیل روایت کی تحقیق آگے آرہی ہے:

روایت: ”جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت موسی علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت داوٗد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسی علیہ السلام اور نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشوراء کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے“۔

روایت نمبر ⑩

روایت: جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام حضرت داؤد علیہ السلام حضرت سلیمان علیہ السلام حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشورہ کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے۔

حکم: باطل، من گھڑت

یہ روایت چار طرق سے منقول ہے:

① روایت بطریق حبیب بن ابی حبیب خَرَطِی ② روایت بطریق موسی بن عبد الرحمن ③ روایت بطریق ابو الصباح عبد الغفور ④ روایت بطریق ابو طالب عُشَارِی۔

① روایت بطریق حبیب بن ابی حبیب

یہ روایت فقیہ ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے ”تنبیہ الغافلین“[1] میں ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

”قال الفقيه أبو الليث السمرقندي رحمه الله تعالى: حدثنا

---

[1] تنبيه الغافلين: ص: ۳۳۱، رقم: ٤٧٥، ت: يوسف علي بدوي، دار ابن كثير ـ بيروت، الطبعة الثالثة ١٤٢١هـ.

الحاكم أبو الحسن علي بن الحسين السَرْدَرِي، حدثنا أبو جعفر أحمد بن حاتم، حدثنا يعقوب بن جندب، عن حامد بن آدم، عن حبيب بن محمد، عن أبيه، عن إبراهيم الصائغ، عن ميمون بن مهران، عن عبد الله بن عباس رضي الله تعالى عنهما، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من صام يوم عاشوراء من المحرم أعطاه الله تعالى ثواب عشرة آلاف ملك،[ومئة شهيد]، ومن صام يوم عاشوراء من المحرم أعطي ثواب عشرة آلاف حاج ومعتمر، وعشرة آلاف شهيد، ومن مسح يده على رأس يتيم يوم عاشوراء رفع الله تعالى له بكل شعرة درجة، ومن فطر مؤمنا ليلة عاشوراء فكأنما أفطر عنده جميع أمة محمد عليه الصلاة والسلام، وأشبع بطونهم.

قالوا: يا رسول الله! لقد فضل الله يوم عاشوراء على سائر الأيام؟ قال: نعم، خلق الله تعالى السموات والأرضين يوم عاشوراء، وخلق الجبال يوم عاشوراء، وخلق النجوم يوم عاشوراء، وخلق اللوح والقلم يوم عاشوراء، وخلق آدم يوم عاشوراء، وخلق حواء يوم عاشوراء، وخلق الجنة وأدخله الجنة يوم عاشوراء، وولد إبراهيم يوم عاشوراء، ونجاه الله من النار يوم عاشوراء، وقد أمر بالذبح يوم عاشوراء، وفدى ولده من الذبح يوم عاشوراء، وأغرق فرعون يوم عاشوراء، وكشف البلاء عن أيوب يوم عاشوراء، وتاب الله على آدم يوم عاشوراء، وغفر ذنب داود يوم عاشوراء، ورد ملك سليمان يوم عاشوراء، وولد عيسى في يوم عاشوراء، ورفع الله عيسى في يوم

عاشوراء، وولد النبي صلى الله عليه وسلم في يوم عاشوراء، ويوم القيامة في يوم عاشوراء".

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے یوم عاشورہ (دس محرم) کا روزہ رکھا اسے دس ہزار فرشتوں [اور سو شہیدوں کی عبادت] کے برابر ثواب ملے گا، جس نے یوم عاشورہ کا روزہ رکھا اسے دس ہزار حج و عمرہ اور دس ہزار شہیدوں کے برابر ثواب عطا ہو گا، جس نے یوم عاشورہ کو کسی یتیم بچے کے سر پر محبت و شفقت سے ہاتھ پھیرا سر کے ہر بال کے عوض اللہ اس کا ایک درجہ بلند فرمائے گا، جس نے یوم عاشورہ کی شام کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا اور اسے کھانا کھلایا اس نے گویا پوری امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا روزہ افطار کرایا، اور اسے پیٹ بھر کر کھانا کھلایا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یوم عاشورہ (دس محرم) کو تمام دنوں پر فضیلت حاصل ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں، اللہ نے زمین و آسمان پیدا کئے تو عاشورہ کا دن تھا، عاشورہ کے دن پہاڑ پیدا کئے، عاشورہ کے دن ستارے پیدا کئے، لوح و قلم عاشورہ کے دن بنائے، حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت حواء علیہا السلام عاشورہ کے روز پیدا کئے گئے، اور جنت کو عاشورہ کے دن پیدا کر کے انہیں جنت میں عاشورہ کے روز داخل کیا گیا، حضرت ابراہیم علیہ السلام عاشورہ کے دن پیدا ہوئے، عاشورہ کے دن اللہ نے انہیں آگ سے نجات دلائی، انہیں بیٹے کی قربانی کا حکم عاشورہ کے روز دیا گیا، بیٹے کے بدلے قربان کرنے کے لئے دنبہ عاشورہ کے دن نازل کیا گیا، عاشورہ کے روز فرعون دریائے نیل میں غرق ہوا، حضرت ایوب علیہ السلام کی آزمائش (بیماری) عاشورہ کو ختم ہوئی، عاشورہ کے

دن اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی، حضرت داوٗد علیہ السلام کی لغزش عاشورہ کے روز معاف ہوئی، عاشورہ کے روز حضرت سلیمان علیہ السلام کو سلطنت ملی، حضرت عیسی علیہ السلام عاشورہ کے دن پیدا ہوئے، عاشورہ کے روز ہی حضرت عیسی علیہ السلام کو آسمان کی طرف اٹھالیا گیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت بھی عاشورہ کے روز ہوئی اور قیامت بھی عاشورہ کے دن ہی واقع ہوگی۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے "المجروحین"[1] میں، امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "فضائل الأوقات"[2] میں، حافظ عبد بن احمد المعروف ابن سماک ہروی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے "فوائد"[3] میں، حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے "أربع مجالس"[4] میں اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "الموضوعات"[5] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی حبیب بن ابی حبیب خَرَطِی پر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ: "تنبیہ الغافلین، فضائل الاوقات، الجزء من فوائد حدیث ابی ذر، اربع مجالس للخطیب اور موضوعات لابن الجوزی" کی اسناد میں حبیب اور ابراہیم

---

[1] المجروحين: ٢٦٥/١،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] فضائل الأوقات:ص:٤٣٩،رقم:٢٣٧،ت:عدنان عبد الرحمن مجيد القيسي،مكتبة المنارة ـ مكة المكرمة،الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

[3] الجزء من فوائد حديث أبي ذر الهروي: ٧١/١،رقم:٨،ت:أبي الحسن سمير بن حسين،مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[4] أربع مجالس للخطيب البغدادي: ٤٥/١،مخطوط من الشاملة .

[5] الموضوعات:ص:٤٤٩،رقم:١١٤١،دار ابن حزم ـ بيروت الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

صائغ کے درمیان حبیب کے والد کا اضافہ ہے، جبکہ "مجروحین" کی ایک سند اور "کتاب الموضوعات" میں یہ اضافہ موجود نہیں ہے۔

نیز "تنبیہ الغافلین" میں روایت کے الفاظ "من صام یوم عاشوراء کتب اللہ لہ بھا عبادۃ ستین سنۃ" نہیں ہیں، بلکہ یہ الفاظ "فضائل الاوقات، الجزء من فوائد حدیث ابی ذر، اربع مجالس للخطیب اور موضوعات لابن الجوزی" میں ہیں، البتہ "مجروحین" میں "ستین کے بجائے سبعین" کے الفاظ ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحین"[1] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "ومنهما من يدخل بين حبيب وبين إبراهيم أباه". بعض لوگوں نے حبیب اور ابراہیم کے درمیان حبیب کے والد کا اضافہ کیا ہے۔

اس کے بعد متصلاً حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ حبیب بن ابی حبیب کی ایک دوسری روایت لاکر فرماتے ہیں: "هذا كله باطل، لا أصل له". یہ سب باطل ہے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذکرۃ الحفاظ"[2] میں اسے نقل کر کے لکھا ہے: "وحبيب هذا يضع الحديث". یہ حبیب حدیث گھڑتا تھا۔

---

[1] المجروحين: ١/٢٦٦، ت:محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] تذكرة الحفاظ: ص: ٣٣٧، رقم: ٨٥١ ت: حمدي عبد المجيد، دار الصميعي ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ "فضائل الأوقات"[1] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں:

"هذا حديث منكر، وإسناده ضعيف بمرة، وأنا أبرأ إلى الله من عهدته، وفي متنه ما لا يستقيم، وهو ما روي فيه من خلق السماوات والأرضين والجبال، كلها في يوم عاشوراء، والله تعالى يقول: "الله الذي خلق السموات والأرض في ستة أيام ثم استوى على العرش"، ومن المحال أن تكون السنة كلها في يوم عاشوراء، فدل ذلك على ضعف هذا الخبر، والله أعلم".

یہ حدیث منکر ہے، اور اس کی سند ضعیف بمرہ ہے، اور میں اس کے ذمہ سے اللہ کے یہاں بری ہونے کا اعلان کرتا ہوں، اور اس کے متن میں وہ کچھ ہے جو مستقیم نہیں ہے، اور وہ یہ ہے کہ زمین وآسمان اور پہاڑ تمام کے تمام عاشورہ کے دن پیدا کئے گئے ہیں، حالانکہ اللہ تعالی فرماتے ہیں: تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے سب آسمان اور زمین کو چھ روز میں پیدا کیا، پھر عرش پر قائم ہوا، اور یہ ناممکن بات ہے کہ تمام سال عاشورہ کے دن میں ہو، یہ چیز اس حدیث کے ضعف پر دلالت کرتی ہے، واللہ اعلم۔

---

[1] فضائل الأوقات: ص: ٤٤٢، رقم: ٢٣٧، ت: عدنان عبد الرحمن مجيد القيسي، مكتبة المنارة ـ مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤١٠هـ.

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "الموضوعات"[۱] میں تخریج روایت کے بعد لکھتے ہیں: "هذا حديث موضوع بلا شك، قال أحمد بن حنبل: كان حبيب بن [أبي] حبيب يكذب، وقال ابن عدي: كان يضع الحديث، وفي الرواة من يدخل بين حبيب وبين إبراهيم أباه، وقال أبو حاتم بن حبان: هذا حديث باطل، لا أصل له، قال: وكان حبيب من أهل مرو، يضع الحديث على الثقات، لا يحل كتب حديثه إلا على سبيل القدح فيه".

اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ حدیث من گھڑت ہے، احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حبیب بن ابی حبیب جھوٹ بولتا ہے، اور ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث گھڑتا تھا[۲]، بعض راویوں نے حبیب اور ابراہیم کے درمیان ان کے والد کا اضافہ کیا ہے، اور ابو حاتم ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث باطل ہے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے اور مزید فرماتے ہیں: حبیب مرو کا رہنے والا تھا، ثقات پر حدیث گھڑتا تھا، اس کی روایت کو اس پر جرح کے علاوہ لکھنا حلال نہیں ہے۔

---

[۱] الموضوعات:ص:٤٤٩،رقم:١١٤١،دار ابن حزم ـ بيروت الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

[۲] امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کا قول تلاش کے باوجود نہیں مل سکا، اور حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول بھی "الکامل" میں نہیں ملا، البتہ حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ قول "الکامل" میں ایک دوسرے راوی ابو محمد حبیب بن رزیق حنفی مصری، کاتبِ مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں ہے، حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حبيب بن أبي حبيب، وهو حبيب بن رزيق الحنفي، مصري، يكنى أبا محمد، كاتب مالك بن أنس، يضع الحديث"(الكامل:٣٢٤/٣،رقم:٥٣١،ت:عادل أحمد عبد الموجود و علي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت).

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "تلخیص الموضوعات"[۱] میں، حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[۲] میں اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزیه الشریعة"[۳] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ "مجموع الفتاوی"[۴] میں لکھتے ہیں:

"وروو‌ا فضائل في صلاة يوم عاشوراء، ورووا أن في يوم عاشوراء توبة آدم، واستواء السفينة على الجودي، ورد يوسف على يعقوب، وإنجاء إبراهيم من النار، وفداء الذبيح بالكبش، ونحو ذلك، ورووا في حديث موضوع مكذوب على النبي صلى الله عليه وسلم أنه من وسع على أهله يوم عاشوراء وسع الله عليه سائر السنة، ورواية هذا كله عن النبي صلى الله عليه وسلم كذب".

اور وہ روایت کرتے ہیں یوم عاشوراء کی نماز کے فضائل، اور وہ نقل کرتے ہیں کہ یوم عاشورہ میں حضرت آدم علیہ السلام نے توبہ کی، نیز کشتی عاشورہ کو جودی پہاڑ پر ٹھہری، اور یعقوب علیہ السلام کے پاس یوسف علیہ السلام کی واپسی، اور ابراہیم علیہ السلام کی آگ سے

---

[۱] تلخيص الموضوعات:ص:۲۰۷،رقم:۵۰۳،ت:أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد،مكتبة الرشد ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[۲] اللآلئ المصنوعة:۹۲/۲،ت:أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة دار الكتب العليمة ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[۳] تنزيه الشريعة:۱٤٩/۲،رقم:١٦،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف،عبد الله محمد الصديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[۴] مجموع فتاوى:۳۰۰/۲۵،ت:عبد الرحمن بن محمد بن قاسم،مجمع الملك فهد ـ المدينة، الطبعة ١٤٢٥هـ.

خلاصی، اور اسمعیل علیہ السلام کی جگہ مینڈھے کی قربانی، اور اس طرح کی دوسری باتیں، اور ایک جھوٹی من گھڑت روایت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرتے ہیں کہ جس نے عاشوراء کے دن اپنے گھر والوں پر خرچ کرنے میں وسعت کی اللہ اس پر سارا سال وسعت کرتا ہے، ان تمام چیزوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرنا جھوٹ ہے۔

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ "جامع الآثار"[1] میں فرماتے ہیں:

"وقيل: ولد يوم عاشوراء، والخبر به موضوع جاء والله أعلم من فعل حبيب بن أبي حبيب الخَرْطَطِي المروزي، ورواه عن إبراهيم الصائغ، عن ميمون بن مهران، عن ابن عباس مرفوعا".

اور کہا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم دس محرم کے دن پیدا ہوئے، اور یہ خبر من گھڑت ہے، یہ خبر حبیب بن ابی حبیب خَرْطَطِی مروزی کی طرف سے آئی ہے، واللہ اعلم، اور اس نے اسے عن ابراہیم عن الصائغ، عن میمون بن مہران، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ "المنار المنيف"[2] میں اس روایت کے

[1] جامع الآثار في السير و مولد المختار: ٤٩٥/٢،ت:أبو يعقوب نشأت كمال،دار الفلاح ـ الفيوم،الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.
[2] المنار المنيف:ص:٤٧،رقم:٤٤،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتب المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٣٩٠هـ.

بارے میں فرماتے ہیں: "وهذا باطل، يرويه حبيب بن أبي حبيب عن إبراهيم الصائغ، عن ميمون بن مهران، عن ابن عباس، وحبيب كان يضع الأحاديث". یہ باطل ہے، اسے حبیب بن ابی حبیب نے عن ابراہیم، عن میمون بن مہران، عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے روایت کیا ہے، اور یہ حبیب احادیث گھڑتا تھا۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "الأسرار المرفوعة"[1] میں اور علامہ قاؤقجی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللؤلؤ المرصوع"[2] میں حافظ ابن قیم الجوزیہ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[3] میں حبیب بن ابی حبیب کے ترجمہ میں زیر بحث روایت کے بارے میں کہا ہے: "وذكر حديثا طويلا موضوعا". اور اس نے ایک لمبی من گھڑت حدیث ذکر کی ہے۔

اس کے بعد اختصار کے ساتھ حدیث ذکر کرکے فرمایا ہے: "فانظر إلى هذا الإفك!"[4]. اس جھوٹ کو دیکھو۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ "الزیادات"[5] میں اسے بطریق ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ نقل

---

[1] الأسرار المرفوعة: ٤٢٠، ت: محمد الصباغ، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة ١٣٩١هـ.

[2] اللؤلؤ المرصوع: ١٨٦، رقم: ٥٧٧، ت: فواز أحمد زمرلي، دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[3] ميزان الاعتدال: ٤٥١/١ رقم: ١٦٩٣، ت: علي محمد البجاوي دار المعرفة ـ بيروت.

[4] ميزان الاعتدال: ٤٥٢/١ رقم: ١٦٩٣، ت: علي محمد البجاوي دار المعرفة ـ بيروت.

[5] الزيادات على الموضوعات: ٤٧٠/١، رقم: ٥٧٠، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ”حبيب بن أبي حبيب كان يضع الحديث“. حبیب بن ابی حبیب حدیث گھڑتا تھا۔

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے ”تذكرة الموضوعات“[1] میں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ ”الفوائد المجموعة“[2] میں اس روایت کے متعلق لکھتے ہیں: ”ذكره في اللآلئ مطولا عن ابن عباس مرفوعا، وهو موضوع“. اسے سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے لآلئ میں ایک لمبی حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً ذکر کیا ہے، اور یہ من گھڑت ہے۔

علامہ محمد بن درویش الحوت رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ محمد بن درویش الحوت رحمۃ اللہ علیہ ”أسنى المطالب“[3] میں زیر بحث روایت کے بارے میں لکھتے ہیں: ”باطل، وهذا يرويه حبيب بن أبي حبيب، قال الهيثمي: متروك، كذاب“. یہ باطل ہے، اور اسے حبیب بن ابی حبیب نے روایت کیا ہے، ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ متروک، کذاب ہے۔

---

[1] تذكرة الموضوعات:ص:١١٨،دار إحياء التراث العربي ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٣٩٩هـ.

[2] الفوائدالجموعة:٩٦/١،رقم:٣٣،ت:عبدالرحمن بن يحيي المعلي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة ١٤١٦هـ.

[3] أسنى المطالب:ص:٢٧٣،رقم:١٤١٦،ت:مصطفى عبدالقادر عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

علامہ عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے "الآثار المرفوعة"[1] میں حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام ذکر کرنے کے بعد عاشورہ کے دن چند ثابت شدہ امور کو نقل کیا، پھر فرماتے ہیں:

"وأما هذه الأحاديث الطوال التي ذكر فيها كثير من الوقائع العظيمة الماضية والمستقبلة أنها في يوم عاشوراء، فلا أصل لها، وإن ذكرها كثير من أرباب السلوك والتاريخ في تواليفهم، ومنهم: الفقيه أبو الليث ذكر في تنبيه الغافلين حديثا طويلا في ذلك، وكذا ذكر في بستانه، فلا تغتر بذكر هؤلاء، فإن العبرة في هذا الباب لنقد الرجال، لا لمجرد ذكر الرجال".

بہر حال وہ لمبی حدیث جس میں گزشتہ اور آئندہ زمانے میں دس محرم کے متعلق بڑے بڑے واقعات مذکور ہیں ان کی کوئی اصل نہیں ہے، اگرچہ بہت سے ارباب تصوف و تاریخ نے اپنی تالیفات میں اسے ذکر کیا ہے، ان میں سے ایک فقیہ ابو اللیث رحمۃ اللہ علیہ ہیں جنہوں نے "تنبیہ الغافلین" میں اس بارے میں ایک لمبی حدیث ذکر کی ہے، اور اسی طرح "بستان" میں بھی مذکور ہے، اِن کے ذکر کرنے سے دھوکہ نہیں کھانا چاہئے، اس لئے کہ اس باب میں اعتبار نقد رجال کا ہوتا ہے، محض رجال کے ذکر کا اعتبار نہیں ہوتا۔

---

[1] الآثار المرفوعة: ص: ۹۵، ت: أبو هاجر محمد السعيد بن بيسيوني زغلول، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

سند میں موجود راوی حبیب بن ابی حبیب (ویقال حبیب بن حبیب) خَرَ ططِی مروزی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[1] میں فرماتے ہیں: "كان يضع الحديث على الثقات، لا تحل كتابة حديثه ولا الرواية عنه، إلا على سبيل القدح فيه". یہ ثقہ لوگوں پر حدیثیں گھڑتا تھا، اس کی حدیث کو لکھنا اور اس سے روایت کرنا اس پر جرح کے علاوہ حلال نہیں ہے۔

حافظ سمعانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الأنساب"[2] میں، حافظ سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الكشف الحثيث"[3] میں، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تقريب"[4] میں اور حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے "مغاني الأخيار"[5] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ "المدخل"[6] میں فرماتے ہیں: "حدث بمرو عن إبراهيم الصايغ، وأبي حمزة السكري بأحاديث موضوعة". اس نے مرو مقام پر ابراہیم صائغ اور ابو حمزہ سکری کے انتساب سے من گھڑت احادیث بیان کی ہیں۔

---

[1] المجروحين: ٢٦٥/١، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] الأنساب: ٩٠/٥، رقم: ١٣٦٣، مجلس دائرة المعارف العثمانية ـ حيدر آباد الدكن ـ الهند، الطبعة الاولى ١٣٩٧هـ.

[3] الكشف الحثيث: ص: ٨٩، رقم: ٢٠٧، ت: صبحي السامرائي، مكتبة النهضة العربية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٧هـ.

[4] تقريب التهذيب: ص: ١٥٠، رقم: ١٠٨٨، ت: محمد عوامة، دار الرشيد ـ حلب، الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[5] مغاني الأخيار: ٥١١/٣، رقم: ٩٩، ت: محمد حسن محمد حسن إسماعيل، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٧هـ.

[6] المدخل إلى الصحيح: ص: ١٣١، رقم: ٤٤، ت: ربيع بن هادي عمير المدخلي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

یہ بھی واضح رہے کہ زیرِ بحث مفصل روایت کے بعض مضامین بعض تابعین اوران کے بعد طبقات والوں سے ان کے قول کے طور پر منقول ہیں، یہاں ان سے فی الحال تعرض نہیں کیا جارہا۔

"وحدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، وابن نمير، قالا: حدثنا أبو أسامة، عن أبي عميس، عن قيس بن مسلم، عن طارق بن شهاب، عن أبي موسى رضي الله عنه، قال: كان يوم عاشوراء يوما تعظمه اليهود، وتتخذه عيدا، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: صوموه أنتم"(الصحيح لمسلم:ص:٧٩٦،رقم: ١١٣١،ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

"وحدثنا الحسن بن علي الحلواني، حدثنا ابن أبي مريم، حدثنا يحيى بن أيوب، حدثني إسماعيل بن أمية، أنه سمع أبا غطفان بن طريف المري، يقول: سمعت عبد الله بن عباس رضي الله عنهما، يقول: حين صام رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم عاشوراء وأمر بصيامه، قالوا: يا رسول الله! إنه يوم تعظمه اليهود والنصارى، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فإذا كان العام المقبل إن شاء الله صمنا اليوم التاسع، قال: فلم يأت العام المقبل، حتى توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم"(الصحيح لمسلم:ص:٧٩٧،رقم:١١٣٤، ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

"وحدثنا يحيى بن يحيى التميمي، وقتيبة بن سعيد، جميعا عن حماد، قال يحيى: أخبرنا حماد بن زيد، عن غيلان، عن عبد الله بن معبد الزماني، عن أبي قتادة: رجل أتى النبي صلى الله عليه وسلم... وصيام يوم عاشوراء أحتسب على الله أن يكفر السنة التي قبله"(الصحيح لمسلم:ص:٨١٩ ،رقم:١١٦٢،ت:محمد فواد عبد الباقي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

روایت نمبر (۱۱)

حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔

حکم: شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے۔

یہ روایت دو طریق سے منقول ہے: (۱) ابو نصر محمد بن سائب کلبی کا طریق (۲) موسی بن حجاج سمرقندی کا طریق۔

ابو نصر محمد بن سائب کلبی کا طریق

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ "الھواتف"[1] میں لکھتے ہیں:

"حدثنا عيسى بن عبد الله التميمي، أخبرني فُهَيْر بن زياد الأسدي، عن موسى بن وردان، عن الكلبي وليس بصاحب التفسير، عن الحسن، عن أنس بن مالك، قال: كان رجلا من أصحاب النبي صلى الله عليه و سلم من الأنصار يكنى أبا معلق، وكان تاجرا يتجر بماله ولغيره، يضرب به في الآفاق، وكان يزن بسداد وورع [كذا في الأصل، وفي بعض الطرق: وكان ناسكا ورعا] فخرج مرة، فلقيه لص مقنع في السلاح، فقال: له ضع ما معك فإني قاتلك، قال: ما تريد إلى

---

[1] الهواتف: ٣٩١/٦، رقم: ١٢٢٢٠، ت: فاضل بن خلف الحمادة الرقي، دار اطلس الخضراء ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.

دمي، شأنك بالمال، فقال: أما المال فلي ولست أريد إلا دمك، قال: أما إذا أبيت فذرني أصلي أربع ركعات قال: صل ما بدا لك، قال: فتوضأ ثم صلى أربع ركعات، فكان من دعائه في أخر سجدة أن قال: يا ودود يا ذا العرش المجيد يا فعال لما يريد! أسألك بعزك الذي لايرام وملكك الذي لايضام، وبنورك الذي ملأ أركان عرشك أن تكفيني شر هذا اللص،يا مغيث! أغثني يا مغيث! أغثني، ثلاث مرار.

قال: دعا بها ثلاث مرات، فإذا هو بفارس قد أقبل بيده حربة واضعها بين أذني فرسه، فلما بصر به اللص أقبل نحوه فطعنه فقتله ثم أقبل إليه فقال: قم، قال من أنت بأبي أنت وأمي، فقد أغاثني الله بك اليوم، قال: أنا ملك من أهل السماء الرابعة، دعوت بدعائك الأول فسمعت لأبواب السماء قعقعة، ثم دعوت بدعائك الثاني فسمعت لأهل السماء ضجة، ثم دعوت بدعائك الثالث، فقيل لي: دعاء مكروب، فسألت الله تعالى أن يوليني قتله.

قال أنس رضي الله عنه: فاعلم أنه من توضأ وصلى أربع ركعات ودعا بهذا الدعاء استجيب له مكروبا كان أو غير مكروب".

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک انصاری صحابی تھے جن کی کنیت ابو معلق رضی اللہ عنہ تھی، اور وہ تاجر تھا وہ اپنے اور دوسروں کے مال سے دنیا میں بھر میں پھر کر تجارت کرتا تھا، یہ ابو معلق رضی اللہ عنہ تاجر عبادت گزار پرہیز گار تھا، ایک مرتبہ ابو معلق رضی اللہ عنہ تجارت کی غرض سے سفر میں نکلے اچانک ڈاکو سے آمنا سامنا ہوا جو کہ ہتھیار سے لیس تھا، ڈاکو نے ابو معلق رضی اللہ عنہ سے کہا، جو

کچھ تمہارے پاس ہے اسے رکھ دو، میں تمہیں قتل کرنے والا ہو، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا تمہیں میرے خون سے کیا غرض ہے؟ تمہیں تو مال سے مطلب ہے، ڈاکو نے کہا: جہاں تک مال کا تعلق ہے وہ تو میرا ہے، اور میرا مقصد صرف تمہیں قتل کرنا ہے، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر تم نہیں مانتے تو اتنی مہلت دو کہ میں چار رکعت نماز پڑھ لوں، ڈاکو نے کہا کہ جتنا چاہے پڑھ لے، راوی نے کہا: ابو معلق رضی اللہ عنہ نے وضو کیا اور چار رکعت پڑھی، اور انہوں نے اپنے آخری سجدہ میں یہ دعا پڑھی: ”یا ودود یا ذا العرش المجيد يافعال لمايريد! أسألك بعزك الذي لايرام وملكك الذي لايضام، وبنورك الذي ملأ أركان عرشك أن تكفيني شر هذا اللص يا مغيث أغثني“. یہ دعا انہوں نے تین دفعہ پڑھی۔

اچانک ایک شخص گھڑ سوار نمودار ہوا جس کے ہاتھ میں چھوٹا نیزہ تھا، جو اس شخص نے گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان رکھا ہوا تھا، جب ڈاکو نے اس شخص کو دیکھا تو اس کی طرف لپکا، اس شخص نے نیزے سے ڈاکو پر حملہ کیا اور اس کو قتل کر دیا، پھر ابو معلق رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوا اور ابو معلق رضی اللہ عنہ سے کہا: کھڑے ہو جاؤ، ابو معلق رضی اللہ عنہ نے کہا آپ کون ہیں؟ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، آپ کی وجہ سے اللہ نے میری مدد فرمائی ہے، اس نے کہا کہ میں چوتھے آسمان کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہوں، جب تم نے پہلی دفعہ دعا کی تو میں نے آسمان کے دروازوں کی کڑکڑاہٹ سنی، پھر جب تم نے دوسری مرتبہ پکارا تو میں نے آسمان والوں کی چیخ و پکار سنی، پھر جب تم نے تیسری مرتبہ دعا میں پکارا تو مجھ سے کہا گیا کہ کسی درمند کی پکار ہے، تو میں نے اللہ تعالی سے درخواست کی مجھے اس ڈاکو کے قتل کا اختیار دے دیجئے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ غور سے سنو، جو شخص وضوء کرے، اور چار رکعت نماز پڑھے اور یہ دعا پڑھے، تو اس کی دعا قبول کی جائے گی خواہ وہ تکلیف میں مبتلا ہو یا نہ ہو۔

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ نے "مجابو الدعوۃ"[1] میں بھی یہ روایت تخریج کی ہے۔

حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے یہ روایت حافظ ابو القاسم ابن بشکوال اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے "المستغيثين بالله عند المهمات والحاجات"[2] میں، حافظ ضیاء الدین مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے "الترغيب في الدعاء"[3] اور "كتاب العدة للكرب والشدة"[4] میں اور حافظ ابو القاسم لالکائی رحمۃ اللہ علیہ نے "كرامات أولياء الله"[5] میں تخریج کی ہے[6]۔

یہ روایت حافظ ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "أسد الغابة"[7] میں ابو معلق

---

[1] مجابو الدعوة:٢٤٣/٥،رقم:٩٧٥٨،ت:فاضل بن خلف الحمادة الرقي،دار اطلس الخضراء ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.

[2] المستغيثين بالله:ص:١٠،ت:مانويلا مارين،المجلس الأعلى للأبحاث العلمية .

[3] الترغيب في الدعاء:١٠٤/١،رقم:٦١،ت:فواز أحمد زمرلي دار ابن حزم ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

[4] كتاب العدة للكرب والشدة:٧٢/١،رقم:٣٢،ت:ياسر بن إبراهيم بن محمد،دار المشكاة ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

[5] كرامات أولياء الله:١٦٦/٥،رقم:١١١،ت:أحمد بن سعد بن حمدان الغامدي،دار طيبة ـ السعودية،الطبعة الثانية ١٤١٥هـ.

[6] نیز حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت حافظ ابن الدنیا کی "مجابو الدعوة" کے حوالے سے ذکر کر کے فرماتے ہیں کہ اسے ابو الشیخ اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "كتاب الوظائف" میں روایت کیا ہے، دیکھئے: التوضيح لشرح الجامع:٢٧٣/٢٩،ت:خالد الرباط، دار النوادر ـ دمشق،الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

[7] أسد الغابة:٢٨٩/٦،رقم:٦٢٦٨،ت:علي محمد معوض وعادل أحمد عبد الموجود،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

"أسد الغابة" کی سند ملاحظہ ہو:

انصاری رضی اللہ عنہ کے ترجمہ میں اسی سند سے تخریج کی ہے، لیکن اس میں فرق بھی موجود ہے، جس کا ذکر آگے آئے گا۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تجريد أسماء الصحابة"[1] میں لکھتے ہیں:

"أبو معقل [كذا في الأصل، والصحيح أبو معلق] له حديث عجيب لكن في سنده الكلبي، وليس بثقة وهو في كتاب مجابي الدعوة".

ابو معلق انصاری کی حدیث عجیب ہے، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں تاہم روایت کی سند میں کلبی ہے، جو "لیس بثقہ" ہے، اور یہ حدیث کتاب "مجابی الدعوۃ" میں موجود ہے۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ بظاہر حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں موجود ان کے شیخ عیسی بن عبد اللہ تمیمی کا یہ کہنا ہے کہ سند کا راوی کلبی، صاحب تفسیر نہیں ہے، لیکن حافظ ابن الاثیر رحمۃ اللہ علیہ کی سند میں موجود راوی محمد بن عبد اللہ رقی نے بھی یہی روایت عیسی تمیمی کے شیخ یحیی بن زیاد اسدی جن کا لقب فہیر ہے، سے نقل کی ہے، لیکن ان محمد بن عبد اللہ رقی نے سند کے راوی کلبی کو مطلقاً کلبی کہا ہے، یعنی یہ

"(س): أبو معلق الأنصاري أخبرنا أبو موسى، كتابة، أخبرنا الحسن بن أحمد، أخبرنا الفضل بن محمد بن سعيد أبو النصر المعدل، حدثنا عبد الله بن محمد أبو الشيخ، أخبرنا خالي أبو محمد عبد الرحمن بن محمود بن الفرج، أخبرنا أبو سعيد عمارة بن صفوان، أخبرنا محمد بن عبد الله الرقي، أخبرنا يحيى بن زياد، أخبرنا موسى بن وردان، عن الكلبي، عن أبي صالح، عن أنس بن مالك أن رجلا كان يكنى أبا معلق الأنصاري خرج في سفر من أسفاري... ".

[1] تجريد أسماء الصحابة: ۲۰۴/۲، رقم: ۲۳۴۹، دار المعرفة ـ بيروت.

نہیں کہا کہ یہ کلبی، صاحب تفسیر نہیں ہے، نیز کلبی کے بعد راوی ابو صالح کو بھی ذکر کیا ہے، جو کلبی صاحب تفسیر کا مشہور مروی عنہ راوی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مشہور کلبی صاحب تفسیر شدید مجروح راوی ہے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسے ''کلبی لیس بثقۃ'' کہا ہے۔

الحاصل سند میں موجود کلبی خواہ وہ صاحب تفسیر ہو یا کوئی اور، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ''لیس بثقۃ'' ہے، اس سے معلوم ہوا کہ یہ کلبی ان کے نزدیک شدید ضعیف راوی ہے، نیز ان کے نزدیک یہ ''حدیث عجیب'' بھی ہے، چنانچہ اسے بیان و عمل سے احتراز کرنا چاہیے۔

ضمنی طور پر ذیل میں کلبی صاحب تفسیر اور ان کے شیخ ابو صالح کے احوال ائمہ جرح و تعدیل کے اقوال کی روشنی میں لکھے جا رہے ہیں۔

ابو نضر محمد بن سائب کلبی کوفی (المتوفی ۱۴۶ھ) کے بارے میں ائمہ کے اقوال

حافظ سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ''قال الكلبي: كل شيء أحدث عن أبي صالح فهو كذب''. کلبی نے کہا کہ ہر وہ شے جو میں ابو صالح سے نقل کرتا ہوں وہ جھوٹی ہے[1]۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''الكلبي هذا مذهبه في الدين. ووضوح الكذب فيه أظهر من أن يحتاج إلى الإغراق في وصفه''[2].

[1] الكامل في الضعفاء:۲۷٤/۷،رقم:۱٦۲٦،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ۔بيروت.

[2] المجروحين:۲۵۳/۲،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ۔بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۱۲ھ۔

یہ ہے کلبی کا مذہب، کلبی کی روایات میں جھوٹ اس قدر واضح ہے کہ ان کے احوال کی تفصیل میں جانے کی ضرورت ہی نہیں ہے۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب"[1].

امام یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ليس بشيء، كذاب، ساقط"[2].

حافظ زائدہ رحمۃ اللہ علیہ، امام لیث رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ سلیمان تیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وہ کذاب ہے"[3]۔

حافظ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كذاب، ساقط"[4].

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك"[5].

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "محمد بن السائب الكلبي عن أبي صالح، أحاديثه موضوعة"[6]. محمد بن سائب کلبی، ابو صالح کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وقد حدث عن الكلبي سفيان

---

[1] ميزان الاعتدال:۳/۵۵۹،رقم:۷۵۷٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[2] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،۳/٦۲،رقم:۲۹۹۸،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[3] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،۳/ ٦۲،رقم:۲۹۹۸،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[4] الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي،۳/ ٦۲،رقم:۲۹۹۸،ت:عبدالله قاضي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[5] ميزان الاعتدال:۳/ ۵۵۹،رقم:۷۵۷٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[6] كتاب الضعفاء:ص:۱۳۸،رقم:۲۱۰،ت:فاروق حمادة،دار الثقافة ـ القاهره،الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

وشعبة وجماعة، ورضوه في التفسير، وأما في الحديث فعنده مناكير، وخاصة إذا روى عن أبي صالح، عن ابن عباس".

کلبی سے سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ شعبہ رحمۃ اللہ علیہ اور ائمہ کی ایک جماعت نے روایت نقل کی ہے، یہ حضرات ان کی تفسیر سے راضی رہے ہیں، البتہ احادیث میں ان کے ہاں مناکیر ہیں، خاص کر جب وہ ابی صالح عن ابن عباس رضی اللہ عنہما کے طریق سے روایت نقل کرے[1]۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متهم بالكذب، ورمي بالرفض"[2].

باذام او باذان ابو صالح مولی ام ہانی

علامہ عمرو بن قیس رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان مجاهد ينهى عن تفسير أبي صالح"[3]. مجاہد رحمۃ اللہ علیہ ابو صالح کی تفسیر سے منع فرماتے تھے۔

امام یحیی بن سعید قطان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لم أر أحدا من أصحابنا ترك أبا صالح مولى أم هانئ، وما سمعت أحدا من الناس يقول فيه شيئا، ولم يتركه شعبة ولا زائدة ولا عبد الله بن عثمان"[4].

میں نے اپنے اصحاب میں سے کسی کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے ابو صالح مولی ام ہانی کو ترک کیا ہو، اور نہ میں نے لوگوں میں سے کسی کو کہتے ہوئے سنا کہ اس میں

---

[1] ميزان الاعتدال:٥٥٨/٣،رقم:٧٥٧٤،ت:علي محمد البجاوي،دار المعرفة ـ بيروت .

[2] تقريب التهذيب:ص:٤٧٩، قم:٥٩٠١،ت:محمد عوامة،دار الرشد ـ سوريا،الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

[3] التاريخ الكبير:١٢٨/٢،رقم:١٩٨٨،ت:مصطفى عبد القادر أحمد عطا،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[4] الجرح والتعديل:٤٣٢/٢،رقم:١٧١٦،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

کوئی بات ہے، اور اسے شعبہ، زائدہ اور عبد اللہ بن عثمان نے ترک نہیں کیا۔

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”كان عبد الرحمن ابن مهدي ترك حديث أبي صالح باذام“[1]. عبد الرحمن بن مہدی رحمۃ اللہ علیہ نے ابو صالح باذام کی حدیث کو چھوڑ دیا تھا۔

امام یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”أبو صالح مولى أم هانئ ليس به بأس، فإذا روى عنه الكلبي فليس بشيء، وإذا روى عنه غير الكلبي فليس به بأس...“[2]. ابو صالح مولی ام ہانی ”لیس بہ بأس“ ہے، اگر اس سے کلبی [محمد بن سائب] روایت نقل کرے تو یہ ”لیس بشی“ ہے، البتہ اگر اس سے کلبی کے علاوہ کوئی شخص روایت نقل کرے تو یہ ”لیس بہ بأس“ ہے۔۔۔“۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”أبو صالح باذان صالح الحديث، يكتب حديثه ولا يحتج به“[3]. ابو صالح باذان، صالح الحدیث ہے، ان کی حدیث لکھی تو جائے گی مگر ان سے احتجاج نہیں کیا جائے گا۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے باذام ابو صالح کو ”ليس بثقة“[4] کہا ہے۔

روایت بطریق کلبی کا حکم

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے، اس کی سند میں کلبی ہے، جو ”لیس بثقہ“ ہے، لہذا یہ روایت اس طریق کے ساتھ شدید ضعیف ہے،

---

[1] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[2] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[3] الجرح والتعديل: ٤٣٢/٢، رقم: ١٧١٦، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.
[4] ميزان الاعتدال: ٢٩٦/١، رقم: ١١٢١، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٨٢هـ.

اسے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت بطریق موسی بن حجاج سمرقندی

علامہ عارف باللہ ابو القاسم عبد الکریم بن ہوازن قشیری رحمۃ اللہ علیہ ''الرسالة القشيرية''[1] میں تخریج کرتے ہیں:

''أخبرنا أبو الحسين علي بن محمد بن عبد الله بن بشران ببغداد، قال: حدثنا أبو عمرو عثمان بن أحمد المعروف بابن السماك، قال: حدثنا محمد بن عبد ربه الحضرمي، قال: حدثنا بشر بن عبد الملك، قال: حدثنا موسى بن الحجاج، قال: قال مالك بن دينار حدثنا الحسن، عن أنس بن مالك، قال: كان رجل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم يتجر من بلاد الشام إلى المدينة، ومن المدينة إلى بلاد الشام، ولا يصحب القوافل توكلا منه على الله عز وجل، قال: بينا هو جاء من الشام يريد المدينة إذ عرض له لص على فرس، فصاح بالتاجر قف، فوقف له التاجر، وقال له: شأنك بمالي وخل سبيلي، فقال له اللص: المال مالي، وإنما أريد نفسك، فقال له التاجر: ما ترجو بنفسي شأنك والمال وخل سبيلي، قال فرد عليه اللص مثل المقالة الأولى، فقال له التاجر: أنظرني حتى أتوضأ، وأصلي وأدعو ربي عز وجل، قال: افعل ما بدا لك.

قال: فقام التاجر وتوضأ وصلى أربع ركعات، ثم رفع يديه إلى

[1] الرسالة القشيرية:ص:٤٠٦،ت:عبدالحليم محمود ومحمود بن الشريف،المكتبة التوقيفية ـ القاهرة .

السماء، فكان من دعائه أن قال: يا ودود! يا ودود! يا ذا العرش المجيد! يا مبدئ! يا معيد! يا فعال لما يريد! أسألك بنور وجهك الذي ملأ أركان عرشك، وأسألك بقدرتك التي قدرت بها على خلقك، وبرحمتك التي وسعت كل شيء، لا إله إلا أنت يا مغيث! أغثني ثلاث مرات .

فلما فرغ من دعائه، إذا بفارس على فرس أشهب عليه ثياب خضر بيده حربة من نور، فلما نظر اللص إلى الفارس، ترك التاجر، ومر نحو الفارس، فلما دنا منه، شد الفارس على اللص فطعنه طعنة، أذراه عن فرسه، ثم جاء إلى التاجر، فقال له: قم، فاقتله، فقال له التاجر: من أنت؟ فما قتلت أحدا قط، ولا تطيب نفسي لقتله، قال: فرجع الفارس إلى اللص، فقتله، ثم جاء إلى التاجر وقال: اعلم أني ملك من السماء الثالثة، حين دعوت الأولى سمعنا لأبواب السماء قعقعة، فقلنا أمر حدث، ثم دعوت الثانية، ففتحت أبواب السماء، ولها شرر كشرر النار، ثم دعوت الثالثة، فهبط جبريل عليه السلام علينا من قبل السماء وهو ينادي: من لهذا المكروب؟ فدعوت ربي عز وجل أن يوليني قتله.

واعلم يا عبد الله! أنه من دعا بدعائك هذا في كل كربة وكل شدة وكل نازلة، فرج الله تعالى عنه وأعانه، قال: وجاء التاجر سالما غانما حتى دخل المدينة، وجاء إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فأخبره بالقصة وأخبره بالدعاء، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم:

لقد لقنك الله عز وجل أسماءه الحسنى التي إذا دعي بها أجاب، وإذا سئل بها أعطى"۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک شخص تھا جو شام کے شہر سے مدینہ کی طرف اور مدینہ سے شام کے شہر کی طرف تجارت کیا کرتا تھا، اور اللہ تعالی پر بھروسہ کرتے ہوئے کسی قافلے والوں کے ساتھ نہیں چلا کرتا تھا، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ وہ شام سے مدینہ کی طرف آرہا تھا کہ اچانک ان کو ڈاکو ملا جو گھوڑے پر سوار تھا، اس نے تاجر کو آواز دی کہ رک جاؤ، تاجر ٹھہر گیا اور کہا کہ تمہارا مقصود مال ہے یہ لے لو اور مجھے چھوڑ دو، ڈاکو نے کہا کہ مال تو میرا ہی ہے لیکن میں تمہاری جان لینا چاہتا ہوں، تاجر نے کہا کہ میری جان سے تیری کیا غرض ہے؟ مال لے اور میرا راستہ چھوڑ دے، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ڈاکو نے پھر وہی جواب دیا، تو تاجر نے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دو کہ میں وضو کر کے نماز پڑھ لوں اور اپنے رب سے دعا کر لوں، ڈاکو نے کہا کہ جو تمہارا جی چاہے کر لو۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تاجر اٹھا اور وضو کر کے چار رکعات نماز پڑھی پھر اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر یوں دعا کی: "يا ودود! يا ودود! يا ذا العرش المجيد! يا مبدئ! يا معيد! يا فعال لما يريد! أسألك بنور وجهك الذي ملأ أركان عرشك، وأسألك بقدرتك التي قدرت بها على خلقك، وبرحمتك التي وسعت كل شيء، لا إله إلا أنت يا مغيث! أغثني"۔ اور یہ دعا تین بار کی۔

جب تاجر دعا سے فارغ ہوا تو اچانک ایک شخص سفید گھوڑے پر سوار سبز رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے اور ہاتھ میں نور کا نیزہ لئے ہوئے ظاہر ہوا، جب ڈاکو نے گھڑ سوار کر دیکھا تو تاجر کو چھوڑ کر گھڑ سوار کی جانب بڑھا، جب اس کے قریب پہنچا تو گھڑ سوار نے ڈاکو پر حملہ کر دیا اور ایسا نیزہ مارا کہ اُسے گھوڑے سے نیچے گرا دیا، پھر وہ گھڑ سوار تاجر کے پاس آیا اور کہا کہ اٹھو اور اس ڈاکو کو قتل کر دو، تو تاجر نے کہا کہ آپ کون ہو؟ میں نے کبھی کسی کو قتل نہیں کیا اور میرا دل نہیں چاہتا کہ میں اسے قتل کروں، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ گھڑ سوار ڈاکو کے پاس گیا اور اُسے قتل کر دیا، پھر وہ گھڑ سوار تاجر کی طرف آیا اور کہا کہ جان لو میں تیسرے آسمان کا فرشتہ ہوں، جب آپ نے پہلی بار پکارا تو ہم نے آسمان کے کڑکنے کی آواز سنی تو ہم نے کہا کہ کوئی واقعہ پیش آگیا ہے، پھر آپ نے دوسری بار پکارا تو آسمان کے دروازے کھل گئے اور آسمان آگ کے شعلوں کی طرح بھڑک اٹھا، پھر آپ نے تیسری بار پکارا تو جبرائیل علیہ السلام آسمان سے اتر کر ہمارے پاس آئے اور آواز لگائی کہ کوئی ہے اس مصیبت زدہ کے لئے؟ تو میں نے اپنے رب سے دعا کی کہ اس ڈاکو کے قتل کا اختیار میرے حوالے کر دیں۔

جان لو اے اللہ کے بندے! جو کوئی بھی آپ کی یہ دعا مانگے گا ہر مصیبت اور سختی کے وقت اور ہر تکلیف کے وقت تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکل حل کر دیں گے اور اس کی مدد کریں گے، حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ تاجر صحیح سلامت لوٹ آیا یہاں تک کہ مدینہ میں داخل ہوا، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر سارا قصہ بیان کیا اور دعا کے بارے میں بھی بتایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ

کو اسمائے حسنیٰ تلقین کئے ہیں، ان کے ذریعے سے جب دعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے اور اِن کے ذریعے سے جب سوال کیا جائے تو عطا کیا جاتا ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت حافظ ابو طاہر احمد بن محمد سلفی اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المشیخة البغدادیة"[1] میں اور علامہ جمال الدین یوسف بن احمد بن حسن المعروف ابن المبرد حنبلی رحمۃ اللہ علیہ نے "صب الخمول"[2] میں تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی بشران بن عبد الملک پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

نوٹ: واضح رہے کہ موسیٰ بن حجاج اور ابو الیسر ابراہیم بن احمد موصلی سے نقل کرنے والا راوی بشران بن عبد الملک ہے، بشر بن عبد الملک تصحیف ہے[3]۔

---

[1] الجزء العشرون من المشيخة البغدادية:ص: ٣٣٠،مخطوط .

[2] صب الخمول:ص: ١٢١،ت:نور الدين طالب،دار النوادر ـ لبنان،الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

[3] تصحیف کی دلیل ملاحظہ ہو: "ومحمد بن بشران بن عبد الملك القزاز الموصلي، حدث: عن أبيه، وعن بارح بن أحمد الهروي.روى عنه: أبو الفتح محمد بن الحسين الأزدي، وأبو المفضل الشيباني.

خبرني عبيد الله بن عبد العزيز بن جعفر البرذعي، أنا محمد بن عبد الله بن المطلب الشيباني، حدثني محمد بن بشران الموصلي القزاز، نا أبو بشران بن عبد الملك، نا موسى بن الحجاج أبو عمران السمرقندي، ببيسان، نا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس بن مالك، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من خاف شيئا حذره، ومن رجا شيئا عمل له، ومن أيقن بالخلف جاد بالعطية"(انظر: تلخيص المتشابة في الرسم:٦٩٧/٢،ت:سكينة الشهابي،طلاس للدراسات والترجمة والنشر ـ دمشق،الطبعة الأولى ١٩٨٥ء).

دوسری دلیل: "المشيخة البغدادية "کا حوالہ متن میں گزر چکا ہے، جس میں ابو الیسر ابراہیم بن احمد، بشران بن عبد الملک سے نقل کر رہا ہے، نہ کہ بشر بن عبد الملک، مزید ملاحظہ ہو: "وأبو اليسر إبراهيم بن أحمد بن محمد بن موسى الأنصاري الموصلي، يعرف بابن الجوزي، قدم بغداد حاجا، وحدث عن بشران بن عبد الملك ومحمد بن حمدان الموصليين، ومحمد بن أحمد بن محمد المقدمي، حدث عنه من البغداديين ابن رزقويه،

سند میں موجود راوی موسی بن حجاج سمرقندی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "تلخیص الموضوعات"[1] میں ایک دوسری حدیث کے تحت لکھتے ہیں: "حديث: بسند مظلم، ثنا محمد بن حجاج، عن مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس، رفعه: خلقت الزنابير من رءوس الخيل، وخلقت النحل من رءوس البقر. محمد هالك". اس روایت کی سند مظلم ہے۔۔۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بھڑ گھوڑوں کے سروں سے پیدا کی گئی ہیں، اور شہد کی مکھیاں گائے کے سروں سے پیدا کی گئی ہیں۔ (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ سند میں موجود راوی) محمد "هالك" ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب الموضوعات" میں مذکورہ ضمنی روایت کی سند میں محمد بن حجاج کے بجائے موسی بن حجاج ہے، جو مالک بن دینار سے اس حدیث کو نقل کر رہا ہے، اور بشران بن عبد الملک اس موسی بن حجاج سے نقل کر رہا ہے، بشران بن عبد الملک کا مروی عنہ اور مالک بن دینار سے نقل کرنے والوں میں موسی بن حجاج کا نام تراجم کی کتب میں ملتا ہے، البتہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کی "تلخیص" کی ذکر کردہ یہ عبارت حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی "کتاب الموضوعات" سے ماخوذ ہے، جس میں موسی بن حجاج کی جگہ محمد بن حجاج لکھا ہے، اس لئے درست یہی ہے کہ یہ لفظ موسی بن حجاج ہے نہ کہ محمد بن حجاج، بظاہر یہ محمد بن حجاج

وأبو محمد الحسن بن علي بن أبي اليسر بن أبي صالح الأزرق التنيسي أحد الزهاد"(انظر:الإكمال لابن ماكولا:۲۷۵/۱،الفاروق الحديثية ـ القاهرة).

[1] تلخيص كتاب الموضوعات:ص:٤٦،رقم:٨٧،ت:أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد،مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

تصحیف ہے، الحاصل حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک یہ سند مظلم اور سند میں موجود راوی موسیٰ بن حجاج "ھالك" ہے۔

ذیل میں ہم بعض دیگر شواہد بھی ذکر کریں گے جس میں موسیٰ بن حجاج کے بارے میں دیگر ائمہ کا تعامل بھی واضح ہو جائے گا۔

❶ حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "كتاب الموضوعات"[1] میں ایک روایت ذکر کی ہے جس کا ذکر پہلے بھی گزر چکا ہے، اس کی سند میں موسیٰ بن حجاج موجود ہے، اس کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأكثر رجاله مجهولون". یہ حدیث آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے صحیح نہیں ہے، اور اس کے اکثر راوی مجہول ہیں۔

❷ علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "ذيل اللآلئ" میں موجود ایسی دو من گھڑت روایتوں کو "تنزيه الشريعة" کی فصلِ ثالث میں ذکر کیا ہے جن کی سند میں موسیٰ بن حجاج موجود ہے، اس کے بعد علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ ایک روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

"لم يبين علته، وفيه موسى بن الحجاج السمرقندي، وعنه نصر

---

[1] كتاب الموضوعات: ١٨٨/١، ت: عبد الرحمن محمد عثمان، المكتبة السلفية ـ المدينة المنورة، الطبعة الأولى ١٣٨٦هـ.

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی ذکر کردہ روایت ملاحظہ ہو: "أنبأنا ابن خيرون، قال أنبأنا أبو محمد عبد الله بن أحمد السمرقندي، قال حدثنا عبد العزيز بن أحمد الكتاني، قال حدثنا أبو الحسين عبد الوهاب بن جعفر ابن علي الميداني، قال حدثنا محمد بن عبد الله بن أحمد الربعي، قال حدثنا عمر بن عيسى الأصبهاني، قال حدثنا بشران بن عبد الملك الموصلي، قال حدثنا موسى بن الحجاج، قال حدثنا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس بن مالك، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: خلقت الزنابير من رؤوس الخيل، وخلقت النحل من رؤوس البقر. هذا حديث لا يصح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأكثر رجاله مجهولون".

بن إسماعيل بن النعمان وعن هذا علي بن عامر النهاوندي، ولم أعرفهم". علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس میں کوئی علت بیان نہیں کی، اور سند میں موسی بن حجاج سمرقندی اور دیگر راوی موجود ہیں، جن کو میں نہیں پہچانتا[1]۔

❸ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ دوسری روایت میں فرماتے ہیں: "بيض السيوطي للحكم عليه ولوائح الوضع عليه ظاهرة، وفيه محمد بن عبد الواحد البيع عن عبد الله بن إبراهيم الفامي، عن عبد الله بن إسماعيل بن حماد، عن بشران بن عبد الملك، عن موسى بن الحجاج، ولم أقف لواحد منهم على ترجمة". اس پر سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے حکم کے مقام پر کچھ نہیں کہا، اور اس میں وضع کی علامت ظاہر ہے، اور سند میں موجود راوی موسی بن حجاج سمرقندی اور دیگر راویوں کے ترجمہ پر میں واقف نہیں ہو سکا ہوں[2]۔

---

[1] تنزيه الشريعة: ٣٢٦/٢، رقم: ٢١، ت: عبد اللطيف عبد الوهاب، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.
تنزیہ الشریعہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حديث: إن لله تعالى بحرا من نور، حوله ملائكة من نور على خيل من نور بأيديهم حراب من نور، يسبحون حول ذلك البحر: سبحان ذي الملك والملكوت، سبحان ذي العزة والجبروت، سبحان الحي الذي لا يموت، سبوح قدوس رب الملائكة والروح، فمن قالها في يوم أو شهر أو سنة أو في عمره غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر، ولو كانت ذنوبه مثل زبد البحر أو مثل رمل عالج أو فر من الزحف (مي) من حديث أنس (قلت) لم يبين علته، وفيه موسى بن الحجاج السمرقندي، وعنه نصر بن إسماعيل بن النعمان وعن هذا علي بن عامر النهاوندي، ولم أعرفهم، والله تعالى أعلم".

[2] تنزيه الشريعة: ٢٤٦/١، رقم: ٩، ت: عبد اللطيف عبد الوهاب، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.
"تنزیہ الشریعہ" کی عبارت ملاحظہ ہو: "حديث: عبد الله موسى بن عمران ليلة، حتى أصبح لم يقر فيها ولم يسترح، فلما أصبح داخله من ذلك عجب، فأحب الله أن يريه ذلك، فمر موسى على شاطئ البحر فإذا بضفدع يكلمه من البحر يا موسى بن عمران! أعجبتك عبادة ليلة وأنا على شاطئ البحر منذ أربعمائة عام أسبح الله وأقدسه وأمجده لم آمن أن يهب ريح أو يضرب موج فأقع من هذا البرد على منخري في جهنم، فحقر موسى نفسه وعمله، فقال له بالذي أنطقك ما تسبيحك؟ قال: يا موسى! تسبيحي: سبحان

اہم نوٹ: علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "الزيادات على الموضوعات"[1] میں ایک سند کے تحت موسی بن حجاج سمرقندی کے بارے میں لکھا ہے: "وكان أتى عليه مائة وثلاثة وثلاثون سنة". اوران کی عمر ایک سو تینتیس سال کو پہنچ چکی تھی۔

روایت بطریقِ موسی بن حجاج کا حکم

ماقبل میں آپ جان چکے ہیں کہ موسی بن حجاج کو حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "ہالک" کہا ہے، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے دیگر من گھڑت روایات کے تحت موسی بن حجاج کے بارے میں دوسرے راویوں کے ساتھ عدم معرفت اور جہالت کا قول اختیار کیا ہے، الحاصل اس سند سے بھی اس روایت کو آپ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

من يسبح له في لجج البحار، سبحان من يسبح له في الأرض القفار، سبحان من يسبح له فى رؤس الجبال، سبحان من يسبح له بكل شفة ولسان، ثم قال رسول الله: من سبح به في كل يوم مرة أو في كل شهر مرة أو في كل سنة مرة كتب الله له كمن أعتق ألف نسمة من ولد إسماعيل أو حج ألف حجة مبرورة.(مي) من حديث أنس (قلت) بيض السيوطي للحكم عليه ولوائح الوضع عليه ظاهرة، وفيه محمد بن عبد الواحد البيع عن عبد الله بن إبراهيم الفامي، عن عبد الله بن إسماعيل بن حماد، عن بشران بن عبد الملك، عن موسى بن الحجاج، ولم أقف لواحد منهم على ترجمة، والله أعلم".

[1] الزيادات على الموضوعات:۵۹۱/۲،ت:رامز خالد حاج حسن،مكتبة المعارف ـ الرياض،الطبعة الأولى ۱۴۳۱هـ.

علامہ سیوطیؒ کی ذکر کردہ سند ملاحظہ ہو، جس کا ذکر پہلے بھی گزر چکا ہے: "الديلمي: أخبرنا أبي، أخبرنا أبو الفرج علي بن محمد بن عبد الحميد البجلي، حدثنا ابن لال، حدثنا علي بن عامر النهاوندي، حدثنا نصر بن إسماعيل بن النعمان، حدثنا موسى بن الحجاج السمرقندي وكان أتى عليه مائة وثلاثة وثلاثون سنة، حدثنا مالك بن دينار، عن الحسن، عن أنس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إن لله تعالى بحرا من نور، حوله ملائكة من نور على خيل من نور، بأيديهم حراب من نور، يسبحون حول ذلك البحر: سبحان ذي الملك والملكوت، سبحان ذي العزة والجبروت، سبحان الحي الذي لا يموت، سبوح قدوس رب الملائكة والروح، فمن قالها في يوم أو شهر أو سنة أو في عمره غفر الله له ما تقدم من ذنبه وما تأخر ولو كانت ذنوبه مثل زبد البحر، أو مثل رمل عالج أو فر من الزحف".

پوری تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

خلاصہ کلام یہ ہے کہ یہ روایت دونوں سندوں سے شدید ضعیف ہے، اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے حکایت کو عجیب حدیث بھی کہا ہے، چنانچہ اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر⑫

روایت: ”إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت“. بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان وزمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

حکم: حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ”منکر حدیث“ ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: ”یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول) ہونے میں نظر ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو“، الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ ”المعجم الأوسط“[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

”حدثنا محمد بن عبد الله بن عِرْس، ثنا وهب الله بن رِزْق أبو هريرة المصري، ثنا بشر بن بكر، ثنا الأوزاعي، حدثني عطاء، عن عبد الله بن عباس، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل،

[1] المعجم الأوسط: ٦/ ٢٩٠، رقم: ٦٤٤٢، ت: طارق بن عوض الله بن محمد، دار الحرمين ـ القاهرة، الطبعة ١٤١٥هـ.

تسبيحه: سبحانك حيث كنت ".

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان و زمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

یہی روایت امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الكبير"[1] اور "كتاب الدعاء"[2] میں بھی تخریج کی ہے، اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے "حلية الأولياء"[3] میں تخریج کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الأوسط"[4] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "لم يرو هذا الحديث عن الأوزاعي إلا بشر بن بكر، تفرد به وهب الله بن رِزْق". یہ حدیث اوزاعی سے صرف بشر بن بکر نے روایت کی ہے، اس میں وہب اللہ بن رِزق متفرد ہے۔

---

[1] المعجم الكبير: ١٩٥/١١، رقم: ١١٤٧٦، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

[2] كتاب الدعاء للطبراني: ص: ٤٩٧، رقم: ١٧٤٨، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٣هـ.

[3] حلية الأولياء: ٣١٨/٣، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.

[4] المعجم الأوسط: ٢٩٠/٦، رقم: ٦٤٤٢، ت: طارق بن عوض الله بن محمد، دار الحرمين ـ القاهرة، الطبعة ١٤١٥هـ.

حافظ ابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "حلية الأولياء"[1] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث غريب من حديث الأوزاعي، عن عطاء، لم نكتبه إلا من حديث بشر بن بكر". یہ حدیث غریب ہے اوزاعی، عن عطاء کی سند سے، اسے ہم نے اسے صرف بشر بن بکر کی حدیث سے لکھا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو "العلو"[2] میں نقل کر کے فرماتے ہیں: "حديث منكر، أخرجه الطبراني". یہ منکر حدیث ہے، طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تخریج کی ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی "تفسير"[3] میں نقل روایت کے بعد فرماتے ہیں: "وهذا حديث غريب، بل منكر". یہ حدیث غریب، بلکہ منکر ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اپنی "تفسير"[4] ہی میں ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: "وهذا حديث غريب جدا، وفي رفعه نظر، وقد يكون موقوفا على ابن عباس، ويكون مما تلقاه من الإسرائيليات، والله

---

[1] حلية الأولياء:٣١٨/٣،دار الفكر ـ بيروت،الطبعة ١٤١٦هـ.

[2] العلو لعلي الغفار:ص:١١٠،رقم:٢٨٦،ت:أبو محمد أشرف بن عبد المقصود،مكتبة أضواء السلف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

[3] تفسير ابن كثير:١٠٦/٥،ت:محمد حسين شمس الدين،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[4] تفسير ابن كثير:٣١٣/٨،ت:محمد حسين شمس الدين،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

أعلم". اور یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع ہونے میں نظر ہے، اور ہوسکتا ہے کہ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو، واللہ اعلم۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "البداية والنهاية"[1] میں بھی روایت پر یہی کلام کیا ہے۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[2] میں فرماتے ہیں: "رواه الطبراني في الأوسط والكبير، وقال: تفرد به وهب بن رِزْق، قلت: ولم أر من ذكر له ترجمة". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوسط اور کبیر میں تخریج کیا ہے، اور فرمایا: اس میں وہب بن رِزق متفرد ہے، میں (حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: اور میں نے نہیں دیکھا کہ کسی نے ان کا ترجمہ قائم کیا ہو۔

علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فيض القدير"[3] میں حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

اور علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ "التيسير"[4] میں اس حدیث کو نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "وفيه رجل مجهول". اور اس میں ایک مجہول شخص ہے۔

---

[1] البداية والنهاية: ٩٨/١، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر للطباعة والنشر، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[2] مجمع الزوائد: ٨٠/١، دار الكتاب العربي ـ بيروت.

[3] فيض القدير: ٤٨١/٢، رقم: ٢٣٦٠، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٣٩١هـ.

[4] التيسير بشرح الجامع الصغير: ٣٢٩/١، مكتبة الإمام الشافعي ـ الرياض.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "تحفة النبلاء"[1] میں زیر بحث روایت کے بارے میں فرمایا ہے:

"رواه الطبراني عن محمد بن عبد الله بن عبد الحكم [كذا في الأصل، والصحيح: عرس]، عن وهب الله بن رزق أبي هبيرة [كذا في الأصل]، وباقي رواته ثقات". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے **محمد بن عبد اللہ بن عِرس، عن وہب اللہ بن رزق ابو ہریرہ** سے روایت کیا ہے، اور اس روایت کے باقی راوی ثقہ ہیں۔

اہم نوٹ:

سند میں موجود راوی **محمد بن عبد اللہ بن عِرس** کا ترجمہ تلاش بسیار کے باوجود نہیں مل سکا[2]، اور **وہب اللہ بن رِزق ابو ہریرہ مصری** کا ترجمہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ الإسلام"[3] میں قائم کیا ہے، لیکن کوئی جرح وتعدیل ذکر نہیں کی۔

---

[1] تحفة النبلاء من قصص الأنبياء:ص:٨٤،ت:غنيم بن عباس بن غنيم،مكتبة الصحابة ـ جدة،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[2] پھر بعد میں ملا کہ حافظ ابن حجر عسقلانیؒ نے "نتائج الأفكار" میں ایک حدیث کو "حسن" قرار دیا ہے، اور اس حدیث کی سند میں محمد بن عبد اللہ بن عرس موجود ہے(نتائج الأفكار:٢٢٨/٣،ت:حمدي عبد المجيد السلفي،دارابن كثير۔بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ).

[3] تاريخ الإسلام:١٢٨٠/٥،رقم:٥٨٤،ت:بشار عواد معروف،دارالغرب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.
حافظ ذہبیؒ کی عبارت ملاحظہ ہو: "وهب الله بن رِزْق، أبو هريرة المصري: لم يذكره ابن يونس في تاريخه، سمع: بشر بن بكر التنيسي، ويحيى بن بكير، وعبد الله بن يحيى المعافري، وغيرهم، وعنه: أبو بكر بن أبي داود، ومحمد بن عبد الله بن عِرْس شيخ الطبراني".

روایت کا حکم

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ "منکر حدیث" ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع ہونے میں نظر ہے، ہوسکتا ہے کہ یہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو"۔

نیز سند میں موجود راوی محمد بن عبد اللہ بن عِرس کا ترجمہ تلاش بسیار کے باوجود نہیں مل سکا، اور وہب اللہ بن رِزق ابو ہریرہ مصری کا ترجمہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے قائم کیا ہے، لیکن کوئی جرح یا تعدیل ذکر نہیں کی۔

الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

اہم فائدہ:

زیرِ بحث روایت کا حکم گزر چکا ہے، ذیل میں اسی مضمون کی دو احادیث نقل کی جارہی ہیں، جنہیں بلاتردد بیان کرسکتے ہیں:

① ایک "صحیح" روایت ہے، جسے امام ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "سنن"[1] میں تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثنا أحمد بن حفص بن عبد الله، حدثني أبي، حدثني إبراهيم بن طَهْمَان، عن موسى بن عقبة، عن محمد بن المنكدر، عن جابر بن

[1] سنن أبي داؤد:۱۰۹/۷،رقم:۴۷۲۷،ت:شعیب الأرنوؤط،دار الرسالة العالمية ـدمشق،الطبعة الأولى ۱۴۳۰ھـ.

عبد الله، عن النبي صلى الله عليه وسلم، قال: أذن لي أن أحدث عن ملك من ملائكة الله من حملة العرش، إن ما بين شحمة أذنه إلى عاتقه مسيرة سبع مئة عام".

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ میں اللہ تعالی کے عرش کو اٹھانے والے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کی حالت بیان کروں، بے شک اس کے کان کی لَو سے مونڈھے تک کا فاصلہ سات سو سال کی مسافت ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "فتح الباري"[1] **میں مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:** "أخرجه أبو داود وابن أبي حاتم من رواية إبراهيم بن طهمان، عن محمد بن المنكدر، وإسناده على شرط الصحيح". **اسے ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ اور ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے ابراہیم بن طہمان، عن محمد بن منکدر کی سند سے تخریج کیا ہے، اور اس کی سند صحیح کی شرط پر ہے۔**

② اسی طرح امام ابو یعلی موصلی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "صحیح کے راویوں پر مشتمل" ایک روایت اپنی "مسند"[2] **میں تخریج کی ہے، ملاحظہ ہو:**

"حدثنا عمرو الناقد، حدثنا إسحاق بن منصور، حدثنا إسرائيل، عن معاوية بن إسحاق، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة، قال: قال

---

[1] فتح الباري:٦٦٥/٨،ت:محمد فؤاد عبد الباقي،المكتبة السلفية .

[2] مسند أبي يعلى الموصلي:٤٩٦/١١،رقم:٦٦١٩،ت:حسين سليم أسد،دار المامون للتراث ـ دمشق،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

رسول الله صلى الله عليه وسلم: أذن لي أن أحدث عن ملك قد مرقت رجلاه الأرض السابعة، والعرش على منكبه، وهو يقول: سبحانك أين كنت وأين تكون".

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس بات کی اجازت دی گئی ہے کہ میں ایک ایسے فرشتہ کی حالت بیان کروں کہ اس کے پاؤں ساتویں زمین تک پہنچ رہے ہیں، اور عرش اس کے کندھے پر ہے، اور وہ یہ تسبیح بیان کر رہا ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[1] میں مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "رواه أبو يعلى، ورجاله رجال الصحيح". اسے ابو یعلی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کیا ہے، اور اس کے راوی صحیح کے راوی ہیں۔

[1] مجمع الزوائد:۱۳۵/۸،دار الکتاب العربی ـ بیروت .

روایت نمبر⑬

روایت: ”إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“. میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

حکم: حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: ”میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں“، نیز علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اسرائیلی روایت کے طور پر بیان کیا ہے، اس لئے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کر سکتے ہیں۔

روایت کا مصدر

مذکورہ روایت علامہ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ نے ”قوت القلوب“[1] میں ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

”وخبر آخر، يقول الله تعالى: إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“. اور ایک دوسری خبر ہے کہ اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں: میں نے مخلوقات کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا تاکہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

---

[1] قوت القلوب: ٦٠٢/٣، ت: محمود إبراهيم محمد رضواني، دار التراث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

بعض دیگر مصادر

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے مذکورہ روایت کو "إحياء علوم الدين"[۱] میں علامہ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر کردہ الفاظ سے نقل کیا ہے، نیز علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتيح الغيب"[۲] میں اسے ان الفاظ سے نقل کیا ہے: "قال عليه الصلاة والسلام حاكيا عن رب العزة سبحانه: خلقتهم ليربحوا علي، لا لأربح عليهم". آپ علیہ الصلاۃ والسلام اللہ رب العزت سے حکایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میں نے انھیں پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ "الرسالة القشيرية"[۳] میں فرماتے ہیں:
"وقيل: أوحى الله إلى داود، قل لهم: إني لم أخلقهم لأربح عليهم، وإنما خلقتهم ليربحوا علي".

اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام پر وحی نازل کی کہ آپ ان بندوں سے کہیں کہ بلاشبہ میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں، بلکہ میں نے ان کو پیدا ہی اس لئے کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں۔

---

[۱] إحياء علوم الدين: ١٥٠/٤، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٢هـ.

[۲] مفاتيح الغيب: ١٨٧/٨، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

[۳] الرسالة القشيرية: ٢٥٢، ت: عبد الحليم محمود، المكتبة التوفيقية ـ القاهرة، الطبعة ٢٠٠٧ء.

علامہ محمد بن عبد الکریم شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے ”نهاية الإقدام“[1] میں اسے ”ورد في بعض الكتب“ (بعض کتب میں آتا ہے) کہہ کر نقل کیا ہے۔

حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ ”المغني عن حمل الأسفار“[2] میں فرماتے ہیں: ”لم أقف له على أصل“. میں اس روایت کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں۔

علامہ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ ”تذكرة الموضوعات“[3] میں فرماتے ہیں: ”لم يوجد“. یہ روایت نہیں ملتی۔

علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ ”إتحاف“[4] میں ”رسالہ قشیریہ“ سے مذکورہ بالا روایت نقل کرنے کے بعد حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قشیری رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ”فظهر أنه خبر إسرائيلي“. اس سے یہ ظاہر ہو گیا کہ یہ اسرائیلی روایت ہے۔

[1] نهاية الإقدام: ۲۲٤/۱، أحمد فريد المزيدي، دار الكتب العلمية۔بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[2] المغني عن حمل الأسفار: ۱۰٥٦/۱، رقم: ۳۸۲٤، ت: أبو محمد أشرف، مكتبة طبرية ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[3] تذكرة الموضوعات: ص: ۲۲۸، إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولي ١٣٤٣هـ.

”تذکرۃ الموضوعات“ کے الفاظ ملاحظہ ہوں: ”يأتي كل رجل من أمتي من هذه الأمة بيهودي أو نصراني إلى جهنم، فيقول: هذا فدائي من النار، فيقال للمسلم: إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم“.

واضح رہے کہ علامہ پٹنیؒ نے زیر بحث روایت کے ساتھ ابتداء میں جو الفاظ نقل کئے ہیں وہ ”مسند احمد“ وغیرہ کتب میں موجود ہیں، نیز الفاظ کے کچھ فرق کے ساتھ یہ ابتدائی حصہ ”صحیح مسلم“ میں بھی موجود ہے، ملاحظہ ہو: ”حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، حدثنا أبو أسامة، عن طلحة بن يحيى، عن أبي بردة، عن أبي موسى، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا كان يوم القيامة، دفع الله عز وجل إلى كل مسلم يهوديا، أو نصرانيا، فيقول: هذا فكاكك من النار“ (الصحيح لمسلم: ۲۱۱۹/٤، رقم: ٤٩، دار الكتب العلمية ـ بيروت، محمد فواد عبد الباقي، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ).

[4] إتحاف: ۳٥۳/۱۱، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الخامسة ١٤٣٣هـ.

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

تفصیل گزر چکی ہے کہ حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: ”میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں“، علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یہ اسرائیلی روایت ہے“، علامہ محمد بن طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یہ روایت نہیں ملتی“، علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے اسے داؤد علیہ السلام کی وحی کے طور پر ذکر کیا ہے، نیز علامہ شَہرَستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے ”بعض کتب میں آتا ہے“ کہہ کر نقل کیا ہے، الحاصل اس روایت کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کر سکتے ہیں۔

روایت نمبر ⑭

روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ ﷺ سے ہم کلام ہونا، اور آپ ﷺ کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور ﷺ کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور ﷺ کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔

حکم: یہ تمام مضامین من گھڑت ہیں، البتہ آپ ﷺ کا یعفور نامی دراز گوش (گدھا) تھا، جس پر آپ ﷺ سواری فرماتے تھے۔

زیر بحث روایت دو طریق سے مروی ہے:

① طریق ابو جعفر محمد بن مَزْیَد مولی بنی ہاشم ② طریق عبد اللہ بن اُذَینہ طائی۔

روایت بطریق ابو جعفر محمد بن مَزْیَد بغدادی مولی بنی ہاشم

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ دمشق"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"أخبرنا أبو غالب وأبو عبد الله قالا: أنبأ أبو سعد بن أبي علانة، أنا أبو طاهر المُخَلِّص، وأبو أحمد بن المهتدي، حدثني أبو الحسن الأسدي عمر بن بشر بن موسى، نا أبو حفص عمر بن مَزْيَد، نا عبد الله بن محمد بن عبيد بن أبي الصهباء، نا أبو حذيفة عبد الله بن حبيب

[1] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، رقم: ١٠٠٨، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

الهُذَلي، عن أبي عبد الله السُلَمِي، عن أبي منظور قال: لما فتح رسول الله صلى الله عليه وسلم ـ يعني خيبر ـ أصاب أربعة أزواج ثقال [كذا في الأصل، ولعله: نعال كما في المجروحين لابن حبان[1]]، أربعة أزواج خفاف، وعشر أواقي ذهب وفضة، وحمار أسود مُكَبَّلا [وفي البداية: ومِكْتَل].

قال: فكلم رسول الله صلى الله عليه وسلم الحمار، فكلمه الحمار، فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: ما اسمك؟ قال: يزيد بن شهاب، أخرج الله عزوجل من نسل جدي ستين حمارا كلهم لم يركبهم إلا نبي، قد كنت أتوقعك أن تركبني، لم يبق من نسل جدي غيري، ولا من الأنبياء غيرك، قد كنت قبلك لرجل يهودي، وكنت أتعثر به عمدا، وكان يجيع بطني ويضرب ظهري.

قال: فقال له النبي صلى الله عليه وسلم: فأنت يعفور، يا يعفور! قال: لبيك، قال: أتشتهي الإناث؟ قال: لا.

قال: فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يركبه في حاجته، وإذا نزل عنه بعث به إلى باب الرجل، فيأتي الباب فيقرعه برأسه، فإذا خرج إليه صاحب الدار، أومئ [كذا في الأصل] إليه أن أجب رسول الله صلى الله عليه وسلم، فلما قُبض النبي صلى الله عليه وسلم، جاء إلى بئر كانت لأبي الهيثم بن التَيِّهان، فتردى فيها جزعا على رسول الله

---

[1] المجروحين: ۳۰۸/۲، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ۱۴۱۲هـ.

علیه وسلم، فصارت قبره".

ابو منظور فرماتے ہیں: جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے خیبر کو فتح کیا، تو آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو چار جوڑے جوتے کے اور چار جوڑے چمڑے کے موزوں کے ملے، اور دس اوقیہ سونا اور چاندی ملا، اور ایک سیاہ بندھا ہوا گدھا ملا۔

روای کہتے ہیں: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے گدھے سے کلام کیا، تو گدھے نے بھی آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے کلام کیا، چنانچہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے گدھے سے کہا: تمہارا نام کیا ہے؟ گدھے نے عرض کیا: یزید بن شہاب، اللہ تعالی نے میری نسل سے ساٹھ گدھوں کو پیدا کیا، ہر گدھے پر نبی ہی نے سواری کی ہے، میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے یہ توقع کرتا تھا کہ آپ مجھ پر سوار ہوں گے، میرے دادا کی نسل میں میرے علاوہ کوئی نہیں بچا، اور انبیاء عَلَیْہِمُ السَّلَام میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے علاوہ کوئی باقی نہیں، میں آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے پہلے ایک یہودی شخص کی ملکیت تھا، اور میں اس کو جان بوجھ کر گراتا تھا، اور وہ میرے پیٹ کو بھوکا رکھتا تھا اور میری کمر کو مارتا تھا۔

راوی کہتے ہیں: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس سے کہا، تم یعفور ہو، اے یعفور! عرض کیا: میں حاضر ہوں، آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا: کیا تم گدھیوں کی خواہش رکھتے ہو؟ عرض کیا: نہیں۔

راوی کہتے ہیں: آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اس پر اپنی ضرورت کے لئے سوار ہوتے تھے، اور جب اس سے اتر جاتے، تو اس کو کسی کے دروازے کی طرف بھیجتے، چنانچہ وہ دروازے کے پاس آتا اور اس کو اپنے سر سے مارتا، پھر جب گھر والا باہر نکلتا، تو وہ اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہونے کا اشارہ کرتا، جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی

وفات ہوئی، تو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں ابو ہیثم بن تیہان رضی اللہ عنہ کے کنویں کے پاس آکر اپنے آپ کو اس میں گرا دیا، لہذا وہی کنواں اس کی قبر بنا۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ سند میں موجود راوی عمر بن مَزُید ہی بظاہر محمد بن مَزُید ہے جیساکہ "البدایۃ والنہایۃ"[1] اور "المجروحین"[2] کی سند میں ہے۔

پھر بعد میں سند میں موجود حافظ ابو طاہر مُخَلِّص کا طریق ملا، جس میں ابو جعفر محمد بن مَزُید لکھا ہے[3]۔

نیز یہ بھی واضح رہے کہ حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[4] میں اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان المیزان"[5] میں محمد بن مَزُید کو محمد بن یزید کہہ کر بھی ذکر کیا ہے۔

بعض دیگر مصادر

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت "المجروحین"[6] میں اور

---

[1] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[2] المجروحين: ٣٠٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[3] چنانچہ علامہ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ "جامع الآثار" میں تحریر فرماتے ہیں: "وهذا الحديث الذي ذكره القاضي عياض مختصرا، رواه أبو طاهر المُخَلِّص فقال: حدثني أبو الحسن الأسدي ابن عم بشر بن موسى، حدثنا أبو جعفر محمد بن مَزْيَد، حدثنا عبد الله بن محمد بن عبيد ابن أبي الصهباء، حدثنا أبو حذيفة موسى بن مسعود، عن عبد الله بن حبيب الهذلي، عن أبي عبد الله السُلَمِي، عن أبي منظور، قال: لما فتح رسول الله صلى الله عليه وسلم خيبر... "(جامع الآثار في السير ومولد المختار: ٧١/٨، ت: أبو يعقوب نشأت كمال، وزارة الأوقاف ـ قطر، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ).

[4] ميزان الاعتدال: ٦٧/٤، رقم: ٨٣٢٣، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[5] لسان الميزان: ٥٩١/٧، رقم: ٧٣٩٧، ت: عبد الفتاح أبو غدة، دار البشائر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[6] المجروحين: ٣٠٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "البداية والنهاية"[1] میں تعلیقاً نقل کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی محمد بن مَزیُد پر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ "تاريخ دمشق"[2] کی سند میں محمد بن مَزیُد کے شیخ عبد اللہ بن محمد بن عبید بن ابو الصہباء ہیں، جبکہ "البداية والنهاية"[3] میں محمد بن مَزیُد کے شیخ ابو عبد اللہ محمد بن عقبہ بن ابو الصہباء مذکور ہے، اور "المجروحين"[4] کی سند میں محمد بن مَزیُد کے شیخ ابو حذیفہ موسی بن مسعود ہیں۔

اسی طرح "تاريخ دمشق"[5] میں محمد بن مَزیُد کے شیخ الشیخ، ابو حذیفہ عبد اللہ بن حبیب ہذلی لکھا ہے، جبکہ "البداية والنهاية"[6] میں ابو حذیفہ عن عبد اللہ بن حبیب ہُذلی لکھا ہے، واللہ اعلم۔

---

[1] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[2] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

[3] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[4] المجروحين: ٣٠٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

"المجروحین" کی سند ملاحظہ ہو: "محمد بن مَزْيَد أبو جعفر مولى بني هاشم من أهل بغداد، يروي عن أبي حذيفة موسى بن مسعود، عن عبد الله بن حبيب الهُذَلي، عن أبي عبد الرحمن السُلَمِي، عن أبي منظور وكانت له صحبة، قال: لما فتح... ".

[5] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ

[6] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ

"البدایہ والنہایہ" کی سند ملاحظہ ہو: "فقال أبو محمد عبد الله بن حامد: أخبرنا أبو الحسين أحمد بن حمدان السِجْزِي، حدثنا عمر بن محمد بن بُجَيْر، حدثنا أبو جعفر محمد بن مَزْيَد إملاء، أنا أبو عبد الله محمد بن عقبة بن أبي الصهباء، حدثنا أبو حذيفة، عن عبد الله بن حبيب الهُذَلي، عن أبي عبد الرحمن السُلَمي، عن أبي منظور، قال: لما فتح الله... ".

اسی طرح "تاریخ دمشق"[1] میں **محمد بن مَزْیَد** سے روایت کرنے والا راوی **عمر بن بشر بن موسی** ہے، جبکہ "البداية والنهاية"[2] میں **محمد بن مَزْیَد** سے روایت کرنے والا **عمر بن محمد بن بجیر** ہے۔

روایت بطریق ابو جعفر محمد بن مَزْیَد پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "ميزان الاعتدال"[3] میں **محمد بن مَزْیَد** کے ترجمہ کے تحت فرماتے ہیں:

"ذكر ابن أبي حاتم أنه روى عن أبي حذيفة هذا الخبر الباطل".

ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے کہ اس محمد بن مَزْیَد نے ابو حذیفہ سے اس باطل خبر کو نقل کیا ہے۔

اس کے بعد حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے **زیر بحث حدیث یعفور** کو ذکر کیا، پھر حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا قول لائے ہیں، جو عنقریب آئے گا۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[4] میں **زیر بحث روایت محمد بن مَزْیَد** کے طریق سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث لا أصل

---

[1] تاريخ مدينة دمشق: ٢٣٢/٤، ت: محب الدين أبي سعيد عمر بن غرامة العمروي، دار الفكر - بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

[2] البداية والنهاية: ٤١/٩، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر - مصر، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[3] ميزان الاعتدال: ٣٤/٤، رقم: ٨١٦٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة - بيروت.

[4] المجروحين: ٣٠٨/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة - بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

له، وإسناده ليس بشيء، ولا يجوز الاحتجاج بهذا الشيخ". اس حدیث کی کوئی اصل نہیں، اور اس کی سند "لیس بشیء" ہے، اور اس شیخ (یعنی محمد بن مَزْیَد) سے احتجاج جائز نہیں ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "تذكرة الحفاظ"[1] میں زیر بحث روایت محمد بن مَزْیَد کے طریق سے ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "ومحمد بن مَزْيَد هذا لا يجوز الاحتجاج به". اور اس محمد بن مَزْیَد سے احتجاج جائز نہیں ہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ "كتاب الموضوعات"[2] میں زیر بحث روایت کو محمد بن مَزْیَد کے طریق سے نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "هذا حديث موضوع، فلعن الله واضعه، فإنه لم يقصد إلا القدح في الإسلام والاستهزاء به، قال أبو حاتم بن حبان: لا أصل لهذا الحديث، وإسناده ليس بشيء، ولا يجوز الاحتجاج بمحمد بن مزيد".

یہ من گھڑت حدیث ہے، اس کے گھڑنے والے پر اللہ کی لعنت ہو، کیوں کہ اس کا مقصد ہی اسلام میں عیب لگانا اور مذاق اڑانا ہے، ابو حاتم ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث کی کوئی اصل نہیں، اور اس کی سند "لیس بشیء" ہے، اور محمد بن مَزْیَد سے احتجاج جائز نہیں۔

---

[1] تذكرة الحفاظ: ص: ٢٦٢، رقم: ٦٤٨، ت: حمدي عبد المجيد بن إسماعيل السلفي، دار الصميعي ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[2] كتاب الموضوعات: ص: ٢٠٩، رقم: ٥٥٦، دار ابن حزم ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[1] اور "تلخیص الموضوعات"[2] میں، حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان المیزان"[3] میں، حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللآلئ المصنوعة"[4] اور "مناهل الصفا"[5] میں، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[6] میں، ملا علی قاری نے "شرح الشفا"[7] میں اور علامہ خفاجی رحمۃ اللہ علیہ نے "نسيم الرياض"[8] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابوموسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۸۱ھ) کا قول

حافظ ابوموسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ زیر بحث روایت کے بارے میں فرماتے ہیں:

"هذا حديث منكر جدا إسنادا ومتنا، لا أحل لأحد أن يرويه عني إلا مع كلامي عليه"[9]. یہ حدیث سند اور متن کے لحاظ سے بہت زیادہ منکر ہے،

---

[1] ميزان الاعتدال: ٣٤/٤، رقم: ٨١٦٢، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] تلخيص الموضوعات: ص: ٨٨، رقم: ٢٠١، ت: أبو تميم ياسر بن إبراهيم بن محمد، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

[3] لسان الميزان: ٥٩١/٧، رقم: ٧٣٩٧، ت: عبد الفتاح أبو غدة، دار البشائر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[4] اللآلئ المصنوعة: ٢٥٣/١، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ.

[5] مناهل الصفا: ص: ١٣٣، رقم: ٦٢٤، ت: سمير القاضي، دار الجنان ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٨هـ.

[6] تنزيه الشريعة المرفوعة: ٣٢٦/١، رقم: ١١، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[7] شرح الشفا: ٦٤٣/١، ت: عبد الله محمد الخليلي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[8] نسيم الرياض: ٦١/٤، ت: محمد عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[9] أسد الغابة: ٢٩٨/٦، رقم: ٦٢٩١، ت: علي محمد معوض وعادل أحمد عبد الموجود، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

میں کسی کے لئے حلال نہیں سمجھتا کہ وہ مجھ سے اس روایت کو میرے اس پر کلام کے بغیر نقل کرے۔

حافظ ابو موسیٰ مدینی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر حافظ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ نے "أسد الغابة"[1] میں، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الإصابة"[2] میں اور علامہ دَمیری رحمۃ اللہ علیہ نے "حياة الحيوان"[3] میں اعتماد کیا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ تقی الدین مَقْرِیزِی رحمۃ اللہ علیہ "إمتاع الأسماع"[4] میں زیر بحث حدیث یعفور پر حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"قال الذهبي: يروى بإسناد مجهول عن مجهول، يقال له أبو منظور: كتبه للفُرْجة لا للحجة". ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ روایت مجہول عن مجہول کی سند سے منقول ہے، جسے ابو منظور کہا جاتا ہے، اس کو بطور فرجہ (تماشہ) کے لکھا ہے، نہ کہ بطور استدلال کے۔

اہم نوٹ: حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ کلام تلاش بسیار کے باوجود نہیں مل سکا۔

---

[1] أسد الغابة:٢٩٨/٦،رقم:٦٢٩١،ت:علي محمد معوض وعادل أحمد عبد الموجود،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[2] الإصابة:٣٢١/٧،رقم:١٠٥٨٤،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[3] حياة الحيوان الكبرى:٣٥٦/١،ت:أحمد حسن بسج،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[4] إمتاع الأسماع:٢٢٦/٧،ت:محمد عبد الحميد النميسي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ.

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البداية والنهاية"[1] میں زیر بحث روایت بطریق محمد بن مَزْیَد ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"فهو حديث لا يعرف له إسناد بالكلية، وقد أنكره غير واحد من الحفاظ، منهم عبد الرحمن بن أبي حاتم وأبوه رحمها الله، وقد سمعت شيخنا الحافظ أبا الحجاج المزي رحمه الله ينكره غير مرة إنكارا شديدا".

اس حدیث کی بالکل کوئی سند معروف نہیں ہے، اور کئی حفاظ نے اس روایت کا انکار کیا ہے، ان میں سے عبد الرحمن بن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے والد رحمۃ اللہ علیہ ہیں، اور میں نے اپنے شیخ حافظ ابو حجاج مزی رحمۃ اللہ علیہ کو کئی مرتبہ اس روایت کا شدید انکار کرتے ہوئے سنا ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "الفصول"[2] میں زیر بحث روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"قلت: وأغرب من هذا كله رواية أبي قاسم السهيلي في روضه الحديث المشهور في قصة عفير أنه كلم النبي صلى الله عليه وسلم، وقال: إنه من نسل سبعين حمارا، كل منها ركبه نبي،

---

[1] البداية والنهاية: ۳۸۳/۸، ت: عبد الله بن عبد المحسن التركي، دار هجر ـ مصر، الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

[2] الفصول في سيرة الرسول: ص: ۲۵۹، ت: محمد العيد الخطراوي ومحيي الدين مستو، مؤسسة علوم القرآن ـ بيروت، الطبعة الثالثة ۱٤۰۳هـ.

وأن اسمه يزيد بن شهاب، وأنه كان يبعثه النبي صلى الله عليه وسلم في الحاجات إلى أصحابه.

فهذا شيء باطل لا أصل له من طريق صحيح ولا ضعيف إلا ما ذكره أبو محمد بن أبي حاتم من طريق منكر مردود، ولا شك أهل العلم [كذا في الأصل] بهذا الشأن أنه موضوع.

وقد ذكر هذا أبو إسحاق الإسفراييني وإمام الحرمين، حتى ذكره القاضي عياض في كتابه الشفاء استطرادا، وكان الأولى ترك ذكره لأنه موضوع، سألت شيخنا أبا الحجاج عنه فقال: ليس له أصل وهو ضحكة".

میں (حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: اور ان سب سے زیادہ غریب ابو القاسم سہیلی رحمۃ اللہ علیہ کا کتاب "روض" میں قصہ عفیر کی مشہور حدیث روایت کرنا ہے کہ اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کیا، اور کہا: وہ ان ستر گدھوں کی نسل میں سے ہے، جن میں سے ہر ایک پر نبی نے سواری کی، اور اس کا نام یزید بن شہاب ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو ضرورت کے وقت صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف بھیجتے تھے۔

یہ ایک باطل شیء ہے، اس کی کوئی اصل نہیں، نہ کسی صحیح طریق سے اور نہ ہی کسی ضعیف طریق سے، سوائے اس کے جس کو ابو محمد بن ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے منکر مردود طریق سے ذکر کیا ہے، اور اس فن کے اہل علم اس کے من گھڑت ہونے میں شک نہیں کرتے۔

اور اس کو ابو اسحاق اسفرائینی رحمۃ اللہ علیہ اور امام حرمین رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے،

حتی کہ قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اس کو اپنی کتاب ''الشفاء'' میں استطرادا ذکر کیا ہے، اور اس کو ذکر نہ کرنا زیادہ بہتر تھا، کیوں کہ یہ من گھڑت ہے، میں نے اپنے شیخ ابو حجاج رحمۃ اللہ علیہ سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا، تو انہوں نے کہا: اس کی کوئی اصل نہیں اور یہ ہنسنے کی چیز ہے۔

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ ''التوضیح''[1] میں زیر بحث روایت بحوالہ تاریخ ابن عساکر ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

''قال أبو القاسم: هذا حديث غريب، وفي إسناده غير واحد من المجهول، وقال ابن حبان في ضعفائه: لا أصل لهذا الحديث، وإسناده ليس بشيء''.

ابو القاسم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے، اور اس کی سند میں کئی مجہول روای ہیں، ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنی ''ضعفاء'' میں فرماتے ہیں: اس حدیث کی کوئی اصل نہیں ہے، اور اس کی سند لیس بشیء ہے۔

علامہ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ ''جامع الآثار''[2] میں زیر بحث حدیث یعفور محمد بن مَزْیَد کے طریق سے ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: ''هذا حديث غريب متنا مجهول إسنادا، أدخله ابن الجوزي في كتابه في

[1] التوضيح لشرح الجامع الصحيح: ٥٠٨/١٧، ت: دار الفلاح، وزارة الأوقاف والشؤون الإسلامية ـ قطر، الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.

[2] جامع الآثار ٧٢/٨، ت: أبو يعقوب نشأت كمال، وزارة الأوقاف والشؤون الإسلامية ـ قطر، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

الموضوعات، وصرح بوضعه". یہ حدیث متن کے لحاظ سے غریب ہے، اسناد کے لحاظ سے مجہول ہے، ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنی کتاب الموضوعات میں داخل کیاہے، اور اس کے من گھڑت ہونے کی صراحت کی ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الإصابة"[1] میں زیر بحث حدیث یعفور کو "خبر واه" کہاہے۔

اس کے بعد حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث یعفور کو ذکر کرکے حافظ ابو موسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام (جو کہ گزر چکاہے) اعتماداً ذکر کیاہے۔

حافظ ابن حجر ہیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ابن حجر ہیتمی مکی رحمۃ اللہ علیہ "أشرف الوسائل"[2] میں زیر بحث روایت بحوالہ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ وابو نعیم رحمۃ اللہ علیہ ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"ولكن الحديث مطعون فيه، وذكره ابن الجوزي في الموضوعات، وفي غيره غنية عنه". لیکن اس حدیث میں طعن کیا گیاہے، اور ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے موضوعات میں ذکر کیاہے، اور اس کے علاوہ روایتیں اس سے مستغنی کر دیتی ہیں۔

---

[1] الإصابة:۳۲۱/۷،رقم:۱۰۵۸٤،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـبيروت، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[2] أشرف الوسائل:ص:۲۵۱،ت:أبو الفوارس أحمد بن فريد،دار الكتب العلمية ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

علامہ ابراہیم حلبی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابراہیم حلبی رحمۃ اللہ علیہ "إنسان العیون"[1] میں زیر بحث روایت ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

"قال ابن حبان: هذا خبر لا أصل له، وإسناده ليس بشيء وقال ابن الجوزي: لعن الله واضعه فإنه لم يقصد إلا القدح في الإسلام والاستهزاء به، وقد قال شيخنا العماد بن كثير: هذا شيء باطل، لا أصل له من طريق صحيح ولا ضعيف، وسألت شيخنا المزي رحمه الله فقال: ليس له أصل، وهو ضحكة، وقد أودعه كتبهم جماعة، منهم القاضي عياض في الشفاء، والسهيلي في روضه، وكان الأولى ترك ذكره، ووافقه على ذلك الحافظ ابن حجر رحمه الله تعالى وغفر لنا وله وللمسلمين".

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس خبر کی کوئی اصل نہیں ہے، اور اس کی اسناد لیس بشیء ہے، ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس روایت کے گھڑنے والے پر اللہ کی لعنت ہو، کیوں کہ اس کا مقصد ہی اسلام میں عیب لگانا اور مذاق اڑانا ہے، اور ہمارے شیخ عماد بن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: یہ ایک باطل شیء ہے، اس کی کوئی اصل نہیں، نہ کسی صحیح طریق سے اور نہ ہی کسی ضعیف طریق سے، اور میں نے اپنے شیخ مزی رحمۃ اللہ علیہ سے اس کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے فرمایا: اس کی کوئی اصل نہیں ہے، اور یہ ہنسنے کی چیز ہے، اور ایک جماعت نے اس روایت کو اپنی

---

[1] السيرة الحلبية (إنسان العيون): ٦٨/٣، مطبعة محمد علي صبيح ميدان الأزهر ـ مصر، الطبعة ١٣٥٣هـ.

کتب میں ذکر کیا ہے، انہی میں سے قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "شفاء" میں اور سہیلی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "روض" میں اسے ذکر کیا ہے، اور اس کے ذکر کو ترک کرنا زیادہ بہتر تھا، اور اسی پر حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کی حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے موافقت کی ہے، اللہ ہماری، ان کی اور مسلمانوں کی مغفرت فرمائے۔

سند میں موجود راوی ابو جعفر محمد بن مزید مولی بنی ہاشم بغدادی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحین"[1] میں فرماتے ہیں: "لا يجوز الاحتجاج بهذا الشيخ". اس شیخ سے احتجاج جائز نہیں ہے۔

حافظ محمد بن طاہر مقدسی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذكرة الحفاظ"[2] میں، حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء والمتروكين"[3] میں، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "ميزان الاعتدال"[4]، "المغني"[5] اور "ديوان الضعفاء"[6] میں، اور حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان الميزان"[7] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

---

[1] كتاب المجروحين: ٣٠٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] تذكرة الحفاظ: ص: ٢٦٢، رقم: ٦٤٨، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، ط: دار الصميعي ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[3] الضعفاء والمتروكين: ٩٩/٣، رقم: ٣١٩٣، ت: أبو الفداء عبد الله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[4] ميزان الاعتدال: ٦٧/٤، رقم: ٨٣٢٣، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[5] المغني في الضعفاء: ٢٦٤/٢، رقم: ٥٩٧٤، ت: نورالدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[6] ديوان الضعفاء والمتروكين: ص: ٣٧٤، رقم: ٣٩٧٣، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثة ـ مكة المكرمة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

[7] لسان الميزان: ٥٩١/٧، رقم: ٧٣٩٧، ت: عبد الفتاح أبو غدة، دار البشائر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ "تنزيه الشريعة"[1] میں فرماتے ہیں: "محمد بن مَزْيَد أبو جعفر مولى بني هاشم عن أبي حذيفة النَهْدِي عن عبد الله بن حبيب الهَذَلي بخبر باطل، اتهم به". محمد بن مَزْیَد ابو جعفر مولی بنو ہاشم نے ابو حذیفہ نَہْدِی سے عن عبد اللہ بن حبیب ہُذَلی کی سند سے ایک باطل خبر نقل کی ہے، جس کی وجہ سے یہ متہم ہے۔

روایت بطریق ابو جعفر محمد بن مَزْیَد کا حکم

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث یعفور کا انکار کیا ہے، حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اسے خبر باطل کہا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کی کوئی اصل نہیں، اور اس کی سند لیس بشیء ہے، حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے صاف من گھڑت کہا ہے۔

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ تقی الدین مَقْرِیزِی رحمۃ اللہ علیہ، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ خَفَاجی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

حافظ ابو موسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے سند و متن کے لحاظ سے منکر جداً کہا ہے۔ حافظ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ دَمِیرِی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابو موسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

---

[1] تنزيه الشريعة: ١/١١٣، رقم: ٢٦٣، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کو بطور فرجہ (تماشہ) کے لکھا ہے، نہ کہ بطور استدلال کے۔

حافظ مِزّی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث یعفور کو ضحکہ (جس سے بکثرت ہنسا جاتا ہو) کہا ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث یعفور کو منکر مردود، باطل، بے اصل، من گھڑت کہا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "واہی خبر" کہا ہے، لہذا اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

روایت بطریق عبد اللہ بن عطارد اُذَینہ طائی

حافظ ابو نعیم اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ "دلائل النبوة"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"ثنا أبوبكر أحمد بن محمد بن موسى العَنْبَرِي، ثنا أحمد بن محمد بن يوسف، ثنا إبراهيم بن سويد الجُذُوْعِي، قال: حدثنا عبد الله بن أذَيْنة الطائي، عن ثور بن يزيد، عن خالد بن معدان، عن معاذ بن جبل قال: أتى النبي صلى الله عليه وسلم، وهو بخيبر حمار أسود، فوقف بين يديه، فقال: من أنت؟ فقال: أنا عمرو بن فلان، كنا سبعة إخوة كلنا ركبنا الأنبياء، وأنا أصغرهم، وكنت لك،

---

[1] دلائل النبوة: ٣٨٦/٢، رقم: ٢٨٨، ت: محمد رواس قلعه جي وعبد البر عباس، دار النفائس - بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠٦هـ.

فملكني رجل من اليهود، فكنت إذا ذكرتك كبأت به، فيوجعني ضربا، فقال النبي صلى الله عليه وسلم فأنت يعفور".

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خیبر کے موقع پر ایک سیاہ دراز گوش آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہو گیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کون ہو؟ دراز گوش نے کہا: میں عمرو بن فلاں ہوں، ہم سات بھائی تھے، ہم سب انبیاء علیہم السلام کی سواری رہے ہیں، اور میں ان میں سب سے چھوٹا ہوں، اور میں آپ کے لئے تھا، لیکن ایک یہودی شخص میرا مالک بن گیا، جب مجھے آپ یاد آتے تھے تو میں اسے پچھاڑ دیتا تھا، چنانچہ یہ میری خوب پٹائی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یعفور ہو۔

روایت بطریق عبد اللہ بن عُطارد اُذَینہ طائی پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البداية والنهاية"[1] میں "دلائل النبوۃ" سے عبد اللہ بن اُذَینہ کا طریق نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "هذا حديث غريب جدا".

یہ حدیث غریب جداً ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البداية والنهاية"[2] میں ہی ایک دوسرے مقام پر زیر بحث حدیث یعفور کو عبد اللہ بن اُذَینہ کے طریق سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

---

[1] البداية والنهاية:۳۸۳/۸،ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي،دار هجر ـ مصر،الطبعة الأولى١٤١٨هـ.

[2] البداية والنهاية:۳۸۹/۹،ت:عبد الله بن عبد المحسن التركي،دار هجر ـ مصر،الطبعة الأولى١٤١٨هـ.

”وهذا الحديث فيه نكارة شديدة، ولا نحتاج إلى ذكره مع ما تقدم من الأحاديث الصحيحة التي فيها غنية عنه، وقد روي على غير هذه الصيغة، وقد نص على نكارته ابن أبي حاتم، عن أبيه، والله أعلم“.

اور اس حدیث میں شدید نکارت ہے، اور ہمیں اس کے ذکر کرنے کی ضرورت نہیں، جبکہ وہ صحیح احادیث گزر چکی ہیں جن کی وجہ سے اس کی کوئی حاجت ہی نہیں ہے، اور یہ روایت اس کے علاوہ دوسرے الفاظ سے بھی نقل کی گئی ہے، اور اس پر ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے والد سے اس کی نکارت نقل کی ہے، واللہ اعلم۔

سند میں موجود راوی عبد اللہ بن عطارد اُذَیْنَہ طائی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ”المجروحین“[1] میں عبد اللہ بن اُذَیْنَہ کے ترجمہ میں فرماتے ہیں: ”شيخ، منكر الحديث جدا، يروي عن ثور بن يزيد ما ليس من حديثه، لا يجوز الاحتجاج به بحال“. شیخ، منکر الحدیث جداً ہے، ثور بن یزید سے ایسی روایات نقل کرتا ہے، جو ثور بن یزید کی حدیث میں سے نہیں ہیں، اس سے کسی صورت احتجاج جائز نہیں ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ہی عبد اللہ بن اذینہ کی دو روایتیں نقل کرنے بعد فرماتے ہیں: ”أخبرنا بالحديثين جميعا حمزة بن داود بن سليمان بن داود، قال: حدثنا إسماعيل بن عيسى بن زاذان الأبلي، قال: حدثنا عبد الله

[1] المجروحين: ١٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة - بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

بن أذينة عن ثور بن يزيد في نسخة كتبناها عنه لا يحل ذكرها في الحديث إلا على سبيل القدح في ناقليها"[1].

دونوں روایتیں عبد اللہ بن اُذَینَہ نے ثور بن یزید سے اس نسخہ سے نقل کی ہیں، جو ہم نے اس سے لکھا ہے، اس نسخہ کا ذکر کرنا اس کے نقل کرنے والے پر جرح کے بغیر حلال نہیں ہے۔

واضح رہے کہ زیر بحث روایت بھی عبد اللہ بن اُذَینَہ نے ثور بن یزید ہی سے نقل کی ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء والمتروكين"[2] میں، حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "ميزان الاعتدال"[3]، "ديوان الضعفاء"[4] اور "المغني"[5] میں اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان الميزان"[6] میں اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ "تذكرة الحفاظ"[7] میں فرماتے ہیں: "وعبد الله يروي عن ثور المنكرات". اور عبد اللہ، ثور سے منکر روایات نقل کرتا ہے۔

---

[1] المجروحين: ١٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[2] الضعفاء والمتروكين: ١١٥/٢، رقم: ١٩٨٣، ت: أبو الفداء عبد الله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] ميزان الاعتدال: ٣٩١/٢، رقم: ٤٢٠٤، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[4] ديوان الضعفاء والمتروكين: ص: ٢١١، رقم: ٢١١٧، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثة ـ مكة المكرمة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

[5] المغني في ضعفاء الرجال: ٤٧٢/١، رقم: ٣١٠١، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[6] لسان الميزان: ٤٣٢/٤، رقم: ٤١٥٣، ت: عبد الفتاح أبو غدة، دار البشائر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[7] تذكرة الحفاظ: ص: ١٠٤، رقم: ٢٣٤، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، دار الصميعي ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے عبد اللہ بن اُذَینَہ کو "منکر الحدیث"[1] کہا ہے۔

نیز حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ عبد اللہ بن اُذَینَہ کی روایات نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "ولابن أذَيْنة من الحديث غير ما ذكرت مما لا يتابع عليه، ولم أر للمتقدمين فيه كلاما فأذكره"[2]. اور ابن اُذَینَہ کی جن روایات کو میں نے ذکر کیا اس کے علاوہ بھی اس کی ایسی احادیث ہیں جن میں اس کی متابعت نہیں کی جاتی، اور میں نے اس کے بارے میں متقدمین کا کلام نہیں دیکھا جس کو میں ذکر کروں۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ اور امام نقاش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "روى أحاديث موضوعة"[3]. اس نے من گھڑت احادیث روایت کی ہیں۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے عبد اللہ بن اذینہ کو "متروك الحديث" کہا ہے[4]۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[5] میں عبد اللہ بن اُذَینَہ کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شامل کیا ہے۔

---

[1] الكامل في الضعفاء:٣٥٨/٥،رقم:١٠٢١،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] الكامل في الضعفاء:٣٥٩/٥،رقم:١٠٢١،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[3] لسان الميزان: ٤٣٢/٤،رقم:٤١٥٣،ت:عبد الفتاح أبو غدة،دار البشائر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[4] لسان الميزان: ٤٣٢/٤،رقم:٤١٥٣،ت:عبد الفتاح أبو غدة،دار البشائر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[5] تنزيه الشريعة: ٧٢/١،رقم:٣٦،ت:عبد الوهاب عبد اللطيف وعبد الله محمد الصديق،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

روایت بطریق عبد اللہ بن عطارد اُذَینَہ کا حکم

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو عبد اللہ بن اُذَینَہ کے طریق سے غریب جداً کہا ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک موقع پر فرماتے ہیں: اس حدیث میں شدید نکارت ہے۔

نیز سند میں موجود راوی عبد اللہ بن اُذَینَہ کے بارے میں ائمہ محدثین نے شدید جرح کے الفاظ استعمال کئے ہیں (مثلا: منکر الحدیث جدا ہے، اس سے کسی صورت احتجاج جائز نہیں ہے (حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ)، ثور بن یزید سے منکر روایات نقل کرتا ہے (حافظ ابن قیسرانی رحمۃ اللہ علیہ)، منکر الحدیث (حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ)، اس نے من گھڑت احادیث روایت کی ہیں (امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، امام نقاش رحمۃ اللہ علیہ)، متروک الحدیث (امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ)، لہذا زیر بحث روایت کو اس طریق سے بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ اور ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کا انکار کیا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کی کوئی اصل نہیں ہے، اور اس کی سند لیس بشیءہے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے صاف من گھڑت کہا ہے۔

حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت کو خبر باطل کہا ہے۔

حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن ناصر الدین دمشقی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ علامہ تقی الدین مَقْرِیزِی رحمۃ اللہ علیہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ خَفَاجی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابو موسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے سند و متن کے لحاظ سے منکر جداً کہا ہے۔

حافظ ابن اثیر رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ دَمِیرِی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ ابو موسی مدینی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کو بطور فرجہ (تماشہ) کے لکھا ہے، نہ کہ بطور استدلال کے۔

حافظ مزی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث یعفور کو ضحکہ (جس سے بکثرت ہنسا جاتا ہو) کہا ہے۔

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث حدیث یعفور کو منکر مردود، باطل، بے اصل، من گھڑت کہا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "واہی خبر" کہا ہے، لہذا اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں۔

اہم فائدہ:

زیر بحث من گھڑت روایت کی تفصیل تو گزر چکی ہے، تاہم قطع نظر زیر

بحث روایت کے حضور ﷺ کی سواریوں میں یعفور نامی دراز گوش کا ذکر معتبر روایات میں ملتا ہے، جیساکہ حافظ ابن سعد "الطبقات الکبری"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"أخبرنا محمد بن عمر الأسلمي، أخبرنا أبو بكر بن عبد الله بن أبي سَبْرَة، عن زامل بن عمرو، قال: أهدى فروة بن عمرو إلى النبي صلى الله عليه وسلم بغلة يقال لها: فضة، فوهبها لأبي بكر، وحماره يعفور، فنفق منصرفه من حجة الوداع".

زامل بن عمرو فرماتے ہیں: فروہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو ایک خچر ہدیہ کیا، جسے فضہ کہا جاتا تھا، آپ ﷺ نے وہ خچر ابو بکر رضی اللہ عنہ کو ہبہ کر دیا، نیز اس نے اپنا دراز گوش یعفور بھی آپ ﷺ کو ہبہ کیا تھا، اس یعفور کا حجۃ الوداع سے واپسی پر انتقال ہوا ہے۔

نیز حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "فتح الباري"[2] میں فرماتے ہیں:

قوله: كنت ردف النبي صلى الله عليه وسلم على حمار يقال له: عُفَيْر بالمهملة، والفاء مصغر، مأخوذ من العَفْر، وهو لون التراب كأنه سمي بذلك للونه، والعُفْرَة حمرة يخالطها بياض، وهو تصغير أعفر، أخرجوه عن بناء أصله كما قالوا سويد في تصغير أسود، ووهم من ضبطه بالغين المعجمة، وهو غير الحمار الآخر الذي يقال له: يعفور، وزعم ابن عبدوس أنهما واحد، وقواه صاحب الهدي، ورده الدمياطي، فقال: عفير

---

[1] الطبقات الكبرى: ٤٩١/١، دار صادر ـ بيروت.

[2] فتح الباري: ٥٩/٦، ت: محمد فؤاد عبد الباقي، المكتبة السلفية.

أهداه المقوقس، ويعفور أهداه فروة بن عمرو، وقيل: بالعكس، ويعفور بسكون المهملة وضم الفاء، هو اسم ولد الظبي، كأنه سمي بذلك لسرعته.

قال الواقدي: نفق يعفور منصرف النبي صلى الله عليه وسلم من حجة الوداع، وبه جزم النووي عن ابن الصلاح، وقيل: طرح نفسه في بئر يوم مات رسول الله صلى الله عليه وسلم، وقع ذلك في حديث طويل ذكره ابن حبان في ترجمة محمد بن مرثد [كذا في الأصل، والصواب: محمد بن مزيد] في الضعفاء، وفيه أن النبي صلى الله عليه وسلم غنمه من خيبر، وأنه كلم النبي صلى الله عليه وسلم، وذكر له أنه كان ليهودي، وأنه خرج من جده ستون حمارا لركوب الأنبياء، فقال: ولم يبق منهم غيري، وأنت خاتم الأنبياء، فسماه يعفورا، وكان يركبه في حاجته، ويرسله إلى الرجل، فيقرع بابه برأسه فيعرف أنه أرسل إليه، فلما مات النبي صلى الله عليه وسلم جاء إلى بئر أبي الهيثم بن التَيِّهان، فتردى فيها فصارت قبره قال ابن حبان: لا أصل له، وليس سنده بشيء".

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا قول:(میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے درازگوش پر سوار تھا، جسے عفیر کہا جاتا ہے)۔ عُفَیر مہملہ کے ساتھ ہے، اور فاء مصغر ہے، یہ عَفَر سے ماخوذ ہے، اور عَفُر مٹی کا رنگ ہے، گویا کہ اس (درازگوش) کا نام اس کے رنگ کی وجہ سے پڑا، اور عُفُرَہ ایسی سرخی کو کہتے ہیں جس میں سفیدی ملی ہو، اور (عُفَیر) اعفر کی تصغیر ہے، اس کو اس کی اصل بناء سے خارج کیا گیا ہے، جیسے سُوَید کے

بارے میں کہا ہے کہ اس کی تصغیر اسود سے ہے، اور اس شخص کو وہم ہوا ہے جس نے اسے (یعنی عفیر کو) غین معجمہ کے ساتھ ضبط کیا ہے، اور یہ (عُفَیر) اس دوسرے درازگوش کے علاوہ ہے جسے یعفور کہا جاتا ہے، اور ابن عبدوس کا خیال یہ ہے کہ وہ دونوں ایک ہی ہیں، اور اس قول کو صاحب ہدی نے قوی کہا ہے، اور دِمْیاطی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے رد فرمایا ہے، (دِمْیاطی رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں: عفیر مقوقس نے ہدیہ کیا تھا، اور یعفور فروہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے ہدیہ کیا تھا، اور اس کے برعکس بھی کہا گیا ہے، اور یعفور سکون مہملہ اور فاء کے ضمہ کے ساتھ ہے، اور یہ ہرن کے بچہ کا نام ہے، گویا کہ یعفور کو اس کی تیز رفتاری کی وجہ سے یہ نام دیا گیا ہے۔

واقدی فرماتے ہیں: حجۃ الوداع سے واپسی پر اس کا انتقال ہو گیا تھا، اور اسی پر نووی رحمۃ اللہ علیہ نے ابن صلاح رحمۃ اللہ علیہ سے جزم نقل کیا ہے، اور کہا گیا ہے کہ اس نے اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دن ایک کنویں میں پھینک دیا تھا، اور یہ بات ایک طویل حدیث میں واقع ہے، جسے ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے "ضعفاء" میں محمد بن مَزْیَد کے ترجمہ میں ذکر کیا ہے۔

اور اس میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے خیبر میں غنیمت میں حاصل کیا تھا، اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہوا تھا، اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا ذکر بھی کیا کہ وہ ایک یہودی شخص کی ملکیت تھا، اور اس کے دادا (کی نسل) سے ساٹھ درازگوش انبیاء علیہم السلام کی سواری کے لئے پیدا ہوئے ہیں، پھر کہا کہ میرے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا، اور آپ آخری نبی ہیں، چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا نام یعفور رکھ دیا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم ضرورت کے وقت اس پر سواری کرتے تھے، اور کسی شخص کی طرف اس کو روانہ کرتے تھے، تو وہ اپنے سر سے دروازے کو مارتا تھا

جس سے وہ شخص سمجھ جاتا تھا کہ اسے آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے میری جانب بھیجا ہے، جب آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا انتقال ہوا تو وہ ابو الہیثم بن تیّہان رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے کنویں کے پاس آیا اور اس میں گر گیا، اور یہی کنواں اس کی قبر بن گیا، ابن حبان رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: اس (حدیث) کی کوئی اصل نہیں ہے، اور اس کی سند "لیس بشیء" ہے۔

روایت نمبر ⑮

روایت: جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی طاقت کم ہو جائے گی۔

حکم: منکر، شدید ضعیف ہے، بعض محدثین نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت بیان نہیں کر سکتے۔

یہ روایت دو طرق سے منقول ہے: ① روایت بطریقِ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ ② روایت بطریقِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نیز حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا طریق دو سندوں سے منقول ہے: ① بسندِ زفر بن واصل ② بسندِ عاصم بن سلیمان کوزی۔

روایت بطریقِ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الأوسط"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا عبيد الله بن محمد بن خنيس الدِمْيَاطِي، قال: نا محمد بن مخلد الرُعَيْنِي، قال: نا عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، عن أبيه، عن عطاء بن يسار، عن أبي سعيد الخدري، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من شرب الماء على الريق انتقصت قوته.

لم يرو هذه الأحاديث عن زيد بن أسلم إلا ابنه عبد الرحمن، تفرد بها أبو أسلم".

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جس شخص نے نہار منہ پانی پیا تو اس کی قوت کم ہو جائے گی۔

---

[1] المعجم الأوسط: ٥/٥١، رقم: ٤٦٤٦، ت: طارق بن عوض الله، دار الحرمين ـ القاهرة، الطبعة ١٤١٥هـ.

اس روایت کو زید بن اسلم سے صرف اس کے بیٹے عبد الرحمن نے روایت کیا ہے، اس میں ابو اسلم متفرد ہے۔

روایت بطریق ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ پر ائمہ کا کلام

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[1] میں فرماتے ہیں: "رواه الطبراني في الأوسط، وفيه محمد بن مخلد الرُعَيْني، وهو ضعيف...". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوسط میں تخریج کیا ہے، اس کی سند میں محمد بن مخلد رُعَیْنی ضعیف راوی ہے۔۔۔"۔

سند میں موجود راوی ابو اسلم محمد بن مخلد رُعَیْنی حمصی کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاريخ الكبير"[2] میں محمد بن مخلد کا ترجمہ قائم کر کے سکوت فرمایا ہے۔

حافظ ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "لم أر في حديثه منكرا"[3]. میں نے محمد بن مخلد کی کوئی منکر حدیث نہیں دیکھی ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "يحدث عن مالك وغيره بالبواطيل"[4]. مالک رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ کے انتساب سے باطل احادیث بیان کرتا ہے۔

---

[1] مجمع الزوائد: ۸۷/۵، دار الكتاب العربي ـ بيروت.

[2] التاريخ الكبير: ۲۴۲/۱، رقم: ۷۶۶، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثاني ۱۴۲۹هـ.

[3] الجرح والتعديل: ۹۳/۸، رقم: ۳۹۷، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۳۷۲هـ.

[4] الكامل في ضعفاء الرجال: ۵۰۳/۷، رقم: ۱۷۳٤، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

نیز حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں: "ولمحمد بن مخلد غير ما ذكرت من الحديث، وهو منكر الحديث عن كل من يروي عنه"[1]۔
اور محمد بن مخلد کی میری ذکر کردہ احادیث کے علاوہ بھی احادیث ہیں، یہ جن سے بھی روایت کرے اُس میں یہ منکر الحدیث ہوتا ہے۔

حافظ دارقطنی رحمۃ اللہ علیہ نے "غرائب مالك" میں محمد بن مخلد کو "متروك الحديث" کہا ہے[2]۔

حافظ خلیلی رحمۃ اللہ علیہ "الإرشاد"[3] میں فرماتے ہیں: "يروي عن مالك أحاديث لا يتابع عليها، يتفرد بها، وهو صالح". یہ مالک رحمۃ اللہ علیہ سے ایسی احادیث نقل کرتا ہے جن میں اس کی متابعت نہیں کی جاتی، یہ اُن سے نقل میں متفرد ہے، اور یہ صالح ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[4] میں محمد بن مخلد کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں ذکر کیا ہے۔

سند میں موجود راوی عبد الرحمن بن زید بن اسلم (متوفی ۱۸۲ھ) کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

اہم تنبیہ: واضح رہے کہ عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے حالات میں بعض اقوال کے تحت حدیثِ لولاک کا ذکر ضمناً آئے گا۔

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال:۷/۵۰۳،رقم:۱۷۳٤،ت:عادل أحمدعبدالموجود وعلي محمدمعوض،دار الكتب العلمية ـبيروت.

[2] لسان الميزان:۷/٤۹٦،رقم:۷۳۹۰،ت:عبدالفتاح أبو غدة،دار البشائر الإسلامية ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[3] الإرشاد: ۱/۲٦٤،رقم:۱۰٤،ت:محمد سعيد بن عمر إدريس،مكتبة الرشد ـالرياض،الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

[4] تنزيه الشريعة: ۱/۱۱۳،رقم: ۲٦۰،ت:عبد الوهاب وعبد الله الغماري،دار الكتب العلمية ـبيروت، الطبعة ١٤٠١هـ.

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، ليس حديثه بشيء، ضعيف“[1].

حافظ عبد اللہ بن احمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”وكان أبي يضعف عبد الرحمن بن زيد بن أسلم...“[2]. میرے والد (امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ) عبد الرحمن بن زید بن اسلم کی تضعیف کیا کرتے تھے۔۔۔“۔

حافظ ابو عبد اللہ محمد بن سعد فرماتے ہیں: ”وكان كثير الحديث، ضعيف جدا“[3].

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ ”التاريخ الكبير“[4] میں عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے متعلق حافظ علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ کا موقف نقل کرتے ہیں: ”ضعفه علي جدا“. علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی شدید تضعیف کی ہے۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے ”التاريخ الأوسط“[5] میں بھی یہی کلام نقل کیا ہے۔

مذکورہ بالا ائمہ کے کلام پر حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے اکتفاء کیا ہے[6]۔

---

[1] الجرح والتعديل: ٥ /٢٣٣، رقم: ١١٠٧، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] العلل ومعرفة الرجال: ٢٧١/٣، رقم: ٥٢٠٣، ت: وصي الله بن محمد عباس، دار الخاني ـ الرياض، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

[3] الطبقات الكبرى: ٤٨٤/٥، رقم: ١٤١٤، ت: محمد عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٨هـ.

[4] التاريخ الكبير: ١٦٨/٥، رقم: ٦٩٩٢، ت: مصطفى عبد القادر أحمد عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[5] التاريخ الأوسط: ٢٠٩/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[6] الضعفاء الكبير: ٣٣١/٢، رقم: ٩٢٦، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

حافظ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ضعیف الحدیث"[1].

حافظ ابن ابی حاتم رحمۃ اللہ علیہ "الجرح والتعدیل"[2] میں لکھتے ہیں: "سألت أبي عن عبد الرحمن بن زيد بن أسلم، فقال: ليس بقوي الحديث، كان في نفسه صالحا، وفي الحديث واهيا، ضعفه علي ابن المديني جدا".

میں نے اپنے والد (ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ) سے عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے بارے میں پوچھا، تو انہوں نے کہا: وہ حدیث میں قوی نہیں ہے، فی نفسہ صالح ہے، لیکن حدیث میں واہی ہے (جرح)، علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی شدید تضعیف کی ہے۔

امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حديثه عند أهل العلم بالحديث في النهاية من الضعف"[3]. اہل علم کے نزدیک اس کی روایات ضعف کے انتہائی درجہ پر ہیں۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ "سنن الترمذي"[4] اور "العلل الكبير"[5] میں فرماتے ہیں: "عبد الرحمن بن زيد بن أسلم ضعيف في الحديث،

---

[1] الجرح والتعديل: ٢٣٤/٥، رقم: ١١٠٧، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[2] الجرح والتعديل: ٢٣٣/٥، رقم: ١١٠٧، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٧٢هـ.

[3] تهذيب التهذيب: ٤٨/٤، رقم: ٤٥١١، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[4] سنن الترمذي: ١٧/٣، رقم: ٦٣٢، ت: محمد فؤاد عبد الباقي، مطبعة مصطفى البابي ـ القاهرة، الطبعة الثانية ١٣٨٨هـ.

[5] علل الترمذي الكبير: ص: ٨٥، رقم: ١٣٥، صبيحي السامرائي وغيره، عالم الكتب ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

ضعفه أحمد بن حنبل وعلي بن المديني وغيرهما من أهل الحديث، وهو كثير الغلط".

عبد الرحمن بن زید بن اسلم حدیث میں ضعیف ہے، احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ اور ان کے علاوہ دوسرے علماء حدیث نے ان کی تضعیف کی ہے، اور یہ کثیر الغلط ہے۔

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكين"[1] میں عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے متعلق فرماتے ہیں: "ضعيف، مدني".

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[2] میں عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے بارے میں کلام کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "كان ممن يقلب الأخبار وهو لا يعلم حتى كثر ذلك في روايته من رفع المراسيل وإسناد الموقوف، فاستحق الترك".

وہ ان لوگوں میں سے تھا جو لاعلمی میں روایات کو خلط ملط کر دیا کرتے تھے حتیٰ کہ اس کی روایات میں کثیر تعداد میں مراسیل کو مرفوع اور موقوف کو مسند کر دیا گیا ہے، چنانچہ یہ اس کا مستحق ہے کہ اسے متروک قرار دیا جائے۔

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء والمتروكين"[3] میں عبد الرحمن

---

[1] الضعفاء والمتروكين: ص: ١٥٨، رقم: ٣٧٧، ت: بوران الضناوي و كمال يوسف الحوت، مؤسسة الكتب الثقافية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٥هـ.

[2] المجروحين: ٥٧/٢، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

[3] الضعفاء والمتروكين: ٩٥/٢، رقم: ١٨٧١، ت: أبو الفداء عبدالله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

بن زید بن اسلم کے بارے میں سابقہ ذکر کردہ ائمہ کرام کے کلام پر اکتفاء کیا ہے۔

امام ابن خزیمہ رحمۃ اللہ علیہ اپنی "صحیح"[1] میں عبد الرحمن بن زید کے متعلق فرماتے ہیں: "عبد الرحمن بن زيد ليس هو ممن يحتج أهل التثبيت بحديثه، لسوء حفظه للأسانيد، وهو رجل صناعته العبادة، والتقشف، والموعظة والزهد، ليس من أحلاس الحديث الذي يحفظ الأسانيد".

عبد الرحمن بن زید ان لوگوں میں سے نہیں ہے، جن کی روایات سے اہل علم میں پختہ کار لوگ استدلال کریں، کیونکہ وہ اسانید کو یاد رکھنے کے سلسلے میں سوء حفظ کا شکار ہے، عبادت، ادنی حالت پر کفایت، نصیحت اور زہد ان کا مشغلہ ہے، وہ حدیث کا مستقل مشغلہ رکھنے والوں میں سے نہیں ہے جو سندوں کو یاد رکھتے ہیں۔

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے روایت لولاک کو "صحیح الاسناد" قرار دیا ہے (جس کی تفصیل حصہ دوم میں گزر چکی ہے)، لیکن آپ ہی نے روایت لولاک کی سند میں موجود عبد الرحمن بن زید بن اسلم - جو اس روایت کو اپنے والد سے نقل کر رہا ہے- کے بارے میں "المدخل"[2] میں لکھتے ہیں:

"روى عن أبيه أحاديث موضوعة، لا يخفى على من تأملها من أهل الصنعة أن الحمل فيها عليه". یہ اپنے والد کے انتساب سے من

---

[1] صحيح ابن خزيمة: ٢٣٣/٣، رقم: ١٩٧٢، ت: محمد مصطفى الأعظمي، المكتب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة ١٤٠٠هـ.

[2] المدخل إلى الصحيح: ص: ١٥٤، رقم: ٩٧، ت: ربيع هادي عمير المدخلي، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

گھڑت احادیث روایت کرتا تھا، اہل فن میں سے غور کرنے والے پر یہ بات مخفی نہیں ہے کہ ان من گھڑت روایات کی ذمہ داری عبد الرحمن بن زید بن اسلم پر ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[1] کے مقدمہ میں امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے اس کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ (تاج الدین سبکی کے والد، المتوفی ۷۵٦ھ) نے "شفاء السقام"[2] میں بسندِ حاکم عبد الرحمن بن زید بن اسلم سے منقول روایتِ لولاک نقل کرکے لکھا ہے:

"ونحن نقول: قد اعتمدنا في تصحيحه على الحاكم، وأيضا عبد الرحمن بن زيد بن أسلم لا يبلغ في الضعف إلى الحد الذي ادعاه". ہم نے اس روایت کو صحیح قرار دینے میں حاکم رحمۃ اللہ علیہ پر اعتماد کیا ہے، اور عبد الرحمن بن زید بن اسلم اتنے ضعیف نہیں، جتنا مدعی کا دعوی ہے۔

واضح رہے کہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے اگرچہ "مستدرک" میں اس روایت لولاک کو "صحیح الاسناد" کہا ہے، لیکن امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ ہی فرماتے ہیں کہ یہ اپنے والد کے انتساب سے من گھڑت احادیث روایت کرتا تھا، اس لئے امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کے اعتماد پر روایتِ لولاک کو صحیح کہنا محل نظر ہے، یہی وجہ ہے کہ علامہ ابن عبد الہادی رحمۃ اللہ علیہ نے "الصارم المنكي"[3] میں حافظ تقی الدین سبکی رحمۃ اللہ علیہ کے

[1] تنزيه الشريعة: ۷۸/۱، رقم: ۱٤٤، ت: عبد الوهاب وعبد الله الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ۱٤۰۱هـ.

[2] شفاء السقام في زيارة خير الأنام: ص: ۳٦۱، ت: حسين محمد علي شكري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۹هـ.

[3] الصارم المنكي: ص: ٤۳، ت: أبو عبد الرحمن السلفي عقيل بن محمد بن زيد المقطري، مؤسسة الريان ـ بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۲٤هـ.

قول کی تردید کی ہے، اور اس سند سے بھی روایتِ لولاک کو شدید ضعیف کہا ہے، مزید تفصیل جاننے کے لئے کتاب غیر معتبر روایات حصہ دوم (ص:۱۱۷) ملاحظہ فرمائیں۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "کتاب الضعفاء"[1] میں فرماتے ہیں: "عبد الرحمن بن زيد بن أسلم حدث عن أبيه، لا شيء". عبد الرحمن بن زید بن اسلم اپنے والد سے روایت نقل کرتا ہے، لا شیء ہے۔

علامہ ابن عبد الہادی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "وإني لأتعجب منه كيف قلد الحاكم فيما صححه من حديث عبد الرحمن بن زيد بن أسلم الذي رواه في التوسل، وفيه قول الله لآدم: لولا محمد ما خلفتك مع أنه حديث غير صحيح ولا ثابت، بل هو حديث ضعيف الإسناد جدا، وقد حكم عليه بعض الأئمة بالوضع وليس إسناده من الحاكم إلى عبد الرحمن بن زيد بصحيح، بل هو مفتعل على عبد الرحمن كما سنبينه، ولو كان صحيحا إلى عبد الرحمن لكان ضعيفا غير محتج به، لأن عبد الرحمن في طريقه.

وقد أخطأ الحاكم في تصحيحه وتناقض تناقضا فاحشا كما عرف له ذلك في مواضع فإنه قال في كتاب الضعفاء بعد أن ذكر عبد الرحمن منهم، وقال: ما حكيته عنه فيما تقدم أنه روى عن أبيه أحاديث موضوعة لا يخفى على من تأملها من أهل الصنعة أن الحمل فيها عليه. قال في آخر هذا الكتاب: فهؤلاء الذين قدمت ذكرهم قد ظهر عندي جرحهم لأن الجرح لا يثبت إلا ببينة فهم الذين أبين جرحهم لمن طالبني به، فإن الجرح لا أستحله تقليدا، والذي أختاره لطالب هذا الشأن أن لا يكتب حديث واحد من هؤلاء الذين سميتهم، فالراوي لحديثهم دخل في قوله صلى الله عليه وسلم: من حدث بحديث وهو يرى أنه كذب فهو أحد الكاذبين.

هذا كله كلام أبي عبد الله صاحب المستدرك، وهو متضمن أن عبد الرحمن بن زيد قد ظهر له جرحه بالدليل، وأن الراوي لحديثه داخل في قوله صلى الله عليه وسلم: من حدث بحديث وهو يرى أنه كذب فهو أحد الكاذبين. ثم أنه رحمه الله لما جمع المستدرك على الشيخين ذكر فيه من الأحاديث الضعيفة والمنكرة بل والموضوعة جملة كثيرة، وروى فيه لجماعة من المجروحين الذين ذكرهم في كتابه في الضعفاء وذكر أنه تبين له جرحهم، وقد أنكر عليه غير واحد من الأئمة هذا الفعل، وذكر بعضهم أنه حصل له تغير وغفلة في آخر عمره فذلك وقع منه ما وقع وليس ذلك ببعيد، ومن جملة ما خرجه في المستدرك حديث لعبد الرحمن بن زيد بن أسلم في التوسل قال بعد روايته: هذا حديث صحيح الإسناد وهو أول حديث ذكرته لعبد الرحمن بن زيد بن أسلم في هذا الكتاب. فانظر إلى ما وقع للحاكم في هذا الموضوع من الخطأ العظيم والتناقض الفاحش".

[1] الضعفاء لأبي نعيم: ۱۰۲/۱، رقم: ۱۲۲، ت: فاروق حمادة، مطبعة النجاح الجديدة.

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ یہ بھی فرماتے ہیں: "روى عن أبيه أحاديث موضوعة"[1]. اس نے اپنے والد کے انتساب سے من گھڑت احادیث روایت کی ہیں۔

واضح رہے کہ عبد الرحمن بن زید نے مذکورہ روایت اپنے والد زید بن اسلم سے نقل کی ہے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل في الضعفاء"[2] میں عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے ترجمہ میں ان سے منقول بعض روایات نقل کرنے کے بعد تحریر فرماتے ہیں: "عبد الرحمن بن زيد بن أسلم له أحاديث حسان، وقد روى عنه كما ذكرت يونس بن عبيد وسفيان بن عيينة حديثين، وروى معتمر عن آخر عنه، وهو ممن احتمله الناس، وصدقه بعضهم، وهو ممن يكتب حديثه".

عبد الرحمن بن زید بن اسلم سے حسن درجے کی روایات بھی منقول ہیں، اور جیسا کہ میں نے ذکر کیا ہے کہ اس سے یونس بن عبید اور سفیان بن عیینہ نے دو روایتیں نقل کی ہیں، اور معتمر اس سے ایک واسطہ سے روایت نقل کرتے ہیں، عبد الرحمن ایسے لوگوں میں سے ہے جن سے محدثین روایات کا تحمل کرتے ہیں، بعض لوگوں نے ان کی توثیق بھی کی ہے، فی الجملہ وہ ایسے راویوں میں شمار ہوتے ہیں جن کی روایات کو لکھا جاتا ہے۔

---

[1] تهذيب التهذيب: ٤٨/٤، رقم: ٤٥١١، ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

[2] الكامل: ٤٤٨/٥، رقم: ١١٠٥، ت:عادل أحمد عبد الموجود و علي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ "معرفة السنن"[1] میں عبد الرحمن بن زید سے مروی روایت ذکر کرنے کے بعد عبد الرحمن کے بارے میں فرماتے ہیں: "... أن عبد الرحمن بن زيد بن أسلم ضعيف في الحديث، لا يحتج بما ينفرد به". "... عبد الرحمن بن زید حدیث میں ضعیف ہے، جس روایت میں یہ متفرد ہو اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا"۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "الكاشف"[2] میں فرماتے ہیں: "ضعفوه". محدثین نے اس کی تضعیف کی ہے۔

اور "ديوان الضعفاء"[3] میں فرماتے ہیں: "ضعفه أحمد بن حنبل، والدارقطني.ت، ق". احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اور دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تضعیف کی ہے۔ یہ ترمذی و ابن ماجہ کے راویوں میں سے ہے۔

واضح رہے کہ علامہ برہان الدین سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ نے "الکاشف" کے حاشیہ میں عبد الرحمن بن زید سے منقول "ترمذی" میں جو روایت ہے اسے ذکر کیا اور اس کے بعد امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ "تقريب التهذيب"[4] میں فرماتے ہیں: "ضعيف، من الثامنة". یہ ضعیف ہے، اور آٹھویں طبقہ کا راوی ہے۔

---

[1] معرفة السنن والآثار: ٢٦٣/٦، رقم: ٨٦٧٦، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار قتيبة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

[2] الكاشف: ٦٢٨/١، رقم: ٣١٩٦، ت: محمد عوامة، دار القبلة للثقافة الإسلامية ـ جدة، الطبعة ١٤١٣هـ.

[3] ديوان الضعفاء: ص: ٢٤٢، رقم: ٢٤٤٦، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثة ـ مكة المكرمة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

[4] تقريب التهذيب: ص: ٣٤٠، رقم: ٣٨٦٥، ت: محمد عوامة، دار الرشيد ـ سوريا، الطبعة الثالثة ١٤١١هـ.

حافظ محمد بن طاہر مقدسی رحمۃ اللہ علیہ "معرفۃ التذکرۃ"[1] میں فرماتے ہیں:

"ھو لیس بشيء".

اہم نوٹ: ان عبارتوں کے ساتھ ساتھ یہ اصل ملحوظ رہے کہ ہر شدید ضعیف راوی کی ہر ہر روایت کا مردود ہونا ضروری نہیں، بلکہ ائمہ حدیث بعض ایسے راویوں کی بعض روایات دیگر قرائن وشواہد کی وجہ سے فضائل کے باب میں قبول بھی کر لیتے ہیں۔

روایت بطریقِ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کا حکم

سند میں موجود راوی عبد الرحمن بن زید بن اسلم کے بارے میں حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ، امام ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ، امام علی بن مدینی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ نے جرح کے شدید صیغے استعمال کئے ہیں (جیسے: لیس حدیثہ بشیء، حدیث میں واہی ہے، شدید ضعیف، ان لوگوں میں سے ہے جو لاعلمی میں روایات کو خلط ملط کرتے ہیں، یہ اپنے والد کے انتساب سے من گھڑت احادیث روایت کرتا ہے) لہذا یہ روایت اس طریق سے شدید ضعیف ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔

طریقِ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بسندِ زُفَر بن واصل

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ "المعجم الأوسط"[2] میں تحریر فرماتے ہیں:

---

[1] معرفة التذكرة:ص:٨٦،رقم:٢٠،ت:عماد الدين أحمد حيدر،مؤسسة الكتب الثقافية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤٠٦هـ.

[2] المعجم الأوسط:٣٣٤/٦،رقم:٦٥٥٧،ت:طارق بن عوض الله،دار الحرمين ـ القاهرة،الطبعة ١٤١٥هـ.

"حدثنا محمد بن أبي غسان، ثنا أبو نعيم عبد الأول المعلم، ثنا أبو أمية الأيْلِي، عن زفر بن واصل، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من كثر ضحكه استخف بحقه، ومن كثرت دعابته ذهبت جلالته، ومن كثر مزاحه ذهب وقاره، ومن شرب الماء على الريق انتقضت قوته، ومن كثر كلامه كثر سقطه، ومن كثر سقطه كثرت خطاياه، ومن كثرت خطاياه كانت النار أولى به".

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص زیادہ ہنستا ہے تو اس کا حق ہلکا ہو جاتا ہے، اور جس شخص کی ہنسی مذاق بہت زیادہ بڑھ جائے تو اس کی جلالت ختم ہو جاتی ہے، اور جس شخص کا مذاق زیادہ ہو جاتا ہے اس کا رعب ختم ہو جاتا ہے، اور جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی قوت ٹوٹ جائے گی، اور جس شخص کا کلام زیادہ ہو گا اس کی لغزشیں زیادہ ہوں گی، اور جس کی لغزشیں زیادہ ہوں گی اس غلطیاں زیادہ ہوں گی، اور جس کی غلطیاں زیادہ ہوں گی آگ اس کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

یہ روایت حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے "الضعفاء الكبير"[1] میں اور حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے "العلل المتناهية"[2] میں تخریج کی ہے، اسی طرح حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے "تاريخ دمشق"[3] میں

---

[1] الضعفاء الكبير:٣١٦/٣،رقم:١٣٣٢،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] العلل المتناهية:٢١٧/٢،رقم:١١٧٦،ت:إرشاد الحق الأثري،إدارة العلوم الأثرية ـ فيصل آباد،باكستان،الطبعة الأولى ١٣٩٩هـ.

[3] تاريخ دمشق:٤٥٦/٢٤،رقم:٢٩٥٧،ت:محب الدين أبي سعيدعمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ١٤١٥هـ.

تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی ابو نعیم عبد الاول معلم پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر کردہ متن میں زیر بحث نہار منہ پانی پینے والا مضمون نہیں ہے[1]۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ دمشق"[2] میں تخریج روایت کے بعد فرماتے ہیں: "غريب الإسناد والمتن". یہ سند اور متن دونوں اعتبار سے غریب ہے۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[3] میں فرماتے ہیں:

"رواه الطبراني في الأوسط في حديث طويل هو في الزهد،

---

[1] حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حدثنا روح بن الفرج، قال: حدثنا عبد الأول بن إسماعيل المرادي، قال: حدثنا أبو أمية عمارة بن عمار، عن زفر بن واصل، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة، أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من كثر ضحكه استخف بحقه، ومن كثرت مزاحته ذهبت جلالته، ومن كثرت دعابته ذهبت مهابته" (الضعفاء الكبير:۳۱۶/۳،رقم:۱۳۳۲،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ۱٤۰٤هـ).

[2] تاريخ دمشق:٤٥٦/٢٤،رقم:۲۹۵۷،ت:محب الدين أبي سعيدعمر بن غرامة العمروي،دار الفكر ـ بيروت، الطبعة ۱٤۱٥هـ.

[3] مجمع الزوائد:۸۷/٥، دار الكتاب العربي ـ بيروت.

وفي إسناده من لم أعرفهم". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے اوسط میں ایک لمبی حدیث میں تخریج کیا ہے جو زہد کے بارے میں ہے، اور اس کی سند میں بعض ایسے راوی ہیں جن کو میں نہیں پہچانتا۔

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء الكبير"[1] میں زیرِ بحث سند میں موجود راوی عمارہ بن عمار ایلی کے ترجمہ میں لکھتے ہیں:

"عن زفر بن واصل، وزفر مجهول، والحديث منكر". عمارہ نے زفر بن واصل سے حدیث نقل کی ہے، اور (یہ) زُفَر مجہول ہے، اور حدیث منکر ہے۔

اس کے بعد حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے زیرِ بحث حدیث کو اپنی سند سے تخریج کیا ہے، واضح رہے کہ اس میں زیر بحث نہار منہ پانی پینے والا مضمون نہیں ہے۔

اس کے بعد حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "هذا يروى عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه من قوله". یہ روایت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اُن کے قول کے طور پر بھی منقول ہے۔

اس کے بعد حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول تخریج کیا، لیکن اس میں بھی زیرِ بحث نہار منہ پانی والا مضمون نہیں ہے، روایت کے دیگر مضامین موجود ہیں[2]۔

---

[1] الضعفاء الكبير:٣١٦/٣،رقم:١٣٣٢،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[2] الضعفاء الكبير:٣١٦/٣،رقم:١٣٣٢،ت:عبد المعطي أمين قلعجي،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "العلل المتناھیة"[1] میں اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان المیزان"[2] میں حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے۔

سند میں موجود راوی زفر بن واصل کے بارے میں ائمہ رجال کا کلام

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے نقل کرنے والوں میں یونس بن عبید بن دینار ہیں، اور ان سے سالم بن دینار روایت کرتے ہیں، جیسا کہ گزر گیا ہے، یہ یونس بن عبید بن دینار مشہور ثقہ راوی ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کو من گھڑت حدیث کے مشابہ قرار دیا ہے، اور حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن دبیع رحمۃ اللہ علیہ، علامہ محمد بن محمد درویش الحوت رحمۃ اللہ علیہ نے امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے، اس لئے اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر (۲۱)

روایت: اذان سن کر: "مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة وأهلا". پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔

حکم: مذکورہ دعا کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا من گھڑت ہے، تاہم مشہور قول کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اذان کے وقت صرف اِن کلمات کا کہنا منقول ہے، جس میں مذکورہ ثواب موجود نہیں ہے، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتساب سے اسے بیان کرنا، عمل کرنا درست ہے۔

یہ روایت دو طرح سے مروی ہے:

(۱) مرفوع طریق (۲) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا قول

پھر مرفوع طریق بھی دو سندوں سے مروی ہے:

(۱) ہمام بن مسلم زاہد کوفی کا طریق (۲) موسی بن ابراہیم مروزِی کا طریق

روایت کا مرفوع طریق (آپ ﷺ کا قول)

(۱) روایت بطریق ہمام بن مسلم زاہد کوفی

اسے امام دیلمی رحمۃ اللہ علیہ نے تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

" الديلمي: أخبرنا أبي وحمد بن نصر، قالا: أخبرنا أبو طاهر أحمد بن عبد الرحمن الرُوْذْبَارِي، حدثنا عبد الرحمن بن عمر بن إبراهيم المؤدب، حدثنا علي بن إبراهيم الكرخي، حدثنا القاسم بن أبي صالح، حدثنا يوسف بن يعقوب بن إسحاق، حدثنا سليمان بن

الربيع، حدثنا همام بن مسلم، عن جعفر بن محمد، عن أبيه، عن علي رفعه: من سمع المنادي بالصلاة فقال: مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة وأهلا، كتب الله له ألفي ألف حسنة ومحا عنه ألفي ألف سيئة ورفع له ألفي ألف درجة"[1].

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نماز کے منادی کی آواز سن کر یہ کہے گا: "مَرْحَبًا بِالْقَائِلِينَ عَدْلًا، مَرْحَبًا بِالصَّلَاةِ وَأَهْلًا"، اللہ تعالی اسے بیس لاکھ نیکیاں عطا کریں گے، بیس لاکھ گناہ معاف کریں گے، اور بیس لاکھ درجات بلند کریں گے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان الميزان"[2] میں فرماتے ہیں:

"والنهدي تقدم، ومحمد والد جعفر لم يدرك عليا، والمتن باطل، وإنما يروى ذلك عن عثمان من فعله، وليس فيه ذكر الثواب المذكور، والله أعلم".

نہدی کا ذکر پہلے گزر چکا ہے، سند میں موجود جعفر کے والد محمد نے علی رضی اللہ عنہ

---

[1] انظر ذيل اللآلئ المصنوعة: ٤٠٢/١، رقم: ٤٧٥، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[2] لسان الميزان: ٣٤٤/٨، رقم: ٨٢٧٩، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

کو نہیں پایا ہے، یہ متن باطل ہے، یہی عمل عثمان رضی اللہ عنہ کے فعل کے طور پر منقول ہے، اور عثمان رضی اللہ عنہ کی حکایت میں مذکور ثواب کا کوئی ذکر نہیں ہے، واللہ اعلم۔

نوٹ: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حکایت آگے آرہی ہے۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ "ذیل اللآلئ"[1] میں نقل روایت کے بعد فرماتے ہیں:

"موضوع، آفته همام بن مسلم، كان يسرق الحديث، ويروي عن الثقات ما ليس مِن حديثهم، وسليمان الراوي عنه ضعيف، وقد تقدم لهما حديث في الطهارة، حكم ابن الجوزي بوضعه".

یہ حدیث من گھڑت ہے، اس حدیث کی سند کا راوی ہمام بن مسلم آفت ہے، یہ سرقۂ حدیث میں مبتلا تھا، اور ثقہ لوگوں کے انتساب سے ایسی احادیث نقل کرتا تھا جو ان کی احادیث میں سے نہیں ہوتیں، اور ہمام سے نقل کرنے والا سلیمان ضعیف ہے، اور طہارت میں ان دونوں کی ایک حدیث گزر چکی ہے، جس پر ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے من گھڑت ہونے کا حکم لگایا ہے۔

حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر علامہ ابن عراق نے تنزيه الشريعة"[2] میں اور علامہ عجلونی رحمۃ اللہ علیہ نے "کشف الخفاء"[3] میں اعتماد کیا ہے۔

---

[1] ذيل اللآلئ: ٤٠٢/١، رقم: ٤٧٥، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[2] تنزيه الشريعة: ١١٧/٢، رقم: ١٠٧، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف، عبدالله محمد الصديق، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

[3] كشف الخفاء: ٢/ ٢٥٤، رقم: ٢٥٠٣، مكتبة القدسي ـ القاهرة، الطبعة ١٣٥١هـ.

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذكرة الموضوعات"[1] میں اسے من گھڑت کہا ہے، اور علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد المجموعة"[2] میں ان کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے "المصنوع"[3] اور "الأسرار المرفوعة"[4] میں اسے بے اصل کہا ہے۔

علامہ قاوَقجی رحمۃ اللہ علیہ نے "اللؤلؤ المرصوع"[5] میں ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

سند میں موجود راوی ہمام بن مسلم زاہد کوفی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ "المجروحين"[6] میں لکھتے ہیں: "كان ممن يسرق الحديث ويحدث به، ويروي عن الثقات ما ليس من أحاديثهم على قلة معرفته بصناعة الحديث، فلما فحش ذلك منه وكثر في روايته بطل الاحتجاج به".

---

[1] تذكرة الموضوعات: ص: ٣٥، إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٤٣هـ.

[2] الفوائد المجموعة: ص: ٢١، رقم: ٢٢، ت: عبد الرحمن بن يحيي المعلمي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.

[3] المصنوع: ص: ١٨٥، رقم: ٣٤١، ت: عبد الفتاح أبو غدة، مكتب المطبوعات الإسلامية ـ حلب، الطبعة ١٣٩٨هـ.

[4] الأسرار المرفوعة: ص: ٣٤٧، رقم: ٤٩٥، ت: محمد الصباغ، دار الأمانة ـ بيروت، الطبعة ١٣٩١هـ.

[5] اللؤلؤ المرصوع: ص: ٢٨٣، ت: فواز أحمد زمرلي، دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

[6] المجروحين: ٩٦/٣، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة ـ بيروت، الطبعة ١٤١٢هـ.

یہ ان لوگوں میں سے ہے جو سرقۂ حدیث کرکے اسے بیان کرتے تھے، اور یہ ثقہ لوگوں کے انتساب سے ایسی احادیث نقل کرتا ہے جو ان کی احادیث میں نہیں ہوتیں، اس کے ساتھ ساتھ (یہ بھی ہے کہ) اسے صناعتِ حدیث کی معرفت کم ہے، جب یہ امر اس میں بہت زیادہ ہے اور اس کی احادیث میں کثرت سے موجود ہے تو اس سے احتجاج باطل ہے۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "میزان الاعتدال"[1] میں اور "المغني في الضعفاء"[2] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اکتفاء کیا ہے، نیز حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "الضعفاء والمتروكين"[3] میں حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کے کلام پر اعتماد کیا ہے۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے "العلل الواردة"[4] میں ہمام بن مسلم کو "متروك" کہا ہے۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے ہمام بن مسلم کو "تاريخ بغداد"[5] میں "مجهول" کہا ہے۔

❷ روایت بطریق موسی بن ابراہیم مروَزِی

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ "تاريخ بغداد"[6] میں فرماتے ہیں:

---

[1] ميزان الاعتدال: ٣٠٨/٤، رقم: ٩٢٥١، ت: علي محمد البجاوي، دار المعرفة ـ بيروت.

[2] المغني في الضعفاء: ٧١٢/١، رقم: ٦٧٦٦، ت: نور الدين عتر.

[3] الضعفاء والمتروكين: ١٧٨/٣، رقم: ٣٦١٦، ت: أبو الفداء عبد الله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[4] العلل الواردة: ١٠٤/٨، رقم: ١٤٢٨، ت: محفوظ الرحمن زين الله السلفي، دار طيبة ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ.

[5] تاريخ بغداد: ٣٣٢/١، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[6] تاريخ بغداد: ٢٩/١٥، رقم: ٦٩٤٧، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

”حدثنا محمد بن أحمد بن رزق إملاء، قال: حدثنا عثمان بن أحمد الدقاق، قال: حدثنا محمد بن خلف بن عبد السلام المروزي، قال: حدثنا موسى بن إبراهيم المروزي، قال: حدثنا موسى بن جعفر، عن أبيه، عن جده، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من قال حين يسمع المؤذن يؤذن: مرحبا بالقائلين عدلا، مرحبا بالصلاة وأهلا، كتب الله له ألفي ألف حسنة، ومحا عنه ألفي ألف سيئة، ورفع له ألفي ألف درجة“.

آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مؤذن کی آواز سُن کر یہ کہے: ”مَرْحَبًا بِالْقَائِلِينَ عَدْلًا، مَرْحَبًا بِالصَّلَاةِ وَأَهْلًا“. اللہ تعالیٰ اس کے لئے بیس لاکھ نیکیاں لکھتے ہیں، اور اس کی بیس لاکھ برائیاں مٹادیتے ہیں، اور اس کے بیس لاکھ درجے بلند فرماتے ہیں۔

ابو عمران موسیٰ بن ابراہیم مروَزِی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

علامہ عبد الخالق بن منصور رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”سألت يحيى بن معين عن موسى بن إبراهيم، فقال لي: صاحب إبراهيم بن سعد، فقلت: نعم، فقال: ذاك كذاب، فقلت له: إنه يروي حديث جابر: من كثرت صلاته بالليل، فقال: كذب وكذب الذي يرويه بالكوفة“[1].

میں نے یحییٰ بن معین رحمۃ اللہ علیہ سے موسیٰ بن ابراہیم کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے مجھے کہا: ابراہیم بن سعد کا ساتھی؟ میں نے کہا! جی ہاں، یحییٰ بن

[1] تاریخ بغداد: ۲۹/۱۵، رقم: ٦٩٤٧، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

معین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ جھوٹا ہے، میں نے ان سے کہا کہ وہ یہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کرتا ہے: "جس کی رات کی نمازیں زیادہ ہوں گی"، یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ اس نے یہ جھوٹ کہا ہے، اور جو وہ کوفہ میں نقل کرتا تھا وہ بھی جھوٹ ہے۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے موسی بن ابراہیم مروَزِی کو "متروك" کہا ہے[1]۔

حافظ عقیلی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "منكر الحديث" کہا ہے[2]۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني"[3] میں فرماتے ہیں: "قلت أحاديثه موضوعات ذكره العقيلي وابن عدي، وله في الفضائل من الموضوعات". اس کی احادیث من گھڑت ہیں، اسے عقیلی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے، اور اس کی فضائل کے باب میں من گھڑت روایات ہیں۔

❶ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا موقوف طریق

حافظ ابن ابی شیبہ رحمۃ اللہ علیہ "مصنف"[4] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا أبو بكر قال: نا عبدة بن سليمان، عن سعيد، عن قتادة، أن عثمان، كان إذا سمع المؤذن يقول: كما يقول في التشهد والتكبير كله، فإذا قال: حي على الصلاة، قال: ما شاء الله، ولا حول ولا قوة إلا

[1] تاريخ بغداد: ٢٩/١٥، رقم: ٦٩٤٧، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[2] الضعفاء الكبير: ١٦٦/٢، رقم: ١٧٣٨، ت: عبد المعطي أمين قلعجي، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[3] المغني في الضعفاء: ٦٨٢/٢، رقم: ٦٤٧٦، ت: نور الدين عتر.

[4] مصنف: ٢٠٦/١، رقم: ٢٣٦٦، ت: كمال يوسف الحوت، دار التاج - بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٩هـ.

باللہ، وإذا قال: قد قامت الصلاۃ، قال: مرحبا بالقائلین عدلا وبالصلاۃ مرحبا وأھلا، ثم ینھض إلی الصلاۃ".

قتادہ رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ عثمان رضی اللہ عنہ جب مؤذن کی آواز سنتے تو تشہد و تکبیر کے تمام کلمات ایسے ہی کہتے جیسے مؤذن کہتا تھا، اور جب مؤذن حی علی الصلاۃ کہتا تو عثمان رضی اللہ عنہ ماشاء اللہ ولاحول ولا قوۃ الا باللہ کہتے، اور جب مؤذن قد قامت الصلوۃ کہتا تو عثمان رضی اللہ عنہ یہ کہتے: "مَرْحَبًا بِالْقَائِلِینَ عَدْلاً وَ بِالصَّلاَۃِ مَرْحَبًا وَأَھْلاً"، اس کے بعد نماز کے لئے اٹھ کر تشریف لے جاتے۔

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "المعجم الکبیر"[1] میں اس کی تخریج کی ہے، دونوں سندیں قتادہ رحمۃ اللہ علیہ پر مشترک ہو جاتی ہیں۔

حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ "مجمع الزوائد"[2] میں روایت نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "رواہ الطبراني في الکبیر، وقتادۃ لم یسمع من عثمان". اسے طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "کبیر" میں تخریج کیا ہے، اور (سند کے راوی) قتادہ رحمۃ اللہ علیہ کا عثمان رضی اللہ عنہ سے سماع نہیں ہے۔

اہم نوٹ: واضح رہے کہ "المعجم الکبیر"[3] میں الفاظ یہ ہیں:

" کان إذا جاءہ من یؤذنہ بالصلاۃ، قال: مرحبا بالقائلین عدلا، وبالصلاۃ مرحبا وأھلا". جب عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس نماز کے لئے اطلاع دینے والا آتا تو آپ فرماتے: "مَرْحَبًا بِالْقَائِلِینَ عَدْلاً وَ بِالصَّلاۃِ مَرْحَبًا وَأَھْلاً".

---

[1] المعجم الکبیر: ۸۷/۱، رقم: ۱۲۹، ت: حمدي عبد المجید السلفي، مکتبۃ ابن تیمیۃ ـ القاھرۃ.
[2] مجمع الزوائد: ۱۰۶/۲، رقم: ۱۹۱۹، ت: عبد اللہ محمد درویش، دار الفکر ـ بیروت، الطبعۃ ۱٤۱٤ھـ.
[3] المعجم الکبیر: ۸۷/۱، رقم: ۱۲۹، ت: حمدي عبد المجید السلفي، مکتبۃ ابن تیمیۃ ـ القاھرۃ.

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

تفصیل گزر چکی ہے کہ مذکورہ دعا کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا من گھڑت ہے، تاہم مشہور قول کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اذان کے وقت صرف اِن کلمات کا کہنا منقول ہے، جس میں مذکورہ ثواب موجود نہیں ہے، اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتساب سے اسے بیان کرنا، عمل کرنا درست ہے۔

روایت نمبر㉒

روایت: گانا سننے والوں کو آخرت میں روحانیین یعنی اہل جنت کے قراء کو سننے کی اجازت نہیں ہوگی۔

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔

روایت کا مصدر

حکیم ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ”نوادر الأصول“[1] میں لکھتے ہیں:

” حدثنا الفضل بن محمد، قال: حدثنا إبراهيم بن محمد بن يوسف الفِرْيَابِي، قال: حدثنا عبد المجيد بن عبيد، عن حماد بن عمرو، عن زيد بن رفيع، عن سهل من ولد أبي موسى، عن أبيه، عن أبي موسى الأشعري رضي الله عنه، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من استمع إلى صوت غناء، لم يؤذن له أن يستمع الروحانيين في الجنة، فقيل: وما الروحانيون يا رسول الله! قال: قراء أهل الجنة“.

حضرت ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے گانے کی آواز کو سنا تو اس کو جنت میں روحانیین کو سننے کی اجازت نہ ہوگی، پوچھا گیا کہ یارسول اللہ! روحانیین کون ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل جنت کے قراء۔

---

[1] نوادر الأصول:۲۸۵/۳،رقم:٦٩٥،ت:توفيق محمود تكله،دار النوادر۔بيروت،الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

سند میں موجود راوی ابو اسماعیل حماد بن عمرو نصیبی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے "التاریخ الکبیر"[1] میں حماد بن عمرو کو "منکر الحدیث" کہا ہے۔

حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "لیس بشيء"[2]۔

ایک دوسرے مقام پر حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "ممن یکذب، ویضع الحدیث"[3]۔ یہ ان لوگوں میں ہے جو جھوٹ بولتے ہیں اور حدیث گھڑتے ہیں۔

امام ابو حاتم رحمۃ اللہ علیہ نے "الجرح والتعدیل"[4] میں حماد بن عمرو کو "منکر الحدیث، ضعیف الحدیث جدا" کہا ہے۔

حافظ ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے حماد کو "واهي الحدیث"[5] کہا ہے۔

حافظ ابراہیم بن یعقوب جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "کان یکذب، لم یدع للحلیم في نفسه منه هاجسا"[6]۔ "یہ جھوٹ بولتا تھا۔۔"۔

---

[1] التاريخ الكبير:٣٢/٣،رقم:١١٧،ت:مصطفى عبد القادر أحمد عطا،دار الكتب العلمية-بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[2] المجروحين:٢٥٢/١،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة-بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

[3] الكامل في الضعفاء:١٢/٣،رقم ٤١٦،ت:محمد أنس مصطفى الحسن،الرسالة العلمية-بيروت،الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.

[4] الجرح والتعديل:١٤٤/٣،رقم:٦٣٤،دار الكتب العلمية-بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٣هـ.

[5] الجرح والتعديل:١٤٤/٣،رقم:٦٣٤،دار الكتب العلمية-بيروت،الطبعة الأولى ١٣٧٣هـ.

[6] احوال الرجال:ص:٣٠٥،رقم:٣٢٦،ت:عبد العليم عبد العظيم البستوي،حديث أكادمي-فيصل آباد-باكستان، الطبعة الأولى ١٤١١هـ.

امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے "متروك الحديث"[1] کہا ہے۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ حماد بن عمر کے بارے میں "المجروحين"[2] میں لکھتے ہیں: "يضع الحديث وضعا على الثقات، روى عنه ابن كاسب، لا تحل كتابة حديثه إلا على جهة التعجب".

یہ ثقہ لوگوں کے انتساب سے احادیث گھڑتا ہے، ابن کاسب نے ان سے روایت کی ہے، ان کی حدیث بطور تعجب ہی لکھی جائے گی۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الكامل"[3] میں فرماتے ہیں: "وحماد بن عمرو هذا له أحاديث، وعامة حديثه ما لا يتابعه أحد من الثقات عليه". اس حماد بن عمرو کی احادیث ہیں، عام طور پر ان کی روایات کی ثقات میں سے کوئی بھی متابعت نہیں کرتا۔

حافظ ابو احمد حاکم رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۷۸ھ) نے حماد کو "حديثه ليس بالقائم"[4] کہا ہے۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "يروي عن جماعة من الثقات أحاديث موضوعة وهو ساقط بمرة"[5]. یہ ثقات کی ایک جماعت

---

[1] الضعفاء والمتروكين: ص: ۸۳ رقم: ۱۳۸، ت: بوران الضناوي وكمال يوسف الحوت، مؤسسة الكتب الثقافية ۔بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۰٥ھ۔

[2] المجروحين: ۲٥۲/۱، ت: محمود إبراهيم زايد، دار المعرفة۔ بيروت، الطبعة ۱٤۱۲ھ۔

[3] الكامل في الضعفاء: ۱۲/۳، رقم: ٤۱٦، ت: محمد أنس مصطفى الحسن، الرسالة العلمية ۔ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۳۳ھ۔

[4] الأسامي والكنى: ۱٥۷/۱، رقم: ۲۷۱، ت: أبي عمر محمد بن علي الأزهري، الفاروق الحديثية ۔ القاهرة، الطبعة الأولى ۱٤۳٦ھ۔

[5] لسان الميزان: ۲۷٦/۳، رقم: ۲۷٤۱، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ۔ حلب۔

کے انتساب سے من گھڑت احادیث نقل کرتا ہے، اور یہ "ساقط بمرۃ" ہے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "يروي عن الثقات بالمناكير، لا شيء"[1]. یہ ثقہ لوگوں کے انتساب سے مناکیر لاتا ہے، یہ لاشیء ہے۔

حافظ ابو حفص عمرو بن علی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حماد بن عمرو النصيبي متروك الحديث، ضعيف جدا، منكر الحديث"[2].

حافظ ابن جارود رحمۃ اللہ علیہ نے حماد کے بارے میں یہ الفاظ استعمال کئے ہیں: "منكر الحديث، شبهُ لا شيء، لا يدري ما الحديث"[3].

حافظ ابوسعید نقاش رحمۃ اللہ علیہ ان کے بارے میں فرماتے ہیں: "يروي الموضوعات عن الثقات"[4]. یہ ثقات کے انتساب سے من گھڑت روایات نقل کرتا ہے۔

حافظ ساجی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "أجمع أهل النقل أنه متروك"[5]. اہل نقل نے اس کے "متروک" ہونے پر اجماع کیا ہے۔

علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "وهو عند أئمة الحديث متروك، كذاب"[6]. یہ محدثین کے نزدیک متروک، جھوٹا ہے۔

---

[1] المسند المستخرج على صحيح مسلم: ٦٣/١، رقم: ٥٢، ت: محمد حسن محمد حسن إسماعيل، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٧هـ۔

[2] تاريخ بغداد: ١٥/٩، رقم: ٤٢٠٨، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ۔

[3] لسان الميزان: ٢٧٦/٣، رقم: ٢٧٤١، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب.

[4] لسان الميزان: ٢٧٦/٣، رقم: ٢٧٤١، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب.

[5] انظر الضعفاء والمتروكين لابن الجوزي: ٢٣٤/١، رقم: ١٠٠٠، ت: أبو الفداء عبد الله القاضي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[6] الموضوعات للصغاني: ص: ٢٨، ت: نجم عبد الرحمن خلف، دار نافع، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "دیوان الضعفاء"[1] میں حماد بن عمرو کے بارے میں فرماتے ہیں: "متروك الحديث". نیز "المقتنى في سرد الكنى"[2] میں فرماتے ہیں: "واه".

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "كان يضع الحديث"[3]. یہ حدیث گھڑتا تھا۔

علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "حماد بن عمرو النصيبي كذاب وضاع، مشهور بالوضع"[4]. حماد بن عمرو نصیبی جھوٹا، وضاع اور حدیث گھڑنے میں مشہور ہے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[5] میں حماد بن عمرو نصیبی کو وضاعین و متہمین کی فہرست میں شمار کیا ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ حماد بن عمرو کے بارے میں ائمہ کی شدید جرح کا مشاہدہ کر چکے ہیں، معتدبہ ائمہ رجال نے حماد بن عمرو نصیبی کو حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے، جیسے: حافظ یحیی بن معین رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ، امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابو سعید

---

[1] ديوان الضعفاء: ص: ١٠١، رقم: ١١٢٦، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثية ـ مكة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

[2] المقتنى في سرد الكنى: ٧٩/١، رقم: ٣١٩، ت: محمد صالح عبد العزيز مراد، المجلس العلمي ـ المدينة المنورة، الطبعة ١٤٠٨هـ.

[3] نتائج الأفكار: ٢٦٠/١، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، دار ابن كثير ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٩هـ.

[4] الزيادات على الموضوعات: ص: ١١٢، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[5] تنزيه الشريعة: ٥٥/١، رقم: ٥٦، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٠١هـ.

نقاش رحمۃ اللہ علیہ، حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، نیز دیگر ائمہ نے بھی شدید جرح ہی کی ہے، چنانچہ اس خاص تناظر میں کہ حماد بن عمرو نصیبی اس روایت کو نقل کرنے میں متفرد بھی ہے، لہذا یہ روایت کسی بھی طرح ضعف شدید سے خالی نہیں رہ سکتی، اس لئے اسے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر (۲۳)

روایت: آپ ﷺ کا دودھ چھڑانے کے فوراً بعد یہ کلمات کہنا:

الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة و أصيلا.

حکم: شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت کا مصدر

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "دلائل النبوة"[۱] میں پہلے حضرت عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کے طریق سے حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا آپ ﷺ کو گود میں لینے کا مشہور قصہ تخریج کیا، پھر فرماتے ہیں:

"قلت: وقد روى محمد بن زكريا الغَلَابي بإسناده عن ابن عباس، عن حليمة، هذه القصة بزيادات كثيرة، وهي لي مسموعة، إلا أن محمد بن زكريا هذا متهم [بالوضع] فالاقتصار على ما هو معروف عند أهل المغازي أولى، والله أعلم.

ثم إني استخرت الله تعالى في إيرادها، فوقعت الخيرة على إلحاقه بما تقدمه من نقل أهل المغازي، لشهرته بين المذكورين".

محمد بن زکریا غَلَابی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے اور انہوں نے حضرت حلیمہ رضی اللہ عنہا کے انتساب سے بہت سے اضافوں کے ساتھ یہ قصہ نقل کیا ہے، اور یہ روایت میری متصل سند سے سنی ہوئی ہے، سند

---

[۱] دلائل النبوة: ۱۳۹/۱، ت: عبد المعطي قلعجي، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

میں موجود محمد بن زکریا یہ متہم بالوضع ہے، چنانچہ اس پر اکتفاء کرنا جو اہل مغازی کے ہاں معروف ہے (یعنی سابقہ عبد اللہ بن جعفر کے طریق سے، اضافوں کے بغیر قصہ) اولی ہے، واللہ اعلم۔

پھر میں نے اسے اضافے کے ساتھ (یعنی محمد بن زکریا غَلابی کی سند سے منقول قصہ) نقل کرنے کا استخارہ کیا، تو خیر اس میں سمجھ آئی کہ سابقہ اہل مغازی کی روایت کے ساتھ اسے بھی شامل کر دیا جائے، کیونکہ یہ اضافی عبارات بھی انہیں کے درمیان مشہور ہیں۔

اس کے بعد امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ تخریج فرماتے ہیں:

"أخبرنا أبو عبد الله محمد بن عبد الله الحافظ، قال: حدثنا أبو بكرمحمد بن عبد الله بن يوسف العماني، قال: حدثنا محمد بن زكريا الغَلَابِي، حدثنا يعقوب بن جعفر بن سليمان بن علي بن عبد الله بن عباس، قال: حدثني أبي، عن أبيه سليمان بن علي، عن أبيه علي بن عبد الله بن عباس، عن عبد الله بن عباس، قال: كانت حليمة بنت أبي ذؤيب التي أرضعت النبي صلى الله عليه وسلم تحدث أنها لما فطمت رسول الله صلى الله عليه وسلم تكلم، قالت: سمعته يقول كلاما عجيبا سمعته يقول: الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة وأصيلا .... ".

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حلیمہ بنت ابی ذؤیب جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا ہے بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ

پیا تو کچھ کلام فرمایا، حضرت حلیمہ فرماتی ہیں میں نے ایک عجیب کلام سنا، آپ ﷺ فرمارہے تھے: اللہ أکبر کبیرا، والحمد للہ کثیرا، وسبحان اللہ بکرۃ واصیلا...“۔

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے ”تاریخ دمشق“[1] میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے اس کی تخریج کی ہے۔

روایت پر ائمہ کا کلام

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا قول گزر چکا ہے کہ روایت کی سند میں موجود محمد بن زکریا غَلابی حدیث گھڑنے میں متہم ہے، نیز امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی صرف اہل مغازی کے مابین اس روایت کو مشہور ہونے کی وجہ سے نقل کر دیا ہے۔

حافظ ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

آپ تخریجِ روایت کے بعد لکھتے ہیں: ”ھذا حدیث غریب جدا، وفیه ألفاظ رکیکة لا تشبه الصواب، ویعقوب بن جعفر غیر مشهور في الروایة، والمحفوظ من حدیث حلیمة ما تقدم قبل من روایة عبد الله بن جعفر“[2].

یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس میں رکیک الفاظ ہیں جو درستگی کے مشابہہ نہیں ہیں، اور روایت میں موجود راوی یعقوب بن جعفر روایت میں غیر

---

[1] تاریخ دمشق: ٤٧٤/٣، ت: محب الدین أبي سعید عمر بن غرامة، دار الفکر ـ بیروت، الطبعة ١٤١٥ھـ.

[2] تاریخ دمشق: ٤٧٩/٣، ت: محب الدین أبي سعید عمر بن غرامة، دار الفکر ـ بیروت، الطبعة ١٤١٥ھـ.

مشہور ہے، اور حلیمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں محفوظ طریق وہ ہے جو پہلے گزر چکا ہے، یعنی عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ کی روایت۔

سند میں موجود راوی محمد بن زکریا غلابی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

ان کے بارے میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام گزر چکا ہے، دیگر ائمہ کے اقوال ملاحظہ فرمائیں۔

حافظ ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے محمد بن زکریا غَلَابی کو "ثقات"[1] میں ان الفاظ سے ذکر کیا ہے: "كان صاحب حكايات وأخبار، يعتبر حديثه إذا روى عن الثقات، لأنه في روايته عن المجاهيل بعض المناكير".

یہ حکایات اور خبریں بیان کرتا تھا، اور اس کی حدیث کا اعتبار اس وقت کیا جائے گا جب یہ ثقہ سے روایت کرے، کیونکہ اس کی روایت میں مجاہیل سے بعض مناکیر منقول ہیں۔

امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء والمتروكون"[2] میں فرماتے ہیں: "يضع الحديث". یہ حدیث گھڑتا تھا۔

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے "المغني"[3] اور "ديوان الضعفاء"[4] میں، علامہ

---

[1] الثقات: ١٥٤/٩، دائرة المعارف العثمانية ـ حيدر آباد الدكن، الطبعة الأولى ١٣٩٣هـ.

[2] الضعفاء والمتروكون: ص: ٣٥٠، رقم: ٤٨٣، ت: موفق بن عبد الله، مكتبة المعارف ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٠٤هـ.

[3] المغني: ١٩٦/٢، رقم: ٥٥١٢، ت: نور الدين عتر، إدارة إحياء التراث الإسلامي ـ قطر.

[4] ديوان الضعفاء: ص: ٣٥١، رقم: ٣٧١٢، ت: حماد بن محمد الأنصاري، مكتبة النهضة الحديثية ـ مكة المكرمة، الطبعة ١٣٨٧هـ.

سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "ذیل"[1] میں، اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزیه الشریعة"[2] میں امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کو نقل کرنے پر اکتفاء کیا ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "التلخیص الحبیر"[3] میں محمد بن زکریا غَلابی کو ضعیف جداً کہا ہے۔

روایت کا حکم

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کے ضعفِ شدید کی جانب واضح اشارہ فرمایا ہے، اس لئے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

---

[1] ذیل اللآلئ: ص:۱۹۳، رقم:۳۱٤، ت:زیاد النقشبندي الأثري، الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

[2] تنزیه الشریعة: ١٠٥/١، رقم:١١٨، ت:عبد الله الغماري، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٣٩٩هـ.

[3] تلخیص الحبیر: ٨٤/٤، ت:عادل أحمد وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٩هـ.

روایت نمبر ۴۴

روایت: بسم اللہ کی میم الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر آخر تک پڑھنے پر چار انعامات کا ملنا

حکم: من گھڑت

روایت کا مصدر

یہ روایت علامہ صوفی ابو بکر احمد بن علی بن حسین بن زکریا طُرَیْثِیْثی المعروف بابن زہراء (المتوفی ۴۹۷ھ) کی "أحاديث مسلسلات"[1] میں ان الفاظ کے ساتھ تخریج کی گئی ہے:

"حدثنا الشيخ القاضي الإمام أبو عبد الله بن خَمِيْس، قال: بالله العظيم، لقد حدثنا شيخنا الطُرَيْثِيْثِي، وقال: بالله العظيم، لقد حدثنا الرئيس أبو بكر الفضل بن محمد الكاتب الهَرَوِيْ، في جامع المنصور، في جمادى الآخرة، سنة أربع وستين وأربع مائة، قدم علينا حاجا، وقال: بالله العظيم، لقد حدثنا الشيخ الإمام أبو بكر محمد بن علي الساشي [كذا في الأصل] الشافعي، من لفظه، بكرهور [كذا في الأصل] من بلاد الهندِ، وقال: بالله العظيم، لقد حدثنا عبد الله المعروف بأبي نصر السرخسي، وقال: بالله العظيم، لقد حدثنا الشيخ الإمام أبو بكر محمد بن الفضل، وقال: بالله العظيم، لقد حدثنا أبو عبد الله محمد بن علي بن يحيى الوراق الفقيه، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني محمد بن

---

[1] أحاديث مسلسلات: ص: ۷، مخطوط.

يونس الطويل الفقيه، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني محمد بن الحسن العلوي الزاهد، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني موسى بن عيسى، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني أبو بكر الراجفي بالبصرة، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني عمار بن موسى البَرْمَكِيْ، فقال: بالله العظيم، لقد حدثني أنس بن مالك، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني علي بن أبي طالب، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني أبو بكر رضي الله عنه، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني المصطفى صلى الله عليه وسلم، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني جبريل، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني ميكائيل عليه السلام، وقال: بالله العظيم، لقد حدثني إسرافيل عليه السلام، وقال: قال الله تبارك وتعالى: يا إسرافيل! بعزتي وجلالي، وجودي وكرمي، من قرأ: بسم الله الرحمن الرحيم متصلة بفاتحة الكتاب مرة واحدة، أشهدوا على أني قد غفرت له، وقبلت منه الحسنات، وتجاوزت عنه السيئات، ولا أحرق لسانه في النار، وأجيره من عذاب القبر، وعذاب النار، وعذاب القيامة، والفزع الأكبر، ويلقاني قبل الأنبياء والأولياء".

شیخ قاضی ابو عبد اللہ بن خَمِیُس کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا ہمارے شیخ طُرَیْثِیْثی نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا ابو بکر فضل بن محمد کاتب ہَرَوِی نے جامع منصور میں جمادی الآخرہ سن ۴۶۴ھ میں، وہ ہمارے پاس حج کے لئے آئے تھے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا شیخ ابو بکر محمد بن علی ساشی شافعی نے اپنے ان الفاظ سے مقام کرہور میں جو بلاد ہند کا ایک

شہر ہے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا عبد اللہ نے جو ناصر سرخسی کے نام سے معروف ہیں، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا شیخ ابو بکر محمد بن فضل نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا ابو عبد اللہ محمد بن علی بن یحیی وراق فقیہ نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم ہمیں بیان کیا محمد بن یونس طویل فقیہ نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا محمد بن حسن علوی زاہد نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا موسی بن عیسی نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا ابو بکر راجفی نے بصرہ میں، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا عمار بن موسی برِمکی نے، اور وہ کہتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے، اور وہ فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے، اور وہ فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے، اور وہ فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا جبریل علیہ السلام نے، اور جبریل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا میکائیل علیہ السلام نے، اور میکائیل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ باللہ العظیم مجھے بیان کیا اسرافیل علیہ السلام نے، اور اسرافیل علیہ السلام کہتے ہیں: اللہ تبارک وتعالی نے ارشاد فرمایا: اے اسرافیل! میری عزت وجلال، جود وکرم کی قسم! جس شخص نے بسم اللہ الرحمن الرحیم سورۂ فاتحہ کے ساتھ ملا کر ایک مرتبہ پڑھی، تو تم لوگ اس بات کے گواہ رہو کہ میں اس کی بخشش کر دوں گا، اور اس کی نیکیاں قبول کروں گا، اور اس کے گناہوں سے درگزر کروں گا، اور اس کی زبان کو آگ میں نہیں جلاؤں گا، اور اسے قبر اور جہنم اور قیامت کے عذاب سے، اور بڑے دردناک دن سے بچاؤں گا، اور وہ انبیاء علیہم السلام اور اولیاء سے پہلے مجھ سے ملے گا۔

بعض دیگر مصادر

حافظ ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے "کتاب المسلسلات"[1] میں اپنی متصل سند سے، حافظ ابو القاسم محمد بن عبد الواحد غافقی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ٦١٩ھ) نے "کتاب لمحات الأنوار ونفحات الأزهار"[2] میں، نیز علامہ ابو الفیض محمد یاسین بن محمد عیسی فادانی مکی (المتوفی ١٤١١ھ) نے اپنی مسلسلات "العجالة في أحاديث المسلسلة"[3] میں اسے اپنی متصل سند سے علامہ ابو بکر احمد بن علی

[1] كتاب المسلسلات:ص:٩،مخطوط .

[2] كتاب لمحات الأنوار:ص:٥١٦،رقم:٦٣١،ت:رفعت فوزي عبد المطلب،دار البشائر الإسلامية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤١٨هـ.

[3] العجالة في أحاديث المسلسلة:ص:١٧،رقم:٧،دار البصائر ـ دمشق،الطبعة الثانية ١٤٠٥هـ.

علامہ ابو الفیض محمد یاسین بن محمد عیسی فادانی مکی کی سند ملاحظہ ہو:

"لقد أخبرني به الشيخ محمد عبد الباقي اللكنوي والشيخ عمر بن حمدان المحرسي، وهما عن السيد علي بن ظاهر الوتري المدني، عن عبد الغني ابن أبي سعيد الدهلوي، وزاد اللكنوي عن صالح بن عبد الله السناري المكي، عن أبي المحاسن الطَرَابُلُسِي بروايته، وعبد الغني الدهلوي، عن محمد عابد السندي، عن يوسف بن محمد بن علاء الدين المزجاجي، عن أبيه، عن البرهان إبراهيم بن حسن الكُرْدِي الكُوْرَانِي، عن الصفي أحمد بن محمد القُشَاشِي، عن أبي المواهب أحمد بن علي الشناوي، عن صبغة الله، عن وجيه الدين العَلَوِي، عن القطب محمد بن أحمد النَهْرَوَالي، عن أبيه العلاء أحمد بن محمد النَهْرَوَالي، عن الشمس محمد بن عبد الرحمن السخاوي، عن أم هانئ سبطة الفخر القاضي، عن العفيف عبد الله بن محمد المكي، عن الرضي أبي أحمد الطَبَرِي، عن أبي الحسن علي بن هبة الله بن سلامة، عن الإمام الشرف أبي سعد عبد الله بن محمد بن أبي عصرون المَوْصِلِي، عن القاضي أبي عبد الله الحسين بن نصر بن محمد بن خميس، عن الفقيه أبي بكر أحمد بن علي الطُرَيْثِيْثِي، عن أبي بكر الفضل بن محمد الكاتب الهَرَوِي، عن الإمام أبي بكر محمد بن علي الشاشي، عن أبي نصر زهير بن الحسن المعروف بالسرخسي، عن أَبي بكر محمد بن الفضل، عن أبي عبد الله محمد بن علي بن يحيى الوراق، عن أبي محمد الحسن بن يونس الطويل، عن محمد بن أنس العَلَوِي، عن موسى بن عيسى، عن أبي بكر الراجفي، عن عمار بن موسى البَرْمَكِي، قائلا كل واحد منهم بالله العظيم لقد حدثني أو أخبرني فلان إلى البَرْمَكِي، قال: بالله العظيم لقد حدثني أنس بن مالك ..... قال الشمس ابن الطيب: الراوي هنا عن أنس هو عمار بن موسى البرمكي لا عمار بن ياسر كما في كلام ابن حجر، فإنه قال: كذا هو ابن موسى البرمكي فيما رأيته بخط الشيخ محيي الدين بن عربي في فتوحاته، وكذا هو في مسلسلات ابن أبي عصرون في ما رأيته في نسخة صحيحة، وهكذا هو

طُرَیْثیثی کے طریق سے تخریج کیا ہے۔

علامہ ابو بکر ابن العربی نے بھی "الفتوحات المکیة"[1] میں بالکل ختم کتاب پر "الباب الموفی ستین و خمسمائہ" میں اس روایت کی تخریج کی ہے، اور علامہ ابو بکر ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کے طریق سے علامہ محمد بن احمد بن سعید حنفی مکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۵۰ھ) نے "الفوائد الجليلة في مسلسلات ابن عقيلة"[2] میں اس کی تخریج کی ہے، تمام سندیں سند میں موجود راوی ابو بکر فضل بن محمد کاتب ہروی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ "عمدة القاري"[3] میں فرماتے ہیں:

في مسلسلات السخاوي في النسخة التي عليها خطه، ثم رأيت في لسان الميزان نقلا عن الذهبي: داود بن عفان عن أنس بنسخة موضوعة، قال ابن حبان: كتبنا النسخة عن عمار بن عبد المجيد عنه، لا يحل ذكره إلا على سبيل القدح، انتهى.

قال ابن الطيب: فالراوي عن داود بن عفان الراوي عن أنس هو عمار بن عبد المجيد لا ابن موسى وأما عمار عن أنس فقد قال في لسان الميزان عن الذهبي: عمار عن أنس قال البخاري فيه نظر، حدث عنه ابن أبي زكرياء انتهى كلام الذهبي، قال وفي ثقات ابن حبان عمار المزني عن أنس، وعنه حميد الطويل فلعله هذا انتهى كلام ابن حجر، قال ابن الطيب: فظهر أن عمارا الراوي عن أنس ليس بمنحصر في ابن ياسر، فجاز أن يكون ابن موسى هو الذي قال فيه البخاري فيه نظر، ومقتضى هذه الصيغة أن يكون ممن يخرج حديثه للاعتبار، ولهذا جوز ابن حجر أن يكون هو المزني الذي وثقه ابن حبان، فلا يتأتى الحكم ولا الجزم بالرفع كما هو ظاهر، والله أعلم".

[1] الفتوحات المكية: ٣٠٤/٨، ت: أحمد شمس الدين، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ.

[2] الفوائد الجليلة: ص: ١٤٢، ت: محمد رضا القهوجي، دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١هـ.

[3] عمدة القاري: ٢٩٠/٥، دار الفكر.

”وأما حديث أبي بكر الصديق رضي الله تعالى عنه، فأخرجه الحافظ أبو القاسم الغافقي الأندلسي في كتابه المسلسل بسند فيه مجاهيل، أنه قال: عن النبي صلى الله عليه وسلم، عن جبريل عليه الصلاة والسلام، عن إسرافيل عليه الصلاة والسلام، عن رب العزة عز وجل، فقال: من قرأ بسم الله الرحمن الرحيم متصلة بفاتحة الكتاب في صلاته غفرت ذنوبه. قلت: ضعيف، ولا يدل على إثبات الجهر“.

اور جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اسے حافظ ابو القاسم غافقی اندلسی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسی سند کے ساتھ تخریج کیا ہے جس میں مجاہیل ہیں، کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام سے، انہوں نے اسرافیل علیہ السلام سے، انہوں نے رب العزت جل جلالہ سے اسے نقل کیا ہے، اللہ رب العزت فرماتے ہیں: جس نے نماز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم فاتحہ کے ساتھ ملا کر پڑھی میں اس کے گناہ معاف کر دوں گا۔ میں (حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں: یہ ضعیف ہے، اور اس سے تسمیہ کے آواز سے پڑھنے پر استدلال نہیں کر سکتے۔

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ ”تنزيه الشريعة“[1] میں فرماتے ہیں:

”أبو حفص المَيَّانِشِيْ في المجالس المكية مسلسلا بالحلف بالله العظيم، وإنه لكذب بين وبهتان عظيم“.

ابو حفص مَیَّانشی نے ”مجالس مکیہ“ میں باللہ العظیم کی قسم کے تسلسل کے

[1] تنزيه الشريعة: الفصل الثالث: ۲/۱۱۵، رقم: ۹۸، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف، دار الكتب العلمية ـ بيروت.

ساتھ اسے تخریج کیا ہے، (علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) بے شک یہ واضح جھوٹ اور عظیم بہتان ہے۔

علامہ قاؤقجی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ قاؤقجی رحمۃ اللہ علیہ "اللؤلؤ المرصوع"[1] میں لکھتے ہیں:

"وقد أنكره السخاوي تسلسلا ومتنا، وشنع الكلام [عليه] وقال: لولا قصد بيانه ما استبحت حكايته، قبح الله واضعه، لكن انتصر لرده المحقق إبراهيم الكُوْرَانِيْ [كذا في الأصل]، وذكره العارف محيي الدين بن عربي في الفتوحات المكية، وفي كتابه مشكاة الأنوار، وهو من أهل العِلْمَيْن، فالحديث وإن لم يصح بطريق النقل فقد صح من طريق الكشف، والله أعلم".

سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس کے تسلسل و متن دونوں پر انکار کیا ہے، اور اس کی قباحت بیان کی ہے، نیز فرمایا ہے کہ اگر اس کی صورتحال واضح کرنے کا ارادہ نہ ہوتا تو مجھے اس کا نقل کرنا بھی گوارہ نہ تھا، اللہ اس کے گھڑنے والے کا بُرا کرے، لیکن محقق ابراہیم کورانی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے رد کی تائید کی ہے [اصل میں اسی طرح ہے، محمد طارق]، اور اسے عارف محی الدین بن عربی نے "فتوحات مکیہ" اور "مشکاۃ الانوار" میں ذکر کیا ہے، اور محی الدین بن عربی دونوں علوم کی اہلیت رکھتے ہیں، الحاصل یہ حدیث اگرچہ نقل کے طریقے پر صحیح نہیں ہے لیکن کشف کے طریقے پر صحیح ہے، واللہ اعلم۔

---

[1] اللؤلؤ المرصوع: ص: ۱۳۲، رقم: ۳۶۷، ت: فواز أحمد زمرلي، دار البشائر الإسلامية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۱۵ھ۔

فائدہ:

واضح رہے کہ حضرات محدثین کے نزدیک کشف کے ذریعے کسی حدیث کو صحیح قرار دینے کا کوئی اعتبار نہیں ہے، چنانچہ شیخ عبد الفتاح ابو غدہ رحمۃ اللہ علیہ ایک موقع پر محدثین کے نزدیک مکاشفات سے ثبوتِ حدیث کی نفی کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"ويشير الإمام الآلوسي رحمه الله تعالى بهذا إلى أنه لا عبرة بالتصحيح الكشفي عند المحدثين، وهو كذلك.... ويزيد في لزوم التمسك بأقوال الحفاظ المحدثين العارفين بهذا الشأن، فهم أصحاب الحق والمرجع المتبع في التصيح والتضعيف، بما سنوه من قواعدهم لحفظ سنة رسول الله ﷺ من أن يدخل عليها ماليس منها"[1].

امام آلوسی رحمۃ اللہ علیہ اپنے اس کلام سے اس طرف اشارہ فرمارہے ہیں کہ محدثین کے نزدیک کشف کے ذریعے کسی حدیث کو صحیح قرار دینے کا کوئی اعتبار نہیں ہے، اور حقیقت بھی یہی ہے۔۔۔حدیث کی معرفت رکھنے والے محدثین اور حفاظ کے اقوال کو اختیار کرنا ایک لازمی امر ہے، یہی لوگ اہل حق ہیں، اور حدیث کی تصحیح اور تضعیف میں یہی لوگ قابلِ اقتداء اور مرجع ہیں، کیونکہ سنتِ رسول اللہ ﷺ کو غیر متعلقہ مواد سے محفوظ رکھنے کے لئے، ان محدثین ہی نے اصول و قواعد وضع کئے ہیں۔

---

[1] المصنوع:ص:۱٤٢،رقم:۲۳۲،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتب المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الثانية۱۳۹۸ھ۔

روایت کا حکم

حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ قاوقجی رحمۃ اللہ علیہ کی تصریح کے مطابق یہ روایت من گھڑت ہے، اس لئے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت نمبر ۲۵

روایت: آپ ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پر فرمانا کہ میری تم سے محبت ایسی ہے جیسے رسی کی گرہ۔

حکم: یہ باطل ہے، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت کا مصدر

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "حلية الأولياء"[1] میں لکھتے ہیں:

"حدثنا سليمان بن أحمد، ثنا أحمد بن يحيى بن خالد بن حيان الرقي، ثنا محمد بن بشر المصري [كذا في الأصل]، ثنا عثمان بن عبد الله، ثنا مالك بن أنس، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عائشة، رضي الله تعالى عنها قالت: قلت: يا رسول الله! كيف حبك لي؟ قال: كعقدة الحبل، فكنت أقول: كيف العقدة يا رسول الله! قال: فيقول: هي على حالها".

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ آپ کی محبت مجھ سے کیسی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میری محبت تم سے ایسی ہے جیسے رسی کی گرہ، حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں پھر پوچھتی تھی کہ گرہ کیسی ہے؟ آپ ﷺ فرماتے کہ اپنی حالت پر ہے۔

یہ روایت حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی "غرائب مالك"[2] میں نقل کی

---

[1] حلية الأولياء: ٤٤/٢، دار الفكر- بيروت، الطبعة ١٤١٦هـ.

[2] لسان الميزان: ٥٧١/١، رقم: ٦٩٨، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية-حلب، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

ہے، جس میں احمد بن عیسی کندی مؤدب نے "حلیہ" کی سند میں موجود راوی محمد بن بشر مصری کی متابعت کی ہے، اسی طرح حافظ تمام بن محمد بَجَلی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد"[1] میں اس کی تخریج کی ہے، جس میں محمد بن اسماعیل نے "حلیہ" کی سند میں موجود راوی محمد بن بشر مصری کی متابعت کی ہے، اس کے بعد تینوں سندیں سند میں موجود راوی ابو عمرو عثمان بن عمرو نصیبی پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

روایت پر ائمہ کا کلام

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "هذا باطل، ومن بين مالك وشيخنا ضعفاء كلهم سوى الشافعي"[2]. یہ باطل حدیث ہے، اور مالک اور ہمارے شیخ کے درمیان سوائے (ابو بکر) شافعی کے سب ہی ضعفاء ہیں۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "لسان الميزان"[3] میں، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے "ذيل اللآلئ"[4] میں، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ نے "تذكرة الموضوعات"[5] میں اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے "تنزيه الشريعة"[6] میں اعتماد کیا ہے۔

نیز علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے "الفوائد المجموعة"[7] میں علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے۔

---

[1] الفوائد: ۱۰/۲، رقم: ۹۸۵، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة الرشد - الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۱۲هـ.
[2] لسان الميزان: ۵۷۱/۱، رقم: ۶۹۸، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية - حلب، الطبعة الأولى ۱٤۲۳هـ.
[3] لسان الميزان: ۵۷۱/۱، رقم: ۶۹۸، ت: عبدالفتاح أبو غدة، مكتبة المطبوعات الإسلامية - حلب، الطبعة الأولى ۱٤۲۳هـ.
[4] ذيل اللآلئ: ۵۲۱/۲، رقم: ٦۲۸، ت: رامز خالد حاج حسن، مكتبة المعارف - الرياض، الطبعة الأولى ۱٤۳۱هـ.
[5] تذكرة الموضوعات: ص ۱۰۰، دار إحياء التراث - بيروت، الطبعة الثانية ۱۳۹۹هـ.
[6] تنزيه الشريعة: ۲۱۵/۲، رقم: ٥٤، ت: عبد الوهاب عبد اللطيف، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة الثانية ۱٤۰۱هـ.
[7] الفوائد المجموعة: ص: ۳۹۹، رقم: ۱٤۰، ت: عبد الرحمن بن يحيى المعلمي اليماني، دار الكتب العلمية - بيروت، الطبعة ۱٤۱٦هـ.

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کا قول

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ "لسان المیزان"[1] میں محمد بن بشیر مصری کے ترجمہ میں لکھتے ہیں:

"محمد بن بشير المصري، عن عثمان بن عبد الله النصيبي، عن مالك بخبر منكر. قال ابن عساكر: هما مجهولان". محمد بن بشیر مصری عثمان بن عبد اللہ نصیبی سے اور وہ مالک رحمۃ اللہ علیہ سے منکر روایت نقل کرتا ہے، ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ دونوں مجہول ہیں۔

اہم نوٹ: واضح رہے کہ بظاہر ذکر کردہ سند سے معلوم ہوتا ہے کہ خبرِ منکر سے ہماری اس زیرِ بحث روایت کی طرف اشارہ ہے۔

ابو عمرو عثمان بن عبد اللہ بن عمرو قرشی اموی نصیبی کے بارے میں ائمہ رجال کے اقوال

حافظ ابن حبان "المجروحین"[2] میں لکھتے ہیں:

"شيخ قدم خراسان فحدثهم بها، يروي عن الليث بن سعد ومالك وابن لهيعة، ويضع عليهم الحديث، كتب عنه أصحاب الرأي، لا يحل كتابة حديثه إلا على سبيل الاعتبار".

یہ شیخ خراسان آیا تھا، وہاں لوگوں کو حدیثیں بیان کرتا تھا، لیث بن سعد، مالک اور ابن لہیعہ سے روایت کرتا تھا، اور ان پر حدیثیں گھڑتا تھا، اس کی اصحاب الرائے

---

[1] لسان المیزان:۱۵/۷،رقم:٦٥٥٠،ت:عبدالفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الاسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] المجروحين:١٠٢/٢،ت:محمود إبراهيم زايد،دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة ١٤١٢هـ.

نے حدیثیں لکھی ہیں، اس کی حدیثیں لکھنا حلال نہیں ہے سوائے اعتبار کے۔

حافظ ابن عدی رحمۃ اللہ علیہ "الکامل"[1] میں عثمان نصیبی کی احادیث تخریج کرنے کے بعد فرماتے ہیں: "وهذه الأحاديث، عن ابن لهيعة التي ذكرتها لا يرويها غير عثمان بن عبد الله هذا، ولعثمان غير ما ذكرت من الأحاديث، أحاديث موضوعات".

ابن لہیعہ کی جو احادیث میں نے ذکر کی ہیں اس کا راوی سوائے عثمان بن عبد اللہ کے اور کوئی نہیں ہے، نیز عثمان کی میری ذکر کردہ احادیث کے علاوہ اور بھی من گھڑت احادیث ہیں۔

حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ بغداد"[2] میں فرماتے ہیں: "وكان ضعيفا، والغالب على حديثه المناكير". یہ ضعیف تھا، اور اس کی احادیث میں مناکیر غالب ہیں۔

امام ابو عبد اللہ حاکم نیشاپوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "عثمان بن عبد الله القرشي الذي يروي عن مالك، كذاب، يكنى أبا عمرو، قدم خراسان بعد الثلاثين والمائتين، فحدث عن مالك، والليث بن سعد، وابن لهيعة، والحمادين، وغيرهم بأحاديث، أكثرها موضوعة"[3].

---

[1] الكامل في ضعفاء الرجال:٣٠٤/٦،رقم:١٣٣٦،ت:عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض،دار الكتب العلمية ـ بيروت.

[2] تاريخ بغداد:١٦١/١٣،رقم:٦٠٠٦،ت:بشار عواد معروف،دارالغرب الإسلامي ـ بيرت،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[3] سؤالات مسعود السجزي للحاكم:ص:٨٢،رقم:٤٢،ت:موفق بن عبد الله،دارالغرب الإسلامي ـ بيرت،الطبعة الأولى ١٤٠٨هـ.

عثمان بن عبد اللہ قرشی جو مالک سے روایت نقل کرتا ہے، کذاب ہے، اس کی کنیت ابو عمرو ہے، یہ ۲۳۰ھ کے بعد خراسان آیا تھا، جہاں اس نے مالک، لیث بن سعد، ابن لہیعہ، اور حمادین وغیرہ کے انتساب سے حدیثیں نقل کی ہیں، جن میں اکثر من گھڑت ہیں۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "متروك الحديث"[1]. یہ متروک الحدیث ہے۔

حافظ دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ ہی ایک دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: "يضع الأباطيل على الشيوخ الثقات"[2]. یہ ثقہ شیوخ کے انتساب سے باطل احادیث گھڑتا تھا۔

حافظ جوزجانی رحمۃ اللہ علیہ "الأباطيل والمناكير"[3] میں لکھتے ہیں: "هذا كذاب". یہ جھوٹا ہے۔

حافظ ابو نعیم اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ "الضعفاء"[4] میں لکھتے ہیں: "يروي عن مالك، والليث، وابن لهيعة، ورشدين، وحماد بن سلمة بالمناكير". یہ مالک، لیث، ابن لہیعہ، رشدین اور حماد سے مناکیر نقل کرتا تھا۔

---

[1] لسان الميزان:٥/٣٩٧،رقم:٥١٣٢،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] لسان الميزان:٥/٣٩٧،رقم:٥١٣٢،ت:عبد الفتاح أبو غدة،مكتبة المطبوعات الإسلامية ـ حلب،الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[3] الأباطيل والمناكير:١/٢٣،رقم:١٨،ت:عبد الرحمن عبد الجبار الفريوائي،المطبعة السلفية ـ الهند،الطبعة الأولى ١٤٠٣هـ.

[4] كتاب الضعفاء لأبي نعيم:ص:١١٦، رقم:١٥٨،ت:فاروق حمادة،مطبعة النجاح الجديدة .

حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ "المغني في الضعفاء"[1] میں فرماتے ہیں: "متهم".
یہ متہم ہے۔

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

تفصیل گزر چکی ہے کہ اس روایت کو امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے باطل کہا ہے، اور امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ نے علامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے قول پر اعتماد کیا ہے، اس لئے اس روایت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

[1] المغني في الضعفاء: ٦٠٤/١، رقم: ٤٠٣٤ ت: نورالدين عتر، إدارة إحياء التراث العربي ـ قطر.

فصل دوم (مختصر نوع)

روایت نمبر①

روایت: آپ ﷺ کا ایک صحابی کو جھوٹ چھوڑنے کی وصیت کرنا، جس کے نتیجہ میں اس سے تمام گناہ چھوٹ گئے۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتیح الغیب"[1] میں ان الفاظ سے نقل کی ہے:

"روي أن واحدا جاء إلى النبي عليه السلام وقال: إني رجل أريد أن أومن بك إلا أني أحب الخمر والزنا والسرقة والكذب، والناس يقولون: إنك تحرم هذه الأشياء، ولا طاقة لي على تركها بأسرها، فإن قنعت مني بترك واحد منها آمنت بك، فقال عليه السلام: اترك الكذب، فقبل ذلك ثم أسلم.

فلما خرج من عند النبي عليه السلام عرضوا عليه الخمر، فقال: إن شربت وسألني الرسول عن شربها وكذبت فقد نقضت العهد، وإن صدقت أقام الحد علي فتركها، ثم عرضوا عليه الزنا، فجاء ذلك الخاطر فتركه، وكذا في السرقة، فعاد إلى رسول الله صلى الله عليه

[1] المفاتيح الغيب: ٢٢٧/١٦، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

وسلم وقال: ما أحسن ما فعلت، لما منعتني عن الكذب انسدت أبواب المعاصي علي، وتاب عن الكل".

منقول ہے کہ ایک شخص نبی علیہ السلام کے پاس آیا اور عرض کیا کہ میں آپ پر ایمان لانا چاہتا ہوں لیکن میں شراب، زنا، چوری، اور جھوٹ کو پسند کرتا ہوں، جبکہ لوگ کہتے ہیں کہ ان چیزوں کو آپ حرام کہتے ہیں، اور مجھ میں ان سب چیزوں کو چھوڑنے کی طاقت نہیں ہے، اگر آپ اس بات پر قناعت کرلیں کہ میں ان میں سے کسی ایک چیز کو چھوڑ دوں تو میں آپ پر ایمان لے آتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جھوٹ بولنا چھوڑ دو، اس شخص نے اس بات کو قبول کرلیا اور مسلمان ہو گیا۔

جب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گیا تو لوگوں نے اس کے سامنے شراب پیش کی، اس نے کہا کہ اگر میں نے شراب پی لی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے شراب پینے کے متعلق پوچھ لیا اور میں نے جھوٹ بولا تو وعدہ خلافی ہو جائے گی، اور اگر میں نے سچ بولا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد قائم فرمائیں گے تو اس نے شراب چھوڑ دی، پھر اسے زنا کی پیشکش ہوئی، اس کے دل میں پھر یہی خیال آیا تو اس نے اسے بھی چھوڑ دیا، اور اسی طرح چوری بھی چھوڑ دی، پھر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اچھا عمل آپ نے بتایا، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جھوٹ سے منع کر دیا تو گناہ کے سب دروازے مجھ پر بند ہو گئے، اور وہ شخص (یوں) تمام گناہوں سے تائب ہو گیا۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت علامہ عمرو بن بحر المعروف جاحظ رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۵۵ھ) نے "المحاسن والأضداد"[1] میں، علامہ ابو العباس محمد بن یزید المعروف مبرد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۸۵ھ) نے "الكامل في اللغة والأدب"[2] میں، علامہ ابراہیم بن محمد بیہقی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۳۲۰ھ) نے "المحاسن والمساوي"[3] میں، امام ابن حزم اندلسی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۵۶ھ) نے "طوق الحمامة"[4] میں، علامہ زمخشری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۳۸ھ) نے "ربيع الأبرار"[5] میں، علامہ محمد بن حسن بن محمد بن علی بن حمدون رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۶۲ھ) نے "التذكرة الحمدونية"[6] میں اور علامہ عبد الرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۳۱ھ) نے "شرح الأربعين النووية"[7] میں بغیر سند کے ذکر کی ہے۔

---

[1] المحاسن والأضداد: ص: ٥١، ت: محمد سويد، دار إحياء العلوم ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٨هـ.

[2] الكامل في اللغة والأدب: ١٥٦/٢، ت: محمد أبو الفضل إبراهيم، دار الفكر العربي ـ القاهرة، الطبعة الثالثة ١٤١٧هـ.

[3] المحاسن والمساوي: ٦٥/٢، طبع بمطبعة السعادة ـ مصر، الطبعة ١٢٢٥هـ.

[4] طوق الحمامة: ص: ٧٨، مؤسسة هنداوي ـ مصر، الطبعة الأولى ٢٠١٦ء.

امام ابن حزم رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "وروي أنه أتاه صلى الله عليه وسلم رجل فقال: يا رسول الله! إني أستهتر بثلاث: الخمر والزنا والكذب، فمرني أيها أترك، قال: اترك الكذب، فذهب عنه، ثم أراد الزنا ففكر فقال: آتي رسول الله صلى الله عليه وسلم فيسألني: أزينت فإن قلت: نعم، حدني، وإن قلت: لا، نقضت العهد، فتركه، ثم كذلك في الخمر، فعاد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال: يا رسول الله! إني تركت الجميع".

[5] ربيع الأبرار: ٣٣٩/٤، ت: عبد الأمير مهنا، مؤسسة الأعلمي للمطبوعات ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٢هـ.

[6] التذكرة الحمدونية: ٤٩/٣، رقم: ٧٧، ت: إحسان عباس وبسكر عباس، دار صادر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٩٩٦ء.

[7] شرح الأربعين النووية للمناوي: ص: ٢١٠، ت: محمد عبد الكريم حسن الإسحاقي، الجامعة الإسلامية ـ المدينة المنورة.

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت ان الفاظ سے سنداً نہیں ملی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے ان الفاظ سے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر②

روایت: ”إن الدانق من الفضة يؤخذ به يوم القيامة سبعمائة صلاة مقبولة فتعطى إلى الخصم“. چاندی کے ایک دانق کے بدلہ قیامت کے دن سات سو مقبول نمازیں لے کر مد مقابل کو دے دی جائیں گی۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے ”شرح أسماء الله الحسنى“[1] میں بلا سند ”قیل“ کہہ کر ذکر کی ہے، ملاحظہ ہو:

”وقيل:إن الدانق من الفضة يؤخذ به يوم القيامة سبعمائة صلاة مقبولة فتعطى إلى الخصم“. اور کہا جاتا ہے کہ بے شک چاندی کے ایک دانق کے بدلہ قیامت کے دن سات سو مقبول نمازیں لے کر مد مقابل کو دے دی جائیں گی۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے ”التذکرۃ“[2] میں، حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ

---

[1] شرح أسماء الله الحسنى:ص:٢٤٦،دار آزال ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

[2] التذكرة بأحوال الموتى:ص:٦٤٧،ت:الصادق بن محمد بن إبراهيم،مكتبة دار المنهاج ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: ”ويقال: لو أن رجلا له ثواب سبعين نبيا، وله خصم بنصف دانق، لم يدخل الجنة حتى يرضى خصمه، وقيل: يؤخذ بدانق قسط سبعمائة صلاة مقبولة، فتعطى للخصم. ذكره القشيري في التحبير له، عند اسمه المقسط الجامع“.

نے "التوضيح"[1] میں، علامہ عبد الرحمن صفوری رحمۃ اللہ علیہ نے "نزهة المجالس"[2] میں، علامہ قسطلانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المواهب اللدنية"[3] میں، علامہ محمد بن احمد میارہ مالکی رحمۃ اللہ علیہ نے "الدر الثمين"[4] میں اور علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح الزرقاني"[5] میں امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بغیر سند کے ذکر کی ہے۔

علامہ حصکفی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر بحث روایت ان الفاظ سے ذکر کی ہے: "جاء أنه يؤخذ لدانق ثواب سبعمائة صلاة بالجماعة". آیا ہے کہ بے شک ایک دانق کے بدلہ میں سات سو باجماعت نمازوں کا ثواب لے لیا جائے گا۔

روایت پر علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ کا کلام

علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ "رد المحتار"[6] میں زیر بحث روایت کے تحت لکھتے ہیں:

"قوله جاء أي: في بعض الكتب أشباه عن البزازية، ولعل المراد

---

[1] التوضيح لشرح الجامع الصحيح: ٦٦/٣٠، ت: دار الفلاح، إدارة الشؤون الإسلامية ـ قطر، الطبعة الأولى ١٤٢٩هـ.
حافظ ابن ملقن رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "كما ورد في الأحاديث التي سقناها، وقد قيل: لو أن رجلا له ثواب سبعين صديقا، وله خصم بنصف دانق، لم يدخل الجنة حتى يرضى خصمه، وقيل: يؤخذ بدانق واحد سبعمائة صلاة مقبولة، فيعطى للخصم. ذكره القشيري في تحبيره".

[2] نزهة المجالس: ص: ٣١٥، المكتبة العصرية ـ بيروت، الطبعة ١٤٣٨هـ.

[3] المواهب اللدنية: ٦٦٠/٤، ت: صالح أحمد الشامي، المكتب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.
علامہ قسطلانیؒ کی عبارت ملاحظہ ہو: "وقد نقل: لو أن رجلا له ثواب سبعين نبيّا، وله خصم بنصف دانق، لم يدخل الجنة حتى يرضى خصمه، وقيل: يؤخذ بدانق سبعمائة صلاة مقبولة، فتعطى للخصم. ذكره القشيري في التحبير".

[4] الدر الثمين: ص: ٦١٥، ت: عبدالله المنشاوي، دار الحديث ـ القاهرة، الطبعة ١٤٢٩هـ.

[5] شرح الزرقاني على المواهب: ٣٥٥/١٢، ت: محمد عبدالعزيز الخالدي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٧هـ.

[6] حاشية ابن عابدين: ١٢٣/٢، ت: عادل أحمد وعلي محمد معوض، دار عالم الكتب ـ الرياض، الطبعة ١٤٢٣هـ.

بها الكتب السماوية، أو يكون ذلك حديثا نقله العلماء في كتبهم، والدانق بفتح النون وكسرها سدس الدرهم، وهو قيراطان، والقيراط خمس شعيرات، ويجمع على دوانق ودوانيق، كذا في الأختري حموي.

قوله: ثواب سبعمائة صلاة بالجماعة أي: من الفرائض، لأن الجماعة فيها والذي في المواهب عن القشيري: سبعمائة صلاة مقبولة. ولم يقيد بالجماعة، قال شارح المواهب: ما حاصله هذا لا ينافي أن الله تعالى يعفو عن الظالم ويدخله الجنة برحمته، ط ملخصا".

علامہ ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب درمختار کے قول "آیا ہے" سے مراد یہ ہے کہ بعض کتب میں آیا ہے، اشباہ عن بزازیہ [1]، اور شاید "کتب" سے مراد "کتب سماوی" ہیں یا یہ کوئی حدیث ہے جسے علماء نے اپنی کتابوں نقل کیا ہے، اور دانق - نون کے زبر اور زیر کے ساتھ - درہم کے چھٹے حصے کو کہتے ہیں، اور وہ دو قیراط ہیں، اور ایک قیراط پانچ جَو کے برابر ہوتا ہے، اور دانق کی جمع دوانق اور دوانیق ہے، اسی طرح اختری حموی میں ہے۔

علامہ ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ صاحب "در مختار" کے قول "سات سو باجماعت نمازیں" سے مراد فرض نمازیں ہیں، کیونکہ جماعت تو فرض نماز کی ہوتی ہے، اور "مواہب" میں قشیری رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ سات سو

---

[1] "فتاوی بزازیہ" کی عبارت ملاحظہ ہو: "الصلاة لإرضاء الخصوم لا تفيد، بل يصلي لوجه الله تعالى، فإن كان خصمه لم يعف، يؤخذ من حسناته يوم القيامة، جاء في بعض الكتب: أنه يؤخذ لدانق ثواب سبعمائة صلاة بالجماعة، فلا فائدة في النية، وإن كان عقالا يؤاخذ به، فما الفائدة حينئذ"(الفتاوى البزازية على هامش الفتاوى الهندية: ٢٨/٤،المطبعة الكبرى الأميرية ـ مصر،الطبعة الثانية ١٣١٠هـ).

مقبول نمازیں لی جائیں گی، قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے جماعت کی قید ذکر نہیں کی،(نیز) شارح ''مواہب'' کے قول کا حاصل یہ ہے کہ یہ روایت اس کے منافی نہیں ہے کہ اللہ تعالی ظالم کو معاف کرکے اسے اپنی رحمت سے جنت میں داخل کردیں، ط، ملخصًا''۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اورجب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایساکلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو۔

اہم نوٹ: زیر بحث روایت سے ملتا جلتا مضمون امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح''[1] میں تخریج کیا ہے، ملاحظہ ہو:

''حدثنا إسماعيل، قال: حدثني مالك، عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من كانت عنده مظلمة لأخيه فليتحلله منها، فإنه ليس ثم دينار ولا درهم، من قبل أن يؤخذ لأخيه من حسناته، فإن لم يكن له حسنات، أخذ من سيئات أخيه فطرحت عليه''.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے اپنے بھائی پر ظلم کیا ہو تو وہ اس سے اس کے حلال ہونے کی

[1] الصحيح للبخاري: ١١١/٨، ت: محمد زهير بن ناصر الناصر، دار طوق النجاة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

درخواست کرے، کیونکہ وہاں (روزِ قیامت) دینار اور درہم نہیں ہوں گے، اس سے پہلے کہ اس کی نیکیاں اس کے بھائی کے لئے لے لی جائیں، پھر اگر اس کے پاس نیکیاں نہیں ہوں گی، تو اس کے بھائی کی برائیاں لے کر اس پر ڈال دی جائیں گی۔

روایت نمبر ③

روایت: آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دے گی۔

روایت کا مصدر

حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ "منبہات"[1] میں حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے منقول ایک لمبی حدیث کے آخر میں لکھتے ہیں:

"وما زال يوصيني بذكر الله حتى ظننت أنه لا ينفع قول إلا به". آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جبریل علیہ السلام مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دے گی۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] منبهات: ص: ٦٩، مطبع مصطفائی، الطبعة ١٢٧٠هـ.
واضح رہے کہ مذکورہ کتاب "المنبہات" حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے انتساب سے مشہور ہے، لیکن شیخ الحدیث جامعہ مظاہر علوم سہارن پور حضرت مولانا محمد یونس جون پوری رحمۃ اللہ علیہ نے اس انتساب کا رد کیا ہے، اور لکھا ہے کہ یہ نہ حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے اور نہ ہی ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کی، بلکہ احمد بن محمد حجری نام کے کسی مصنف کی ہے، تفصیل کے لئے دیکھئے (اليواقيت الغالية: ٤٤٢/١، ترتيب: محمد أيوب سورتي، مجلس دعوة الحق لستر، الطبعة ١٤٢٩هـ).

روایت نمبر④

روایت: اللہ کے راستے میں دعا ایسے قبول ہوتی ہے جیسے بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کی دعا قبول ہوتی تھی۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت انہی الفاظ کے ساتھ سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام و واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

فائدہ: زیرِ بحث روایت سے ملتی جلتی یہ ذیلی روایت امام ابن ماجہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "سنن"[1] میں تخریج کی ہے، اسے فضائل کے باب میں بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثنا محمد بن طريف قال: حدثنا عمران بن عيينة، عن عطاء بن السائب، عن مجاهد، عن ابن عمر، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: الغازي في سبيل الله والحاج والمعتمر وفد الله دعاهم فأجابوه وسألوه فأعطاهم".

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل فرماتے ہیں کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والا اور حج و عمرہ کرنے والا یہ لوگ اللہ کا وفد ہیں، جب یہ اللہ کو پکارتے ہیں اللہ ان کی پکار کو سنتے ہیں، اور جو یہ مانگتے ہیں اللہ ان کو عطا کرتا ہے۔

---

[1] سنن ابن ماجه: ۹٦٦/۱، رقم: ۲۸۹۳، ت: محمد فؤاد عبد الباقي، دار إحياء الكتب العربية ـ حلب.

روایت نمبر ⑤

روایت: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی بیٹی کا نکاح کفو ملنے کے باوجود نہ کرے اس کو بیٹی کی ہر ماہواری کے بدلہ ایک پیغمبر قتل کرنے کا گناہ ملتا ہے، اور قیامت کے دن اسے یہ ماہواری پلائی جائے گی۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

① حافظ ابن ابی الدنیا رحمۃ اللہ علیہ نے "العیال"[1] میں زیرِ بحث روایت سے ملتی جلتی ایک ضعیف روایت تخریج کی ہے، جسے فضائل کے باب میں بیان کیا جا سکتا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثنا خالد بن خِداَش، حدثنا بشر بن بكر التِنِّيْسِي، حدثنا أبو بكر بن عبد الله بن أبي مريم، عن أبي مجاشع الأزدي، عن عمر بن الخطاب، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: في

[1] انظر موسوعة ابن أبي الدنيا: ٢٦٨/٤، رقم: ٧٧٤٠، ت: فاضل بن خلف الحمادة الرقي، دار إطلس الخضراء ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٣٣هـ.

التوراة مكتوب: من بلغت له ابنة اثنتي عشرة سنة فلم يزوجها، فأصابت إثما، فإنما ذلك عليه".

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تورات میں لکھا ہے کہ جس شخص کی بیٹی کی عمر بارہ سال ہو جائے اور اس نے بیٹی کا نکاح نہ کیا، پھر اس کی بیٹی نے کوئی گناہ کیا تو اس کا وبال اس کے باپ پر ہو گا۔

یہی روایت امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے "شعب الإيمان"[1] میں تخریج کی ہے، نیز حافظ سخاوی رحمۃ اللہ علیہ نے "البلدانيات"[2] اس روایت کو ضعیف کہا ہے۔

---

[1] شعب الإيمان: ١٣٨/١١، رقم: ٨٣٠٢، ت: مختار أحمد الندوي، مكتبة الرشد ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٣هـ.

[2] البلدانيات: ص: ٢١٤، رقم: ٣٦، ت: حسام بن محمد القطان، دار العطاء ـ الرياض، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

حافظ سخاویؒ کی عبارت ملاحظہ ہو: "قرأت على أبي حفص عمر بن إبراهيم القاضي بالمدرسة النظامية من صالحية دمشق، قلت له أخبرك أبو العباس أحمد بن عبد الرحمن المرداوي القاضي فأقر به أنا أبو العباس بن المحب (ح) وأخبرني بعلو العز أبو محمد الحنفي، عن أم محمد الصالحية كلاهما، عن أبي الحسن بن البخاري، قال الأول سماعا أنا أبو حفص بن طبرزذ، أنا أبو محمد يحيي بن الطراح، أنا أبو الحسين محمد بن أحمد بن محمد بن عبد الله بن عبد الصمد بن المهتدي بالله، ثنا أبو عبد الله الحسين بن أحمد بن عبد الله بن بكير الحافظ، ثنا محمد بن عبد الله العسكري، ثنا أبو يعقوب إسحاق بن الحسن بن ميمون الحربي، ثنا مسلم بن إبراهيم، ثنا شداد بن سعيد الراسبي، عن سعيد الجريري، عن أبي نضرة، عن أبي سعيد الخدري وعبد الله بن عباس رضي الله عنهم، قالا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من ولد له مولود، فليحسن أدبه واسمه، فإذا بلغ فليزوجه، فإن بلغ ولم يزوجه، فأصاب إثما فإنما إثمه عليه أو قال باء بإثمه.

هذا حديث ضعيف، رواه البيهقي في شعب الإيمان، له من حديث أحمد بن عبيد، عن إسحاق الحربي، فوقع لنا عاليا، والجريري ممن اختلط، وليس شداد ممن ذكر في الذين سمعوا منه قبله، وفي الباب عن عمر بن الخطاب رفعه، قال: مكتوب في التوراة من بلغت له ابنة ثنتي عشرة سنة فلم يزوجها، فارتكبت إثما، فإثم ذلك عليه، أخرجه البيهقي أيضا، وكذا عنده من حديث أنس رضي الله عنه نحوه، لكن قال الحاكم: إنه شاذ بمرة، وكذا استنكر أحمد إسناد حديث أنس رضي الله عنه، وقال: إنما نرويه بالإسناد الأول، وعلى كل حال فهي ضعيفة".

② واضح رہے کہ شریعت نے کسی رشتہ میں دینی و اخلاقی پسندیدگی کے بعد نکاح کی رغبت دلائی ہے، بصورتِ دیگر فساد کی وعید سنائی ہے، چنانچہ امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "سنن"[1] میں درج ذیل حدیث کو "حسن غریب" قرار دے کر ان الفاظ سے تخریج کیا ہے:

"حدثنا محمد بن عمرو السَوَّاق البلخي، قال: حدثنا حاتم بن إسماعيل، عن عبد الله بن هرمز، عن محمد وسعيد ابني عبيد، عن أبي حاتم المزني قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: إذا جاءكم من ترضون دينه وخلقه فأنكحوه، إلا تفعلوا تكن فتنة في الأرض وفساد،

علامہ احمد بن محمد بن صدیق غماری رحمۃ اللہ علیہ نے "المداوي" میں اس روایت کے مزید طرق ذکر کئے ہیں، ملاحظہ ہوں:

"مكتوب في التوراة: من بلغت له ابنة اثنتى عشرة سنة، فلم يزوجها فأصابت إثما، فإثم ذلك عليه، (هب) عن عمر وأنس، قال الشارح: وإسناده صحيح، والمتن شاذ.

قلت: هذا باطل بل هو تهور وتلاعب، فإنه نقل في الكبير أن البيهقي روى حديث أنس عن الحاكم، وأن الحاكم قال: هذا وجده بكر بن محمد بن عبدان الصدفي في كتابه، وهو إسناد صحيح والمتن شاذ بمرة، قال البيهقي: إنما نرويه بالإسناد الأول، وهو بهذا الإسناد منكرا، فبين البيهقي أنه من حديث أنس منكر غير معروف، وأن المعروف فيه من حديث عمر، وحديث عمر أيضا ضعيف، فالحديث من كلا الطريقين ضعيف، فقوله: إسناده صحيح بعد ما نقل عن البيهقى تضعيفه تهور وتلاعب.

والحديث خرجه أيضا البندهي في "شرح المقامات" قال: أخبرنا أبو المظفر محمد بن أحمد بن علي الخطيب بقراءتى عليه، أنا أبو نصر محمد بن محمد بن علي التنيسى، ثنا أبو بكر محمد بن عمر بن خلف الوراق، ثنا أبو بكر محمد بن السري بن عثمان التمار، ثنا أحمد بن بشر المربدي، ثناخالد بن خداش، ثنا بشر بن بكر التنيسى، ثنا أبو بكر عبد الله بن أبي مريم، عن أبي مجاشع الأزدى، عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه، قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول مثله.

ورواه الديلمي في مسند الفردوس قال: أخبرنا أبي، أخبرنا أبو المظفر أحمد بن سعيد بن حزة، أخبرنا الحسين بن محمد بن منجويه إملاء، حدثنا الفضل بن الفضل الكندى، ثنا إبراهيم بن محمد المالكي، ثنا محمد بن أحمد بن مطر، ثنا سليمان بن عبد الرحمن، ثنا بشر بن بكر، به مثله، وأبو بكر بن أبي مريم ضعيف، وشيخه أبو مجاشع مجهول"(المداوي:١٠/٦،رقم:٨١٩٩،دار الكتبي).

[1] سنن الترمذي:٣٨١/٢،رقم:١٠٨٥،ت:بشار عواد معروف،دار الغرب الإسلامي ـبيروت،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

قالوا: يا رسول الله! وإن كان فيه؟ قال: إذا جاءكم من ترضون دينه وخلقه فأنكحوه، ثلاث مرات . هذا حديث حسن غريب، وأبو حاتم المزني له صحبة، ولا نعرف له عن النبي صلى الله عليه وسلم غير هذا الحديث".

حضرت ابو حاتم مزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص آئے جس کا دین واخلاق تم پسند کرتے ہو تو اس سے نکاح کر دو، اگر تم ایسا نہ کروگے تو زمین میں فتنہ اور فساد ہو گا، صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ اگرچہ اس میں کچھ ہو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہارے پاس کوئی ایسا شخص آئے جس کے دین و اخلاق کو تم پسند کرتے ہو تو اس سے نکاح کر دو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

روایت نمبر⑥

روایت: ”بچوں کے منہ پر لگی ہوئی غذا دھولیا کرو، کیونکہ شیطان ہمیشہ بچی ہوئی غذا کو سونگھتا ہے“۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ”سنن“[1] میں اسی مضمون سے ملتی جلتی ایک روایت تخریج کی ہے، اور اسے ”حسن غریب“ کہا ہے، ملاحظہ ہو:

”حدثنا أبو بكر محمد بن إسحاق البغدادي الصاغاني، حدثنا محمد بن جعفر المدائني، حدثنا منصور بن أبي الأسود، عن الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من بات وفي يده ريح غَمَر، فأصابه شيء، فلا يلومن إلا نفسه“.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے رات اس حال میں گزاری کہ اس کے ہاتھ میں چکناہٹ کی بُو ہو، اور اسے

---

[1] سنن الترمذي: ٢٨٩/٤، رقم: ١٨٦٠، ت: إبراهيم عطوه عوض، مطبعة مصطفى البابي ـ مصر، الطبعة الأولى ١٣٨٢هـ.

کوئی چیز پہنچ جائے، تو وہ اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الکبیر"[1] میں یہ روایت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے تخریج کی ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں:

"حدثنا مطلب بن شعيب الأزدي، ثنا عبد الله بن صالح، حدثني نافع بن يزيد، عن عقيل، عن ابن شهاب، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن أبي سعيد الخدري رضي الله عنه، عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من بات وفي يده ريح غَمَر، فأصابه وَضَح، فلا يلومن إلا نفسه".

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے رات اس حال میں گزاری کہ اس کے ہاتھ میں چکناہٹ کی بُو ہو، اور اسے برص کی بیماری ہو جائے، تو وہ اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔

حافظ منذری رحمۃ اللہ علیہ نے "الترغیب"[2] میں اور حافظ ہیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے "مجمع الزوائد"[3] میں "المعجم الکبیر" کی اس حدیث کے بارے میں "إسناده حسن" کہا ہے۔

[1] المعجم الكبير:٣٥/٦،رقم:٥٤٣٥،ت:حمدي عبد المجيد السلفي،مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة،الطبعة الثانية ١٤٠٤هـ.
[2] الترغيب والترهيب:١١٠/٣،رقم:٦،ت:إبراهيم شمس الدين،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.
[3] مجمع الزوائد:٣٠/٥،ت:حسام الدين القدسي،دار الكتاب العربي ـ بيروت.

روایت نمبر⑦

روایت: ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی عمر میں سے صرف ایک گھڑی باقی رہنے کی صورت میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کو اس وقت حصولِ علم میں مشغول ہونے کا فرمانا۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتیح الغیب"[1] میں بغیر سند کے ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

"أنه عليه الصلاة والسلام كان يحدث إنسانا فأوحى الله إليه: إنه لم يبق من عمر هذا الرجل الذي تحدثه إلا ساعة، وكان هذا وقت العصر، فأخبره الرسول بذلك، فاضطرب الرجل وقال: يا رسول الله! دلني على أوفق عمل لي في هذه الساعة، قال: اشتغل بالتعلم، فاشتغل بالتعلم، وقبض قبل المغرب.

قال الراوي: فلو كان شيء أفضل من العلم، لأمره النبي صلى الله عليه وسلم به في ذلك الوقت".

آپ علیہ الصلاۃ والسلام ایک شخص سے گفتگو فرما رہے تھے کہ اللہ تعالی کی طرف سے وحی آئی: یہ شخص جو آپ کے ساتھ گفتگو کر رہا ہے اس کی عمر صرف ایک گھڑی باقی رہ گئی ہے، اور وہ عصر کا وقت تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اس بارے میں خبر دی، تو وہ بے چین ہو گیا اور کہنے لگا: اے اللہ کے رسول! مجھے

---

[1] مفاتيح الغيب: ۲۰۸/۲، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

کوئی ایسا عمل بتائیں جو اس وقت میرے لئے زیادہ مناسب ہو، آپ ﷺ نے فرمایا: علم حاصل کرنے میں مشغول ہو جاؤ، تو وہ شخص علم حاصل کرنے میں مشغول ہو گیا، اور مغرب سے پہلے ہی انتقال کر گیا۔

راوی کہتے ہیں کہ اگر کوئی اور چیز علم سے زیادہ افضل ہوتی تو نبی ﷺ اس شخص کو اس وقت اس کے کرنے کا حکم فرماتے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اَتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر⑧

روایت: "جو شخص بارش کے نزول کے وقت یہ درود پڑھتا ہے، تو اللہ عزوجل اسے بارش کے ہر قطرے کے بدلے نیکی عطا فرماتا ہے:

اللّٰهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد بعدد قطرات الأمطار".

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر⑨

روایت: جنازے کی آخری صف افضل ہے۔

روایت کا مصدر

علامہ حصکفی رحمۃ اللہ علیہ "الدر المختار"[1] میں فرماتے ہیں: "وأفضل صفوفها آخرها إظهارا للتواضع". اور جنازے کی آخری صف افضل ہے، عاجزی کے اظہار کی وجہ سے۔

اس کے تحت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "قوله وأفضل صفوفها آخرها الخ كذا في القنية، وبحث فيه في الحلية بإطلاق ما في صحيح مسلم عنه صلى الله عليه وسلم: خير صفوف الرجال أولها، وشرها آخرها، وبأن إظهار التواضع لا يتوقف على التأخر.

أقول: قد يقال إن الحديث مخصوص بالصلاة المطلقة، لأنها المتبادرة، ولقوله: من صلى عليه ثلاثة صفوف غفر له، رواه أبو داود وقال حديث حسن، والحاكم وقال صحيح على شرط مسلم، ولهذا قال في المحيط: ويستحب أن يصف ثلاثة صفوف، حتى لو كانوا سبعة يتقدم أحدهم للإمامة ويقف وراءه ثلاثة، ثم اثنان، ثم واحدا، فلو كان الصف الأول أفضل في الجنازة أيضا لكان الأفضل جعلهم صفا واحدا، ولكره قيام الواحد وحده، كما كره في غيرها، هذا ما ظهر لي"[2].

---

[1] الدر المختار: ص: ۱۲۰، ت: عبد المنعم خليل إبراهيم، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۳هـ.

[2] حاشية ابن عابدين: ۱۱۲/۳، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار عالم الكتب ـ الرياض، الطبعة ۱٤۲۳هـ.

قولہ (اور جنازے کی آخری صف افضل ہے الخ) اسی طرح ”قنیہ“ میں ہے، اور اس کے بارے میں ”حلیہ“ میں بحث کی ہے اس حدیثِ مطلق کی وجہ سے جو ”صحیح مسلم“ میں آپ ﷺ سے منقول ہے: مردوں کی صفوں میں بہترین صف پہلی ہے، اور آخری صف بری ہے، اور عاجزی کا اظہار پیچھے ہونے پر موقوف نہیں ہے۔

میں (علامہ ابن عابدین رحمۃ اللہ علیہ) کہتا ہوں کہ کہا جاتا ہے کہ حدیث خاص ہے مطلق نماز کے ساتھ، کیونکہ اس سے یہی متبادر ہے، اور آپ ﷺ کے اس قول کی وجہ سے کہ جس شخص پر تین صفوں نے نماز جنازہ پڑھی ہو، اس کی مغفرت کر دی جاتی ہے، اسے ابو داود رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کرنے کے بعد ”حدیث حسن“ کہا ہے، اور حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے ”صحیح علی شرط مسلم“ کہا ہے، اور اسی وجہ سے ”محیط“ میں ہے کہ مستحب یہ ہے کہ تین صفیں بنائی جائیں، یہاں تک کہ اگر سات آدمی ہوں تو ان میں سے ایک امامت کے لئے آگے ہو جائے، اور اس کے پیچھے تین آدمی کھڑے ہوں، پھر دو کھڑے ہوں، پھر ایک، اگر جنازہ میں بھی اول صف افضل ہوتی تو پھر سب لوگوں کو ایک ہی صف میں کھڑا کر دینا چاہئے تھا، اور یقیناً ایک آدمی کا اکیلے کھڑا ہونا مکروہ ہوتا، جیساکہ جنازہ کے علاوہ میں مکروہ ہے، میرے سامنے یہی بات ظاہر ہوئی۔

نیز علامہ حصکفی رحمۃ اللہ علیہ نے ”الدر المختار“[1] میں ایک دوسرے مقام پر یہ الفاظ نقل کئے ہیں: ”وخير صفوف الرجال أولها في غير جنازة“.

---

[1] الدر المختار: ص: ۷۸، ت: عبد المنعم خليل إبراهيم، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱٤۲۳هـ.

مردوں کے لئے اول صف افضل ہے جماعت کی نماز میں، سوائے نماز جنازہ کے۔

اس کے تحت علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "قوله في غير جنازة أما فيها فآخرها إظهارا للتواضع، لأنهم شفعاء فهو أحرى بقبول شفاعتهم، لأن المطلوب فيها تعدد الصفوف، فلو فضل الأول امتنعوا عن التأخر عند قلتهم، رحمتي"[1].

جنازے کی نماز میں آخری صف کا افضل ہونا عاجزی کے طور پر ہے، اس لئے کہ وہ سفارش کرنے والے ہیں ان کی سفارش قبول ہونے کے زیادہ لائق ہے، کیونکہ جنازے کی نماز میں مطلوب زیادہ صفیں ہیں، اگر اول صف کو افضل کہا جائے گا تو یہ صفوف کی تعداد کی زیادتی میں مانع ہوگا، شیخ مصطفی رحمتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے حاشیہ میں اسے ذکر کیا ہے۔

بعض دیگر مصادر

اسے علامہ ابن امیر حاج رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۷۹ھ) نے "حلبة المجلي"[2] میں، علامہ طحطاوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۲۳۱ھ) نے "حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح"[3] میں، اور علامہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے "العرف الشذي"[4] میں حدیث کہے بغیر ذکر کیا ہے۔

---

[1] حاشية ابن عابدين: ٣١٢/٢، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار عالم الكتب ـ الرياض، الطبعة ١٤٢٣هـ.

[2] حلبة المجلي: ٦١٣/٢، ت: أحمد بن محمد الغلاييني الحنفي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣٦هـ.

[3] حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح: ص: ٣٠٧، ت: محمد عبدالعزيز الخالدي، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨هـ.

[4] العرف الشذي: ٢٣٦/١، ت: محمود شاكر، دار إحياء التراث العربي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

اہم نوٹ: بعض کتب میں یہ مضمون علامہ ابو الفضل عبد الرحمن بن محمد کرمانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۴۳ھ) کے قول کے طور پر منقول ہے، ملاحظہ فرمائیں:

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ "مرقاة المفاتيح"[1] میں فرماتے ہیں: "قال ابن الملك في شرح الوقاية: ذكر الكرماني أن أفضل الصفوف في صلاة الجنازة آخرها، وفي غيرها أولها، إظهارا للتواضع، ولتكون شفاعته أدعى إلى القبول".

ابن عبد الملک رحمۃ اللہ علیہ نے "شرح الوقایہ" میں کہا ہے کہ کرمانی رحمۃ اللہ علیہ نے ذکر کیا ہے کہ بے شک جنازے کی نماز میں آخری صف افضل ہے، اور جنازے کے علاوہ میں پہلی صف افضل ہے، عاجزی ظاہر کرنے کے لئے، اور تاکہ ان کی سفارش جلدی قبول ہو۔

یہی مضمون علامہ ابو الفضل کرمانی رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر علامہ فرید الدین عالم بن علاء دہلوی ہندی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۸۶ھ) نے "الفتاوى التاتارخانية"[2] میں اور علامہ محمد بن بیر علی بن اسکندر برکوی رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۸۰ھ) نے "رسائل البركوي"[3] میں نقل کیا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی،

---

[1] مرقاة المفاتيح: ١٤٩/٤، رقم: ١٦٨٧، ت: جمال عيتاني، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.
[2] الفتاوى التاتارخانية: ٢٧٥/٢، رقم: ٢٤١٠، ت: شبير أحمد القاسمي، مكتبة زكريا ديوبند ـ هند، الطبعة ١٤٣١هـ.
[3] رسائل البركوي: ص: ٢٢٣، ت: أحمد هادي القصار، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ٢٠١١ء.

اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ⑩

روایت: جو شخص حضرات شیخین کا دفاع کرے گا تو یہ حضرات اپنی نیکیوں میں سے چوتھائی حصہ نیکی کا اسے دیں گے۔

روایت کا مصدر

علامہ ابراہیم بن عامر عبیدی مالکی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۹۱ھ) نے "عمدة التحقيق"[1] میں یہ روایت ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

"وروي أيضا بالإسناد عن عكرمة، عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: قال علي رضي الله عنه: كنت جالسا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم وليس معنا ثالث إلا الله عزوجل، فقال: يا علي! تريد أن أعرفك بسيد كُهُول أهل الجنة، وأعظمهم عند الله قدرا ومنزلة يوم القيامة، فقلت: أي وعيشك يا رسول الله! قال: هذان المقبلان، قال علي: فالتفت فإذا أبوبكر وعمر رضي الله عنهما.

ثم قطب وجهه حتى ولجا المسجد، فقال أبوبكر: يا رسول الله! لما قربنا من دار أبي حنيفة تبسمت لنا ثم قطبت وجهك، فلم ذلك يا رسول الله؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لما صرتما لجانب دار أبي حنيفة عارضكما إبليس ونظر في وجوهكما، ثم رفع يديه إلى السماء، أسمعه وأراه، وأنتما لاتسمعانه ولا تريانه، وهو يدعو ويقول:

---

[1] عمدة التحقيق في بشائر آل الصديق:ص:٦٨،مطبعة جمعية المعارف .

أللهم إني أسألك بحق هذين الرجلين أن لاتعذبني بعذاب باغضي هذين الرجلين.

قال أبوبكر: ومن هو الذي يبغضنا؟ يا رسول الله! وقد آمنا بك وآزرناك وأقررنا بما جئت به من عند رب العالمين، قال: نعم يا ابا بكر! قوم يظهرون في آخر الزمان، يقال له الرافضة، يرفضون الحق ويتأولون القرآن على غير صحته، وقد ذكرهم الله عزوجل في كتابه العزيز وهو قوله تعالى: يحرفون الكلم عن مواضعه.

فقال: يا رسول الله! فما جزاء من يبغضنا عند الله؟ قال يا أبابكر! حسبك أن إبليس لعنه الله تعالى يستجير بالله تعالى أن لايعذبه بعذاب باغضيكما.

قال يا رسول الله! هذا جزاء من قد أبغض، فما جزاء من قد أحب؟ فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أن تهديا له هدية من أعمالكما، فقال أبوبكر رضي الله عنه: يا رسول الله! أشهدك وأشهد الله وملائكته أني قد وهبت لهم ربع أجري أي: عملي منذ آمنت بالله إلى ان نلقاه، فقال عمر رضي الله عنه: وأنا مثل ذلك يا رسول الله! قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: فضعا خطكما بذلك، قال علي كرم الله وجهه: فأخذ أبوبكر زجاجة، وقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: اكتب، فكتب: بسم الله الرحمن الرحيم، يقول عبد الله عتيق ابن أبي قحافة: أني قد أشهدت الله ورسوله ومن حضر من المسلمين،

أني قد وهبت ربع عملي لمحبي في دار الدنيا منذ آمنت بالله إلى أن ألقاه، وبذلك وضعت خطي، وأخذ عمر وكتب مثل ذلك.

فلما فرغ القلم من الكتابة هبط الأمين جبريل عليه السلام، وقال: يا رسول الله! الرب يقرئك السلام ويخصك بالتحية والإكرام، ويقول لك: هات ما كتب صاحباك، فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: هذا هو، فأخذه جبريل وعرج به إلى السماء، ثم إنه عاد إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم: أين ما أخذت يا جبريل! مني، قال هو عند الله تعالى، وقد شهد الله فيه، وأشهد حملة العرش، وأنا، وميكائيل، وإسرافيل، وقال الله تعالى: هو عندي حتى يفي أبوبكر و عمر بما قالا يوم القيامة".

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا اور ہمارے درمیان اللہ تعالی کے سوا کوئی تیسرا نہ تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! کیا آپ چاہتے ہو کہ میں تمہیں جنت کے ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار، نیز قیامت کے دن اللہ کے ہاں سب سے زیادہ قدر و منزلت والے کے بارے میں بتاؤں؟ میں نے عرض کیا جی ہاں، آپ کی زندگی کی قسم، یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ دونوں آنے والے، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے دیکھا تو وہ ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ تھے۔

پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف متوجہ ہوا تو آپ مسکرا رہے تھے، پھر اچانک

آپ کے چہرے پر ناگواری کے اثرات ظاہر ہوئے، یہاں تک کہ دونوں حضرات مسجد میں داخل ہو گئے، تو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! جب ہم دار ابی حنیفہ کے قریب ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں دیکھ کر مسکرائے پھر اچانک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر ناگواری ظاہر ہوئی، یا رسول اللہ! اس کی کیا وجہ ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم دونوں دار ابی حنیفہ کی جانب سے آرہے تھے تو ابلیس تم دونوں کے راستے میں آیا اور اس نے تم دونوں کے چہرے کو دیکھ کر اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی جانب بلند کئے، میں نے اس کو دیکھا اور سنا، اور تم دونوں نہ اس کو دیکھ سکے اور نہ ہی سن سکے، وہ یہ دعا کر رہا تھا: اے اللہ! بے شک میں آپ سے ان دونوں انسانوں کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ آپ مجھے اس شخص کی طرح عذاب نہ دیں جو ان دونوں سے بغض رکھتا ہو۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ کون ہو گا جو ہم سے بغض رکھے گا؟ حالانکہ ہم تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے ہیں، ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کی ہے، اور جو کچھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رب العالمین کی جانب سے لائے ہیں ہم اس کا اقرار کر چکے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اے ابو بکر! قیامت کے قریب ایک قوم ظاہر ہو گی ان کو رافضہ کہا جائے گا، وہ حق کو چھوڑ دیں گے، اور قرآن کی غلط تاویل کریں گے، اور ان کے بارے میں اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے: ''کلام کو اس کے مواقع سے دوسری طرف پھیر دیتے ہیں''۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! جو شخص ہم سے بغض رکھے اللہ کے ہاں اس کی کیا سزا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابو بکر!

تمہارے لئے یہ بات کافی ہے کہ بے شک ابلیس - اس پر اللہ کی لعنت ہو - اللہ سے پناہ مانگ رہا ہے کہ اسے اُن کی طرح عذاب نہ دیا جائے جو تم دونوں سے بغض رکھتے ہیں۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! یہ تو اس کی سزا ہے جو ہم سے بغض رکھے، لیکن اس شخص کا کیا بدلہ ہے جو ہم سے محبت کرے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں اپنے اعمال میں سے اس کو کچھ ہدیہ کر دو، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں آپ کو، اللہ تعالی کو اور فرشتوں کو گواہ بناتا ہو کہ بے شک میں ایمان لانے سے اللہ کی ملاقات تک کے اعمال میں سے، اپنے اس اجر - یعنی اعمال کا چوتھائی - حصہ اس شخص کو ہبہ کرتا ہوں (جو مجھ سے محبت کرے)، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اور میں بھی اسی کے بقدر ہدیہ کرتا ہوں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں اس بارے میں اپنا خط لکھ لو، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ابو بکر رضی اللہ عنہ نے شیشہ کا ٹکڑا لیا، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: لکھو، تو انہوں نے لکھا: بسم اللہ الرحمن الرحیم، عبد اللہ عتیق بن ابی قحافہ کہتا ہے کہ بے شک میں اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں میں جو اس وقت موجود ہیں ان سب کو گواہ بناتا ہوں کہ بے شک میں ایمان لانے سے اللہ کی ملاقات تک کے اعمال میں سے اپنے اس اجر - یعنی اعمال - کا چوتھائی حصہ اس شخص کو ہبہ کرتا ہوں (جو مجھ سے محبت کرے)، اور اسی وجہ سے میں نے یہ خط لکھا ہے، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شیشہ کا ٹکڑا لیا

اور اسی طرح لکھا۔

قلم جیسے ہی لکھنے سے فارغ ہوا جبریل علیہ السلام نازل ہوئے اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! رب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہتا ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خاص فرمایا ہے سلامتی اور اکرام کے لئے، اور آپ سے فرمایا ہے کہ جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں ساتھیوں نے لکھا ہے وہ دے دیجئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہے، تو جبریل علیہ السلام اسے لے کر آسمان کی جانب گئے، پھر واپس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام سے پوچھا: آپ اس کو مجھ سے لے کر کہاں گئے تھے اے جبریل؟ جبریل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ کے پاس، اور اللہ اس کے گواہ ہوگئے، نیز حاملین عرش، میں، میکائیل علیہ السلام اور اسرافیل علیہ السلام بھی اس کے گواہ ہوگئے، اور اللہ تعالی نے فرمایا ہے: وہ میرے پاس ہے یہاں تک کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ قیامت کے دن اس کو پورا کردیں جو ان دونوں نے کہا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ زیر بحث روایت کے ابتدائی حصہ (یعنی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جنت کے ادھیڑ عمر لوگوں کا سردار ہونے) کو امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ

نے اپنی "سنن"[1] میں تخریج کیا ہے، اور اسے "حسن غریب" کہا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثنا الحسن بن الصباح البزار، قال: حدثنا محمد بن كثير، عن الأوزاعي، عن قتادة، عن أنس، قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأبي بكر وعمر: هذان سيدا كُهُول أهل الجنة من الأولين والآخرين إلا النبيين والمرسلين. هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه".

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا: یہ دونوں انبیاء اور رسولوں کے علاوہ اولین اور آخرین جنتی ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار ہیں۔

[1] سنن الترمذي: ٤٥/٦، رقم: ٣٦٦٤، ت: بشار عواد معروف، دار الغرب الإسلامي ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٩٩٦ء.

روایت نمبر⑪

روایت: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ مسجد نبوی میں بیٹھے اپنی جوتی مرمت کرنے لگ گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم مرمت کرلیتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں جوتی نہیں بنارہا، بلکہ بت توڑ رہا ہوں، تاکہ قیامت تک آنے والے زمانہ میں کوئی پیشہ کے لحاظ سے ذلیل نہ سمجھے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر⑫

روایت: آپ ﷺ کا زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈال کر فرمانا کہ امت اس سے برکت حاصل کرے۔

روایت کا حکم

یہ روایت خاص ان لفظوں سے کہ آپ ﷺ نے زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈالنے کے بعد فرمایا ہو کہ امت اس سے برکت حاصل کرے، سنداً نہیں ملتی، لہٰذا سند ملنے تک اس کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کر کے بیان نہ کیا جائے۔

اہم نوٹ:

البتہ یہ مضمون احادیث سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے ڈول میں کلی فرمائی، پھر اس ڈول کو زمزم کے کنویں میں انڈیل دیا گیا، اس کو آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، چنانچہ امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ اپنی "مسند"[1] میں تخریج فرماتے ہیں:

"حدثنا روح وعفان، قالا: حدثنا حماد عن قيس، قال عفان: أخبرنا حماد في حديثه، قال أخبرنا قيس، عن مجاهد، عن ابن عباس، أنه قال: جاء النبي صلى الله عليه وسلم إلى زمزم، فنزعنا له دلوا، فشرب، ثم مج فيها، ثم أفرغناها في زمزم، ثم قال: لولا أن تغلبوا عليها لنزعت بيدي".

---

[1] مسند أحمد: ٤٧٢/٣، رقم: ٣٥٢٧، ت: أحمد محمد شاكر، دار الحديث ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤١٦هـ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی صلی اللہ علیہ وسلم زمزم کے کنویں کے پاس تشریف لائے، ہم نے زمزم سے آپ کے لئے ڈول نکالا، آپ نے اس ڈول سے آب زمزم نوش فرمایا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ڈول میں کلی فرمائی، پھر ہم نے اس ڈول کو کنویں میں انڈیل دیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ بات نہ ہوتی کہ اس کنویں پر تم پر غلبہ پا لیا جائے گا تو میں اپنے ہاتھ سے کھینچ کر خود پانی نکالتا۔

نیز یہی روایت امام فاکہی رحمۃ اللہ علیہ نے "أخبار مكة"[1] میں اور امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الكبير"[2] میں تخریج کی ہے، تینوں سندیں سند میں موجود راوی حماد بن سلمہ پر آکر مشترک ہو جاتی ہیں۔

اہم فائدہ:

حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ "البداية والنهاية"[3] میں یہ روایت نقل کرنے کے بعد لکھتے ہیں: "انفرد به أحمد وإسناده على شرط مسلم". احمد رحمۃ اللہ علیہ اس روایت کو نقل کرنے میں متفرد ہیں، اور اس کی سند مسلم رحمۃ اللہ علیہ کی شرط کے مطابق ہے۔

بعض دیگر مصادر

امام فاکہی رحمۃ اللہ علیہ نے "أخبار مكة"[4] میں یہی مضمون حضرت انس رضی اللہ عنہ

---

[1] أخبار مكة: ۵۵/۲، رقم: ۱۱۳۹، ت: عبد الملك بن عبد الله بن دهيش، دار خضر ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٤هـ.

[2] المعجم الكبير: ۹۷/۱۱، رقم: ۱۱۱۶۵، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

[3] البداية والنهاية: ۱۹۳/۵، مكتبة المعارف ـ بيروت، الطبعة السادسة ١٤٠٩هـ.

[4] أخبار مكة: ۵۲/۲، رقم: ۱۱۳۱، ت: عبد الملك بن عبد الله بن دهيش، دار خضر ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤١٤هـ.

سے بھی تخریج کیا ہے، نیز امام اَزْرَقی رحمۃ اللہ علیہ نے "أخبار مكة "[۱] میں یہی مضمون مختلف سندوں سے تخریج کیا ہے، جس میں یہ اضافہ بھی ہے: "فمج في الدلو، ثم أمر بما في الدلوفأفرغ في البئر". آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ڈول میں کلی فرمائی، پھر ڈول میں موجود پانی کے بارے میں حکم دیا، جسے کنویں میں انڈیل دیا گیا۔

[۱] أخبار مكة: ۲/۵۵،۵٦،۵۷، ت: رشدي الصالح ملحس، دار الأندلس ـ بيروت، الطبعة الثالثة ۱٤۰۳هـ.

روایت نمبر⑭

روایت: شادی شدہ مسلمان کی غیر شادی شدہ مسلمان پر ایسی فضیلت ہے جیسے اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنے والے کی فضیلت گھر بیٹھنے والے پر۔

روایت کا مصدر

علامہ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ نے "قوت القلوب"[1] میں یہ روایت بلا سند ذکر کی ہے، ملاحظہ ہو:

"وقد قیل: إن فضل المتأهل على العزب كفضل المجاهد على القاعد". شادی شدہ مسلمان کی غیر شادی شدہ مسلمان پر ایسی فضیلت ہے جیسے اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنے والے کی فضیلت گھر بیٹھنے والے پر۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت امام ابو حامد غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے "إحياء علوم الدين"[2] میں اور علامہ اسماعیل حقی استنبولی رحمۃ اللہ علیہ نے "روح البيان"[3] میں بلا سند ذکر کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اَ تا حال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] قوت القلوب:٦١٤/٣،ت:محمود إبراهيم محمد الرضواني،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

[2] إحياء علوم الدين:٢٤/٢،دار المعرفة ـ بيروت،١٤٠٢هـ.

[3] روح البيان:١٠٧/١،دار إحياء التراث العربي ـ بيروت.

روایت نمبر⑭

راویت: ”پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: اے گستاخ مرید! کسی مرشد کی کبھی برابری نہ کر“۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) ”مثنوی“[1] میں لکھتے ہیں:

گفت پیغمبرؐ کہ اے طالب جری　　ہاں مکن باہیچ مطلوبے مری

پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے کہ (اے گستاخ مرید) کسی مرشد کی کبھی برابری نہ کر۔

گفت احمدؐ گر نمی خواہی زلل　　ہیں مکن باہیچ مطلوبے جدل

احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا ہے: اگر تو نقصان کا خواہشمند نہیں ہے ہر گز کسی مرشد سے جھگڑا نہ کر۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اُتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ١٨٤/١، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

روایت نمبر⑮

روایت: ملک الموت کے دل میں صرف دو بندوں، یعنی بہتے تختے پر موجود بچہ کی ماں، اور شداد کی روح قبض کرتے ہوئے رحم پیدا ہوا ہے۔

روایت: ”اللہ تعالی نے ملک الموت سے پوچھا: کیا آپ کو کسی بندے کی روح قبض کرتے ہوئے رحم آیا؟ ملک الموت نے کہا: دو بندے ایسے تھے کہ جن کی روح کو قبض کرتے ہوئے میرے دل میں رحم آیا، اللہ تعالی نے فرمایا: کون سے دو بندے؟ ملک الموت نے کہا: اے اللہ! ایک مرتبہ سمندر کے اندر کشتی ٹوٹ گئی، اور ایک عورت ٹوٹی ہوئی کشتی کے تختے پر اپنے نومولود بچے کو دودھ پلا رہی تھی، آپ نے مجھے حکم دیا کہ اس عورت کی روح کو قبض کرلیا جائے، میں جب اس عورت کی روح قبض کرنے لگا تو میرے دل میں اس کے بچہ پر رحم آیا کہ اس کا کیا بنے گا؟

اللہ تعالی نے فرمایا: دوسرا بندہ کون ہے؟ تو ملک الموت نے کہا: جب شداد نے خوبصورت باغات بنالئے، اور ظلم و جبر کرکے جنت بنالی اور پھر اس میں داخل ہونے لگا، تو آپ نے مجھے حکم دیا کہ اس کی روح جنت میں قدم رکھنے سے پہلے قبض کرلی جائے، تو اس وقت میرے دل میں رحم آیا کہ اگر آپ اس کی موت کو تھوڑا سا مؤخر کرلیتے کہ یہ اپنی بنوائی ہوئی جنت کو دیکھ لیتا۔

اللہ تعالی نے فرمایا: اے عزرائیل! تجھے ایک ہی بندہ پر دو دفعہ رحم آیا، کیونکہ یہ شداد وہی بچہ تھا جس کی ماں کی روح کشتی کے تختے پر قبض کی گئی، اور ہم نے اسے اس کے ماں باپ کے بناء سمندر کی تند و تیز لہروں سے حفاظت کی، لیکن یہ ہماری بغاوت پر اتر آیا، اس لئے اسے یہ سزا دی ہے“۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ زیر بحث روایت معمولی فرق کے ساتھ علامہ نظام الدین حسن بن محمد قمی نیشا پوری (المتوفی بعد ۸۵۰ھ) نے "غرائب القرآن"[1] میں بلاسند ان الفاظ سے نقل کی ہے:

"ويروى أن النبي صلى الله عليه وسلم رأى ملك الموت حين عرج به إلى السماء، فسأله هل رققت لأحد من الخلائق الذين قبضت أرواحهم؟ فقال: نعم اثنان، أحدهما: طفل ولد بالمفازة، ثم أمرت بقبض روح أمه، ولم يكن هناك إنسان يتعهد الطفل.

والثاني ملك اجتهد في بناء مدينة لم يخلق مثلها، ثم لم يرزق رؤيتها بعد أن وضع رجله فيها يعني شدادا، فدعا الله نبينا محمد صلى الله عليه وسلم أن يخبره بذلك، فأوحى إليه أن ذلك الملك هو ذلك الطفل الذي ربيناه وآتيناه مملكة الدنيا، وحين قابل النعمة والملك بالكفران وبنى الجنان التي هي من مقدورات الله الرحمن، جزيناه بالخيبة والحرمان.

هكذا وجدت الحكاية في بعض التفاسير".

روایت کیا گیا ہے کہ جب نبی ﷺ کو معراج کرایا گیا تو آپ ﷺ نے ملک الموت کو دیکھا تو ان سے پوچھا: مخلوق میں سے جن کی آپ نے روح قبض کی ہے ان میں سے کسی پر آپ کو رحم آیا؟ تو ملک الموت نے کہا: جی ہاں دو بندوں پر،

---

[1] تفسير غرائب القرآن:٤٩٦/٦،ت:زكريا عميرات،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى١٤١٦هـ.

ان میں سے ایک بچہ تھا، جو صحرا میں پیدا ہوا تھا، پھر مجھے اس کی ماں کی روح قبض کرنے کا حکم ہوا، اور وہاں بچہ کی دیکھ بھال کے لئے کوئی انسان نہیں تھا۔

اور دوسرا ایک بادشاہ تھا جس نے انتہائی کوشش سے ایک شہر بنوایا جس کی طرح کبھی نہیں بنایا گیا، پھر اسے اس شہر کا دیکھنا نصیب نہ ہوا، بعد اِس کے کہ وہ اس میں اپنا ایک پاؤں رکھ چکا تھا، یعنی وہ بادشاہ شداد تھا، پھر ہمارے نبی ﷺ نے اللہ تعالی سے دعا کی کہ ان کو اس کے بارے میں بتائیں، چنانچہ اللہ تعالی نے نبی ﷺ کی طرف وحی بھیجی کہ یہ بادشاہ وہی بچہ ہے جسے ہم نے پالا اور اس کو دنیا کی بادشاہت عطا کی، اور جب اس نے نعمتوں اور بادشاہت کے مقابلہ میں ناشکری کی، اور جنتیں بنائیں، جن کا بنانا اللہ رحمن کی قدرت سے ہی ممکن تھا، تو ہم نے اس کو بدلہ میں نامراد و محروم کر دیا۔

(مصنف کہتے ہیں کہ) اسی طرح میں نے یہ حکایت بعض تفاسیر میں پائی ہے۔

روایت کا حکم

واضح رہے کہ زیرِ بحث روایت خاص ذکر کردہ دونوں قسم کے الفاظ کے ساتھ سنداً تا حال نہیں مل سکی ہے، تاہم ائمہ کرام کے اقوال کی روشنی میں یہ بات تفصیل سے گزر چکی ہے کہ شداد کی جنت والی مشہور روایت من گھڑت ہے، اور زیرِ بحث اس حکایت میں بھی یہی مضمون اختصار کے ساتھ مذکور ہے، چنانچہ قرینِ قیاس یہی ہے کہ مجموعی طور پر یہ حکایت بھی من گھڑت ہے، واللہ اعلم۔

روایت نمبر (۱۶)

روایت: نمرود کی بیٹی کا کلمہ پڑھ کر آگ میں آنا اور نہ جلنا۔

روایت کا مصدر

علامہ حسین بن محمد حسن دیار بکری رحمۃ اللہ علیہ "تاریخ الخمیس"[1] میں لکھتے ہیں:

"وجاء في بعض الروايات أنه كان لنمروذ [كذا في الأصل بالذال] بنت يقال لها رغضة: استأذنت أباها أن تذهب وتنظر إلى إبراهيم حين ألقي فى النار، فقال لها نمروذ: يا بنتاه! إن إبراهيم قد صار رمادا فبالغت حتى أذن لها نمروذ، فلما نظرت إلى إبراهيم رأته في أطيب عيش وأحسن حال، فقالت: يا إبراهيم! ألا تحرقك النار؟ قال: من كان فى قلبه معرفة الله وعلى لسانه بسم الله الرحمن الرحيم لا تحرقه النار، قالت: أفتأذن لى أن أدخلها؟ قال: قولي لا إله إلا الله إبراهيم خليل الله ثم ادخلي ولا تخافي، فلما قالتها خمدت النار فدخلتها، وأسلمت، ثم رجعت إلى أبيها، وقد سمع أبوها قولها فنصحها، فلم تقبل فعذبها بمسامير من حديد، فأمر الله جبريل حتى رفعها من بين أظهرهم ثم جاء بها إلى إبراهيم وذلك بعد ما هاجر من أرض نمروذ، فزوجها إبراهيم من ابنه مدين، فحملت منه عشرين بطنا، أكرمهم الله بالنبوة".

---

[1] تاريخ الخميس في أحوال أنفس نفيس: ۸۳/۱، الطبعة الوهبية۔ مصر، الطبعة ۱۲۸۳هـ.

اور بعض روایات میں آیا ہے کہ نمروذ کی ایک بیٹی تھی، جسے رعضہ کہا جاتا تھا، جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو اس نے اپنے والد سے اجازت مانگی کہ وہ جاکر ابراہیم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ آئے، نمروذ نے اس سے کہا کہ اے بیٹی! ابراہیم تو جل کر راکھ ہو گیا ہے، لیکن وہ مصر رہی یہاں تک کہ نمروذ نے اسے اجازت دے دی، چنانچہ جب اس نے ابراہیم علیہ السلام کی طرف دیکھا تو وہ انتہائی عمدہ اور بہترین حال میں تھے، تو اس نے کہا: اے ابراہیم! کیا آگ آپ کو نہیں جلاتی؟ ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: جس کے دل میں اللہ کی معرفت ہو اور اس کی زبان پر بسم اللہ الرحمن الرحیم ہو اسے آگ نہیں جلاتی، وہ کہنے لگی کیا آپ مجھے اس آگ میں اندر داخل ہونے کی اجازت دیں گے، ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا: کہ پہلے یہ کہو: "لا الہ الا اللہ ابراھیم خلیل اللہ"، یعنی اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور ابراہیم علیہ السلام اللہ کا خلیل ہے، اور پھر بے خوف ہو کر داخل ہو جاؤ، چنانچہ جب اس نے یہ کلمات کہے تو آگ بجھ گئی اور وہ اس میں داخل ہوگئی اور اسلام لے آئی، پھر جب وہ اپنے والد کے پاس لوٹی اور اس کے والد نے اس سے وہ تمام حالات سنے تو اس نے اپنی بیٹی کو سمجھایا، لیکن وہ نہ مانی تو اس نے لوہے کی میخوں سے اسے عذاب دینا شروع کر دیا، اللہ رب العزت نے جبرئیل علیہ السلام کو حکم دیا، چنانچہ جبرئیل علیہ السلام نے اسے ان کے درمیان سے اٹھالیا، اور اسے ابراہیم علیہ السلام کے پاس لے آئے، اور ابراہیم علیہ السلام اس وقت تک نمروذ کی سرزمین سے ہجرت کر چکے تھے، چنانچہ ابراہیم علیہ السلام نے اس کا نکاح اپنے بیٹے مدین سے کر دیا، اور پھر مدین سے اس کی بیس اولادیں ہوئی، ان سب کو اللہ رب العزت نے نبوت سے سرفراز کیا۔

یہ حکایت "نزهة المجالس"[1] میں بھی بلا سند موجود ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو۔

[1] نزهة المجالس: ۳۵/۱، المكتب الثقافي ـ القاهرة، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

"نزہۃ المجالس" کی عبارت ملاحظہ ہو: "قيل كانت للنمروذ بالذال المعجمة بنت صغيرة، فقالت: يا أبت! دعني أنظر إلى إبراهيم في النار، فنظرت إليه فوجدته سالما، فقالت له: كيف لا تحرقك النار؟ فقال: من كان على لسانه بسم الله الرحمن الرحيم وفي قلبه المعرفة لا تحرقه النار، فقالت: أريد الدخول عندك، فقال: قولي: لا إله إلا الله إبراهيم رسول الله، فقالت: فصارت النار عليها بردا وسلاما، فلما رجعت إلى أبيها أخبرته بذلك، فأمرها بالرجوع عن دين إبراهيم، فلم ترجع، فعذبها عذابا شديدا، فأمر الله جبريل فأخذها، ووضعها عند إبراهيم، ثم زوجها بولده، فولدت له عشرين نبيا".

روایت نمبر ⑰

روایت: تھوڑی سی دیر اولیاء کی ہمنشینی سو سالہ بے ریا عبادت سے بہتر ہے۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

یک زمانے صحبتے با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

تھوڑی سی دیر اولیاء کی ہمنشینی، سو سالہ بے ریا عبادت سے بہتر ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم نوٹ:

واضح رہے کہ زیرِ بحث مضمون میں عملِ خاص یعنی صحبتِ اولیاء پر ثوابِ خاص یعنی سو سالہ بے ریائی عبادت سے افضل ہونے کا بیان ہے، اور یہ مضمون صرف شارع علیہ السلام کی جانب سے ہو سکتا ہے، اس لئے اگرچہ اسے حدیث یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱۰۱/۱، مترجم: قاضي سجاد حسین، حامد اینڈ کمپني ـ لاهور.

کا ارشاد نہ بھی کہا جائے تو بھی یہ حکماً حدیث کہلائے گا، اس لئے جب تک اس کی کوئی سند نہ ملے، اس کے بیان کرنے سے احتراز کیا جائے۔

حضرات صوفیائے عظام رحمہم اللہ تعالیٰ کے کلام میں موجود زیرِ بحث مضمون کی ان کی شان کے مناسب کوئی بھی تاویل کی جا سکتی ہے، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ⑱

حکایت: ”حضرت موسی علیہ السلام کو پیٹ میں درد ہوا تو انہوں نے اللہ سے شکایت کی، اللہ تعالی نے انھیں ایک جڑی بوٹی کھانے کو فرمایا۔۔۔“۔

روایت کا مصدر

یہ روایت علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے ”تفسیر الکبیر“[1] میں بسم اللہ کے فضائل میں ذکر کی ہے:

”مرض موسى عليه السلام واشتد وجع بطنه، فشكا إلى الله تعالى، فدله على عشب في المفازة، فأكل منه فعوفي بإذن الله تعالى، ثم عاوده ذلك المرض في وقت آخر فأكل ذلك العشب فازداد مرضه، فقال: يا رب، أكلته أولا فانتفعت به، وأكلته ثانيا فازداد مرضي، فقال: لأنك في المرة الأولى ذهبت مني إلى الكلأ فحصل فيه الشفاء، وفي المرة الثانية ذهبت منك إلى الكلأ فازداد المرض، أما علمت أن الدنيا كلها سم قاتل وترياقها اسمي“.

ایک مرتبہ حضرت موسی علیہ السلام کے پیٹ میں شدید درد ہوا تو انہوں نے اللہ تعالی سے شکایت کی، چنانچہ اللہ رب العزت نے جنگل میں کسی جڑی بوٹی کھانے کا فرمایا، حضرت موسی علیہ السلام نے اس میں سے کھایا تو وہ اللہ تعالی کے حکم سے ٹھیک ہو گئے، پھر وہی تکلیف دوسرے وقت میں لوٹ آئی، اب حضرت موسی علیہ السلام نے اس جڑی بوٹ کو کھایا تو تکلیف اور بڑھ گئی، حضرت موسی علیہ السلام نے اللہ تعالی سے

---

[1] تفسير الكبير: ۱ / ۱۷۳، دار الفكر۔بيروت، الطبعة الأولى ۱٤٠١هـ.

عرض کیا: اے میرے رب! جب میں نے اسے پہلی دفعہ کھایا تھا تو میں اس سے ٹھیک ہو گیا تھا، اور جب میں نے اسے دوسری مرتبہ کھایا تو میری تکلیف اور بڑھ گئی، اللہ تعالی نے فرمایا: اس لئے کہ پہلی مرتبہ آپ میرے حکم سے اس جڑی بوئی کی طرف گئے تھے، تو اس سے شفاء ہوگئی تھی، اور دوسری مرتبہ آپ اپنی مرضی سے گئے تو تکلیف بڑھ گئی، کیا آپ نہیں جانتے کہ بے شک دنیا تمام کی تمام قتل کرنے والا زہر ہے؟ اور اس کا تریاق میرا نام ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام وواقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

تاہم حکایت بظاہر اسرائیلی معلوم ہوتی ہے، اس لیے اسے اسرائیلی حکایت کہہ کر نقل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

روایت نمبر ⑲

روایت: ابو جہل نے آپ ﷺ کو بد صورت کہا (معاذ اللہ)، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے خوبصورت کہا، آپ ﷺ نے دونوں کو سچا قرار دیا، اور لوگوں کے پوچھنے پر بتایا کہ میں ایک آئینہ ہوں مجھ میں ہر شخص وہی دیکھتا ہے جو وہ خود ہے۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[۱] میں لکھتے ہیں:

دید احمدؐ را ابو جہل و بگفت زِشت نقشی کز بنی ہاشم شگفت

ابو جہل نے احمد (ﷺ) کو دیکھا اور کہا: تو بد صورت ہے جو بنی ہاشم میں پیدا ہوا ہے (معاذ اللہ)۔

گفت احمدؐ مرورا کہ راستی راست گفتی گر چہ کار افزاستی

احمد (ﷺ) نے فرمایا کہ تو سچا ہے، تو نے سچ کہا ہے اگر چہ بے ہودہ گو ہے۔

دید صِدّیقش بگفت اے آفتاب اے زِ شرقی نے زِ غربی خوش بتاب

حضرت صدیق (رضی اللہ عنہ) نے ان کو دیکھا تو کہا: اے آفتاب! اے وہ کہ جو نہ مشرقی ہے نہ مغربی، خوب روشن ہو۔

---

[۱] مثنوي مولوي معنوي: ۲۵۵/۱، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

گفت احمدؐ راست گفتی اے عزیز اے رہیدہ تو ز دنیا ئے نچیز

احمد (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) نے کہا: اے عزیز! تونے سچ کہا، اے وہ کہ جو ناچیز دنیا سے آزاد ہے

حاضراں گفتند کاے صَدرُالوَراء راست گو گفتی تو دو ضد گو را چرا

حاضرین نے کہاکہ اے سرورِ عالمؐ! آپ نے دو متضاد باتیں کہنے والوں کو سچا کیوں کہا؟

گفت من آئینہ اَم مَصقولِ دست ترک و ہندو در من آں بیند کہ ہست

فرمایا: میں ہاتھ کا منجھا ہوا آئینہ ہوں، تُرک اور ہندوستانی مجھ میں وہی دیکھتا ہے جو وہ خود ہے

ہر کرا آئینہ باشد پیشِ رُو زشت وخوبِ خویش را بیند درُو

جس کے منہ کے سامنے آئینہ ہو اپنے اچھے اور برے کو اس میں دیکھے گا۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اَتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر⑳

روایت: اُس شخص کا منہ ٹیڑھا رہ جانا جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام تمسخر کے ساتھ لیا تھا۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[۱] میں لکھتے ہیں:

آں دہن کژ کرد و از تسخر بخواند　　نامِ احمدؐ را دہانش کژ بماند

جس نے منہ ٹیڑھا کیا اور تمسخر سے لیا احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نام، اس کا منہ ٹیڑھا رہ گیا۔

باز آمد کاے محمدؐ عفو کن　　اے ترا الطاف و علم من لدن

واپس آیا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم معاف کر دیجیے، اے (حضرت) آپ کو مہربانیاں اور علم لَدُنِّی حاصل ہے۔

من ترا افسوس می کردم زجہل　　من بدم افسوس را منسوب واہل

میں نے جہالت کی وجہ سے آپ کا مزاق اڑایا، (حالانکہ) تمسخر کے قابل اور مستحق تو میں تھا۔۔۔

مرحمت فرمود سیّد عفو کرد　　چوں زجرأت توبہ کرد آں روئے زرد

---

[۱] مثنوي مولوي معنوي: ۱۱۰/۱، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

۔۔۔سید الکونین ﷺ نے رحم فرمایا، معاف کر دیا، جب اُس شرمندہ نے ہمت کر کے توبہ کی[1]۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم نوٹ:

مذکورہ بالا روایت تو سنداً نہیں ملتی، البتہ اس جیسے مضمون پر مشتمل ایک دوسری روایت زیاد بن نعیم حضرمی سے مرسلاً منقول ہے، جسے فضائل کے باب میں بیان کرسکتے ہیں، یہ روایت امام عبد اللہ بن وہب رحمۃ اللہ علیہ نے "الجامع في الأحكام"[2] میں ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

"حدثنا بحر، ثنا ابن وهب، قال: أخبرني عمرو بن الحارث، أن بكر بن سوادة الجُذَامي حدثه، أن زياد بن نعيم الحضرمي حدثه، أن وفد كندة قدموا على رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفيهم جَمْد، فبينا هو عند رسول الله صلى الله عليه وسلم أقبل رجل، فقال: ظلمت

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱۱۱/۱، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

[2] الجامع في الأحكام: ص: ۲۹٦، رقم: ۵۱۳، ت: رفعت فوزي عبد المطلب، دار الوفاء ـ منصورة، الطبعة الأولى ١٤٢٥هـ.

يا رسول الله! فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أفلح المظلومون، فقالوا: ما رأينا كذا قط، إن منا من رجل يحب أن يظلمه أحد، وهذا يقول: أفلح المظلومون، فخرجوا مغضبين، وقالوا.

فأخذت جمدا اللقوة، فأتوا رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقالوا: سيد الناس يا رسول الله! ادع الله له، فقال: لم أكن لأفعل، ولكن خذوا فسله [كذا في الأصل، وفي تاريخ المدينة: حدو فسلة[1]]، فاقلبوا مآقي عينيه، أو في شفره فاكووه بها، فإنها شفاؤه، وهي مصيره، الله أعلم بما قلتم حين أدبرتم.

قالوا: أرأيت أكلتنا في الجاهلية يا رسول الله! قال: هي لكم حتى ينزعها الله منكم، قالوا: أقد أتينا [كذا في الأصل، وفي تاريخ المدينة: فديتنا[2]]؟ قال: ليأتين عليكم زمان ترضون بالكفاف، قالوا: فتحيتنا؟ قال: جاء الله بخير من ذلك السلام، ثم ارتد جمد، فقتل كافرا بعد وفاة رسول الله صلى الله عليه وسلم.

قال عمرو: وحدثني كعب بن علقمة أنهم قالوا: أتينا هذا الغلام المضري فما سألنا شيئا إلا أعطاناه حتى لو أردنا أن نأخذ بأذنه لفعلنا، وإن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يقول: لعن الله جمدا وأبضعة وأخته العمردة".

---

[1] تاريخ المدينة المنورة: ٥٤٢/٢، ت: فهيم محمد شلتوت، تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.
[2] تاريخ المدينة المنورة: ٥٤٣/٢، ت: فهيم محمد شلتوت، تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.

"زیاد بن نعیم حضرمی بیان کرتے ہیں کہ کندہ کا وفد آپ ﷺ کی خدمت حاضر ہوا، اور ان میں جمُد بھی تھا، یہ آپ ﷺ کے پاس تھے کہ اسی اثناء میں ایک شخص آیا، اور کہا: اے اللہ کے رسول! ﷺ مجھ پر ظلم کیا گیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: مظلوم لوگ کامیاب ہوگئے، تو انہوں (یعنی کندہ کے وفد) نے کہا کہ ہم نے کبھی بھی اس طرح نہیں دیکھا کہ ہم میں سے کوئی شخص یہ پسند کرتا ہو کہ اس پر کوئی ظلم کرے، اور یہ (یعنی آپ ﷺ) کہتے ہیں کہ مظلوم لوگ کامیاب ہوگئے، چنانچہ وہ (کندہ کا وفد) غصہ میں نکل گیا، اور باتیں کیں۔

پھر جمُد کو لقوہ (ایک بیماری جس کی وجہ سے چہرہ ایک جانب مائل ہو جاتا ہے) ہو گیا، لہٰذا وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: اے اللہ کے رسول! (جمُد) لوگوں کا سردار ہے، آپ اس کے لئے دعا فرمائیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں یہ تو نہیں کر سکتا، لیکن لوہے کے ایک ٹکڑے کو تیز کرو، پھر اس کی دونوں آنکھوں میں جو کچھ ہے اس کو پلٹ دو، یا کسی چوڑی چھری سے اس کو داغو، اسی میں اس کی شفاء ہے، اور یہی اس کا انجام ہے، اللہ تعالیٰ زیادہ جانتا ہے جو تم نے جانے کے بعد کہا۔

اور انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! ہمارے زمانہ جہالت کے کھانے کا کیا ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے لئے ہے یہاں تک کہ اسے اللہ تعالیٰ تم سے کھینچ لے، انہوں نے کہا: اس کی دیت کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تم پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ تم کفایت پر راضی ہو جاؤ گے، وہ کہنے لگے: ہمارا اسلام کیسا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس سے بہتر سلام لا چکے ہیں، پھر جمُد مرتد

ہو گیا، اور رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد کفر کی حالت میں قتل کیا گیا۔

عمرو کہتے ہیں: مجھے کعب بن علقمہ نے بتایا کہ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس یہ مضری غلام آیا، ہم نے جس چیز کا بھی اس سے سوال کیا اس نے ہمیں وہ دے دی، یہاں تک کہ اگر ہم اسے کان سے پکڑنا چاہتے تو ہم یہ بھی کر لیتے، اور بے شک رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالی جَمَد، ابضعہ اور اس کی بہن عمردہ پر لعنت کرے"۔

یہی روایت علامہ عمر بن شبہ نمیری رحمۃ اللہ علیہ نے "تاریخ المدینة"[1] میں امام عبد اللہ بن وہب کے طریق سے ذکر کی ہے۔

اہم فائدہ:

واضح رہے کہ "الجامع لابن وہب" کے آخر میں موجود چار افراد پر لعنت کا مضمون دیگر کتب میں بھی موجود ہے، چنانچہ اسے امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "مسند"[2] میں، امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے "المعجم الكبير"[3] میں اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ نے "المستدك"[4] میں تخریج کیا ہے۔

---

[1] تاريخ المدينة المنورة: ٥٤٢/٢، ت: فهيم محمد شلتوت، تم طبعه ونشره على نفقة حبيب محمود أحمد.

[2] مسند أحمد: ١٩٩/٣٢، رقم: ١٩٤٥٠، ت: شعيب الأرنؤوط، مؤسسة الرسالة ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٠هـ.

[3] المعجم الكبير: ٩٩/٢٠، رقم: ١٩٢، ت: حمدي عبد المجيد السلفي، مكتبة ابن تيمية ـ القاهرة.

[4] المستدرك على الصحيحين: ٩١/٤، رقم: ٦٩٧٩، ت: مصطفى عبد القادر عطا، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٢هـ.

امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت ملاحظہ ہو: "حدثنا أبو العباس محمد بن يعقوب، أنبأ محمد بن عبد الله بن عبد الحكم، أنبأ ابن وهب، أخبرني معاوية بن صالح، عن عبد الرحمن بن عائذ الأزدي، عن عمرو بن عبسة السلمي رضي الله عنه، قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعرض الخيل.... لعن الله الملوك الأربعة: جَمْدا، ومخوسا، وأبضعة، وأختهم العمردة.... ".

اور امام حاکم رحمۃ اللہ علیہ تخریجِ روایت کے بعد فرماتے ہیں: ”هذا حديث غريب المتن صحيح الإسناد، ولم يخرجاه“. یہ حدیث غریب المتن صحیح الاسناد ہے، اور شیخین رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تخریج نہیں کی ہے۔

نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسے ”صحیح غریب“ کہا ہے۔

روایت نمبر (۲۱)

روایت: ”روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیساکہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی“۔

روایت کا مصدر

امام فرید الدین عالم بن العلاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۸۶ھ) نے ”الفتاوی التاتارخانیة“[1] میں ایک لمبی حدیث کے تحت یہ روایت ان الفاظ سے بلا سند نقل کی ہے:

”....فقال [أي: أبي بن كعب] تذكرت حديثا سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إذا اجتمع الأولون و الآخرون يوم القيامة يأتي الإسلام بأحسن صورة، فيطلبك ويقول: أعزك الله يا عمر! كما أعززتني، قال: فسجد عمر رضي الله عنه، وأعتق سبع رقاب شكرا لله تعالى“.

”۔۔۔حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ مجھے وہ حدیث یاد آگئی جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: جب قیامت کے دن اول وآخر سب جمع ہوں گے، تو اسلام بھی

---

[1] الفتاوى التاتارخانية: كتاب الصلاة، ٤٠٠/٦، ت: مفتي شبير أحمد قاسمي، مكتبة زكريا بديوبند ـ الهند، الطبعة ١٤٣١هـ.

بہت خوبصورت شکل میں آئے گا اور آپ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) کو طلب کرے گا، اسلام کہے گا: اے عمر! اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیسا کہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی، راوی کہتا ہے کہ اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سجدہ شکر ادا کیا، اور اپنی میراث میں سے سات غلام اللہ تعالی کی شکر گزاری میں آزاد کئے"۔

یہی روایت علامہ ضیاء الدین عمر بن محمد بن عوض سنامی حنفی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی قبل ۷۲۵ھ) نے "نصاب الاحتساب"[1] میں بلا سند ذکر کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] نصاب الاحتساب: ص: ۱۳۹، ت: مریزن سعید مریزن عسیري، مكتبة الطالب الجامعي ـ مكة المكرمة، الطبعة الأولى ١٤٠٦هـ.

روایت نمبر(۴۲)

روایت: "المرء مخبوء تحت لسانه".
انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔

حکم: زیر بحث روایت تلاش بسیار کے باجود سنداً آپ ﷺ کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا اسے ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتيح الغيب"[1] میں بغیر سند کے نقل کی ہے، ملاحظہ ہو:

"وقال صلى الله عليه وسلم: المرء مخبوء تحت لسانه". آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت آپ ﷺ کے قول کے طور پر بلا سند قاضی ابو الحسن علی بن محمد بصری مَاوَرْدِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۵۰ھ) نے "الحاوي الكبير"[2] میں، مؤید

---

[1] مفاتيح الغيب: ٤٦/٢٢، دار الفكر ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.

[2] الحاوي الكبير: ٢٦٢/١٢، ت: عادل أحمد عبد الموجود وعلي محمد معوض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٤هـ.

الدولہ ابو المظفر اسامہ ابن منقذ کنانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۵۸۴ھ) نے "لباب الآداب"[1] میں، عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) نے "مثنوي"[2] میں، علامہ احمد بن ابراہیم المعروف سبط ابن العجمی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۸۴ھ) نے "کنوز الذهب"[3] میں نقل کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود مذکورہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

زیر بحث روایت سنداً آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے طور پر تو نہیں مل سکی جیسا کہ تفصیل گزر چکی ہے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، تفصیل ملاحظہ ہو:

حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر:

علامہ شہاب الدین احمد بن ادریس قَرَافِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۸۲ھ)

---

[1] لباب الآداب: ص: ۳۳۰، رقم: ۱۷۶، ت: أحمد محمد شاكر، مكتبة السنة ـ القاهرة، الطبعة ۱٤۰۷هـ.

[2] مثنوي مولوي معنوي: ۱۵۲/۱، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.
"مثنوی" کے الفاظ ملاحظہ ہوں: "گفت پیغمبر بہ تمیز کساں، مرء مخفی لدی طی اللساں"۔

[3] كنوز الذهب في تاريخ حلب: ۲۸۷/۲، ت: شوقي شعث وفالح البكور، دار القلم العربي ـ حلب، الطبعة الأولى ۱٤۱۸هـ.

"الذخيرة"[1] میں فرماتے ہیں: "إن قيمة الإنسان مايُعلمه لا مايَعلمه، لقول علي رضي الله عنه: المرء مخبوء تحت لسانه". انسان کی قیمت وہ خود بتاتا ہے، قیمت وہ نہیں جو وہ جانتا ہے، کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے کہ انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔

بعض دیگر مصادر

اسی طرح اسے حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر علامہ ابو منصور عبد الملک بن محمد ثَعَالِبی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۳۰ھ) نے "الإعجاز والإيجاز"[2] میں، علامہ یحیی بن حسین شجری رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۹۹ھ) نے "الأمالي"[3] میں،

---

[1] الذخيرة: ٤٦/١، ت:محمد حجي،دار الغرب الإسلامي ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٩٩٤ء.

[2] الإعجاز والإيجاز:ص:٢٧،ت:إسكندر آصاف،المطبعة العمومية ـ مصر،الطبعة الأولى ١٨٩٧ء.

[3] الأمالي للشجري:١٧٧/١،رقم:٦٦١،ت:محمد حسن محمد حسن إسماعيل،دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

"امالی" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وبه قال: أخبرنا الشريفان أبو محمد وأبو طاهر الحسن وإبراهيم ابنا الشريف الجليل أبي الحسن محمد بن عمر الحسيني الزيدي الكوفي، قالا أخبرنا أبو الفضل محمد بن عبد الله قراءة عليه، قال: أخبرنا أبو أحمد عبيد الله بن الحسين بن إبراهيم العلوي، قال: حدثني أبي، قال: حدثني عبد العظيم بن عبد الله الرازي الحسني في منزله بالري، عن أبي جعفر محمد بن علي الرضى، عن أبيه، عن آبائه، عن علي بن الحسين، عن أبيه، عن جده علي بن أبي طالب عليهم السلام، قال: قلت أربعا أنزل الله تبارك وتعالى تصديقي بها في كتابه، قلت: المرء مخبوء تحت لسانه، فإنه تكلم ظهر، فأنزل الله تعالى: ولتعرفنهم في لحن القول، وقلت: من جهل شيئا عاداه، فأنزل الله عز وجل: بل كذبوا بما لم يحيطوا بعلمه، وقلت: قدر أو قال: قيمة كل امرئ ما يحسنه، فأنزل الله تعالى في قصة طالوت: إن الله اصطفاه عليكم وزاده بسطة في العلم والجسم، وقلت: القتل يقل القتل، فأنزل الله تعالى: ولكم في القصاص حياة يا أولي الألباب".

"امالی" میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول جس سند سے منقول ہے، اس میں ابو الفضل محمد بن عبد اللہ شیبانی موجود ہے، اور اس پر ائمہ نے شدید جرح کی ہے جیسے: یہ غریب احادیث اور شیوخ کے سوٴالات روایت کرتا ہے، لوگوں نے دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کے انتخاب کی بناء پر اس سے احادیث کو لکھا، پھر ان کا جھوٹا ہونا ظاہر ہو تو لوگوں نے اس کی احادیث کو پھاڑ دیا، اور اس کی روایات کو باطل قرار دیا، اور

حافظ مغلطائی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۶۲ھ) نے "إکمال تهذیب الکمال"[1] میں "شرح الکامل" لابن السید کے حوالے سے، علامہ امیر صنعانی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۱۸۲ھ) نے "التنویر"[2] میں اور علامہ آلوسی رحمۃ اللہ علیہ نے (المتوفی ۱۲۷۰ھ) "روح المعاني"[3] میں ذکر کیا ہے۔

حضرت ابو بحر احنف بن قیس تمیمی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷ھ او ۷۱ھ) کے قول کے طور پر:

حافظ ابو القاسم اسحاق بن ابراہیم خُتَّلِی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی (۲۸۳ھ) نے "الدیباج"[4] میں اسے ابو بحر احنف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر ذکر کیا ہے، ملاحظہ ہو:

"حدثني محمد بن مزيد، قال: أخبرني بعض أصحابنا، قال:

اس کے بعد یہ رافضیوں کے لئے احادیث گھڑ کر شرقیہ مسجد میں لکھواتا تھا (حافظ خطیب بغدادی رحمۃ اللہ علیہ)، یہ دجال اور جھوٹا تھا، میں نے کبھی بھی اس کی اصل نہیں دیکھی، اور دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ نے ترکیب کی وجہ سے اس متہم قرار دیا، اور عتیقی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ یہ "کثیر التخلیط" ہے (حافظ ازہری رحمۃ اللہ علیہ)، یہ حافظ اور فن کو جاننے والا تھا، اخباری اور مصنف تھا، لیکن اس کو پلٹنا لاحق ہو گیا (حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ)، مزید تفصیل کے لئے دیکھئے: روایت: ماخاب من استخار ولا ندم من استشار ولا عال من اقتصد، غیر معتبر روایات کا فنی جائزہ، حصہ چہارم (ص:۸۵)۔

[1] إكمال تهذيب الكمال:٣٤٤/٩،ت:أبو عبد الرحمن عادل بن محمد،الفاروق الحديثة ـ القاهرة،الطبعة الأولى ١٤٢٢هـ.

"اکمال تہذیب الکمال" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وفي "شرح الكامل" لابن السيد: ثبت في الحديث أن عليا قال: وافقني ربي في ثلاث، قلت: من لانت كلمته وجبت محبته، وقال جل وعز: ولو كنت فظا غليظ القلب لانفضوا من حولك، وقلت: المرء مخبوء تحت لسانه، وقال جل وعز: ولتعرفنهم في لحن القول، وقلت: القتل ليبقى القتيل [كذا في الأصل]، وقال جل وعز: ولكم في القصاص حياة".

[2] التنوير شرح الجامع الصغير:٢٧٤/٥،ت:محمد إسحاق محمد إبراهيم،مكتبة دار السلام ـ الرياض،الطبعة الأولى ١٤٣٢هـ.

[3] روح المعاني:٥٢٦/٨،ت:علي عبد الباري عطية،دار الكتب العلمية ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٤١٥هـ.

"روح المعانی" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وقال رضي الله تعالى عنه: المرء مخبوء تحت طي لسانه لا طيلسانه".

[4] الديباج للختلي:ص:١٠١،رقم:٣١،ت:إبراهيم صالح،دار البشائر ـ بيروت،الطبعة الأولى ١٩٩٤ء.

قال رجل للأحنف: أنت أبي بحر؟ فقال الأحنف: الرجل مخبوء تحت لسانه". **ایک شخص نے احنف رحمۃ اللہ علیہ سے کہا [جن کی کنیت ابو بحر ہے]: آپ ابی بحر ہیں؟ احنف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے"۔**

نیز امام ابو محمد عبد اللہ بن مسلم بن قتیبہ دِینَوَرِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۲۷۶ھ) نے "عیون الأخبار"[1] **میں اور حافظ کمال الدین ابن العدیم رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۶۰ھ) نے بطریق خُتَّلِی رحمۃ اللہ علیہ** "بغية الطلب"[2] **میں اسے احنف رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر ذکر کیا ہے۔**

بعض حکماء کے قول کے طور پر:

قاضی ابو الحسن علی بن محمد مَاوَرْدِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۴۵۰ھ) نے "أدب الدین والدنیا"[3] **میں اسے بعض حکماء کے قول کے طور پر نقل کیا ہے، ملاحظہ ہو:**

"وقال بعض الحكماء: عقل المرء مخبوء تحت لسانه". **اور بعض حکماء کہتے ہیں: انسان کی عقل اس کی زبان کے نیچے چھپی ہوئی ہے۔**

تحقیق کا خلاصہ اور روایت کا حکم

آپ تفصیل میں دیکھ چکے ہیں کہ زیر بحث روایت تلاش بسیار کے باوجود

---

[1] عيون الأخبار: ۳۳۱/۱، دار الكتاب العربي ـ بيروت.
"عیون الاخبار" کی عبارت ملاحظہ ہو: "وقال الأحنف: حتف الرجل مخبوء تحت لسانه".
[2] بغية الطلب في تاريخ حلب: ص: ۱۳۱۷، ت: سهيل زكار، دار الفكر ـ بيروت.
[3] أدب الدين والدنيا: ص: ٤٤٥، دار المنهاج ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣٤هـ.

سنداً آپ ﷺ کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

روایت نمبر(۲۳)

روایت: جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اُتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۴۴

روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

مصطفی روزے بگورستان برفت با جنازہ یارے از یاراں برفت

مصطفی (صلی اللہ علیہ وسلم) ایک روز قبرستان تشریف لے گئے دوستوں میں سے ایک دوست کے جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے

چوں زگورستان پیمبرؐ باز گشت سوئے صدیقہ شد وہمراز گشت

جب پیغمبر (صلی اللہ علیہ وسلم) قبرستان سے لوٹے صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کی طرف گئے اور ہمراز بنے

چشم صدیقہ چو بر رویش فتاد پیش آمد دست بروے می نہاد

صدیقہ (رضی اللہ عنہا) کی نظر جب آپ کے چہرے پر پڑی آگے بڑھیں اور آپ پر ہاتھ رکھا

بر عمامہ بر رخ و بر موئے او بر گریباں وبر و بازوئے او

[1] مثنوي مولوي معنوي:۱/۲۲۰،مترجم:قاضي سجاد حسين،حامد ايند كمبني ـ لاهور.

عمامہ پر اور آپ کے چہرے اور بالوں پر گریباں پر اور جسم پر اور آپ کے بازو پر

گفت پیغمبرؐ چہ می جوئی شتاب گفت باراں آمد امروز از سحاب

پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا جلد جلد کیا دیکھتی ہو؟ بولیں آج بادل سے بارش برسی ہے

جا مہایت می بجویم در طلب تر نمی بینم زباراں اے عجب!

جستجو میں آپ کے کپڑے چھوتی ہوں تعجب ہے! بارش سے تر نہیں دیکھتی

گفت چہ بر سر فگندی از اِزار گفت کردم آں ردائے تو خمار

فرمایا سر پر کون سا کپڑا اوڑھا تھا؟ بولیں: آپ کی چادر کو دوپٹہ بنایا تھا

گفت بہرے آں نمودائے پاک حبیب چشم پاکت راخدا باران غیب

فرمایا: اے پاک دل! اسی لئے دکھائی خدا نے تیری پاک آنکھ کو غیبی بارش

نیست آں باراں ازیں ابر شما ہست ابر دیگر ودیگر سما

وہ بارش تمہارے اس ابر کی نہیں ہے وہ دوسرا ابر اور دوسرا آسمان ہے

ای چنیں باراں ز اَبرِ دیگر است رحمت حق در نزوش مضمر ست

اس طرح کی بارش دوسرے ابر کی ہے جس کے نازل ہونے میں خدا کی رحمت پوشیدہ ہے۔

اہم فائدہ:

"مثنوی شریف" کے علاوہ یہ روایت شیخ محمد واعظ رہاوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۹۰ھ) نے بھی "جامع المعجزات"[1] میں ان الفاظ سے بلاسند نقل کی ہے:

"ومن معجزاته: روي أن رجلا من الأنصار مات وصلى النبي عليه السلام صلواته [كذا في الأصل]، وذهب بجارته إلى المقابر، وبعد الدفن رجع النبي عليه السلام إلى بيته، فقامت عائشة رضي الله عنها ومست يدها إلى عمامة النبي عليه السلام وقالت: يا عجبا! مابلغت عمامتك وثيابك من المطر، وفي ذلك اليوم ما كان المطر، فعلم النبي عليه السلام أن عائشة رضي الله عنها قد رأت مطر عالم الغيب، وقال: يا عائشة رضي الله عنها! اليوم ماتغطي على رأسك، قالت: تغطت برأسي بردائي [كذا في الأصل]، ثم قال عليه السلام: يا عائشة رضي الله عنها! ذلك الرداء قد ارتفع عن بصرك الغطاء، ورائت مطر عالم الغيب، يا عائشة! وفي عالم الغيب مطر وغمام، وشمس وقمر، لا يراها إلا سبأ [كذا في الأصل] والأولياء والصالحون من المؤمنين".

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات میں منقول ہے کہ ایک انصاری شخص کا انتقال ہوگیا، اور نبی علیہ السلام نے اس کی نماز جنازہ پڑھی، اور اس کے ساتھ قبرستان تک تشریف لے گئے، اور نبی علیہ السلام دفن کے بعد گھر لوٹ آئے، عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ہاتھ سے نبی علیہ السلام کا عمامہ چھوا اور کہا: تعجب ہے کہ آپ کے عمامہ اور کپڑوں کو

[1] جامع المعجزات: ص: ٤١، مطبعة نبات المصري.

بارش کا پانی نہیں لگا، حالانکہ اس دن بارش نہیں ہوئی تھی، نبی ﷺ کو معلوم ہو گیا کہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عالم غیب کی بارش دیکھی ہے، آپ ﷺ نے پوچھا: اے عائشہ! آج آپ نے سر کو کس چیز سے ڈھانپا تھا؟ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میں نے اپنا سر اپنی چادر سے ڈھانپ رکھا ہے، پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا: اے عائشہ! اس چادر نے آپ کی آنکھوں سے پردے کو ہٹا دیا، اور اے عائشہ! آپ نے عالم غیب کی بارش دیکھی ہے، اور عالم غیب میں بارش، بادل، سورج اور چاند ہیں، جن کو صرف اولیاء اور نیک ایمان والے دیکھ سکتے ہیں۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۴۵

روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور وغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوی"[1] میں لکھتے ہیں:

آں بلالِ صدق در بانگِ نماز حَیَّ را ہَیَّ خواند از رُوئے نیاز

وہ سچے بلال رضی اللہ عنہ اذان میں (لفظ) حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھتے تھے

تا بگفتند اے پیمبر نیست راست ایں خطا اکنوں کہ آغازِ بنا ست

یہاں تک کہ ان (منافقوں) نے کہا: اے پیغمبر! درست نہیں ہے یہ غلطی اس وقت کہ تعمیر کی ابتداء ہے

اے نبی! واے رسول! کرد گار یک مؤذن کہ بُوَد اَفصح بیار

اے اللہ کے رسول! اور نبی ! ایک زیادہ فصیح مؤذن لے آیئے

عیب باشد اولِ دین و صلاح لحن خواندن لفظِ حَیَّ علی الفلاح

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۳۰/۳، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

دین اور نیکی کے شروع میں عیب ہوگا لفظِ حَیَّ علی الفلاح کو غلط پڑھنا

خشم پیغمبرؑ بجوشید و بگفت یک دو رمزے از عنایاتِ نہفت

پیغمبر ﷺ کا غصہ جوش میں آیا اور فرمائے ایک دو اشارے چھپی ہوئی عنایتوں میں سے

کاے خساں نزد خدا ہَیَّ بلال بہتر از صد حَیَّ حَیَّ وقیل وقال

کہ اے کمینو! اللہ کے نزدیک بلال رضی اللہ عنہ کا ہَیَّ شوروغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے

وامشو رانید تامن رازِ تاں وانگویم ز آخر و آغازِ تاں

جوش نہ دلاؤ تاکہ میں تمہارے راز اول اور آخر کے صاف نہ کہہ ڈالوں

گر نداری تو دم خوش دَر دُعا ردد عامی خواہ زا خِوانِ صَفا

اگر تو دعا میں اچھا دم نہیں رکھتا ہے جا صفائی والوں سے دعا کرا لے

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اًتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ㊻

روایت: ریاکاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

در حدیث آمد کہ تسبیح از ریا　　ہمچو سبزہ گولخن داں اے کیا

حدیث (شریف) میں آیا ہے کہ ریاکاری کے ساتھ تسبیح اے عقلمند! کوڑی کا سبزہ سمجھ۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ۱۰۶/۲، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

روایت نمبر㉗

روایت: "عجلوا الطاعات قبل الفوت".
عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) "مثنوي"[1] میں لکھتے ہیں:

عجلوا الطاعات قبل الفوت گفت   مصطفٰے چوں گوہرِ معنی بسُفت

عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو، فرمایا ہے: مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم نے، جب معنی کے موتی پروئے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت ان الفاظ سے سنداً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فوائد:

① واضح رہے کہ زیرِ بحث روایت انہی الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، البتہ اسی

---

[1] مثنوي مولوي معنوي: ٢/٢٤٩، مترجم: قاضي سجاد حسين، حامد ايند كمبني ـ لاهور.

سے ملتی جلتی ایک روایت علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "موضوعات"[1] میں من گھڑت روایات میں ذکر کی ہے، جس کے الفاظ یہ ہیں:

"عجلوا بالصلاة قبل الفوت، وعجلوا بالتوبة قبل الموت". نماز کو اس کے فوت ہونے سے پہلے ادا کرو، اور موت سے پہلے توبہ کرو۔

② زیر بحث روایت سے ملتے جلتے الفاظ علامہ مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے "فیض القدیر"[2] میں امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ کے قول کے طور پر نقل کئے ہیں، ملاحظہ ہوں:

"وقال إمام الحرمين: الدنيا ثلاثة أنفاس، نفس مضى، عملت فيه ما عملت، ونفس أنت فيه، ونفس لا تدري أتدركه أم لا؟ إذ كم من تنفس نفسا ففاجأه الموت قبل النفس الآخر، فلست تملك إلا نفسا واحدا، لا يوما ولا ساعة، فبادر في هذا النفس إلى الطاعة قبل الفوت، وإلى التوبة قبل الموت، ولا تهتم بالرزق، فلعلك لا تبقى حتى تحتاج إليه، فيكون وقتك ضائعا، والهم فاضلا".

اور امام الحرمین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: دنیا تین سانس ہے، ایک وہ سانس ہے جو گزر چکا، اس میں آپ نے جو کچھ کیا سو کیا، اور ایک سانس وہ ہے جس میں آپ ہیں، اور ایک وہ سانس ہے کہ جس کے بارے میں آپ نہیں جانتے کہ آپ اسے پا سکیں گے یا نہیں، اس لئے کہ کتنے ہی سانس لینے والے ایسے ہیں کہ جو ایک سانس لیتے ہیں تو ان کو دوسرا سانس لینے سے پہلے اچانک موت آجاتی ہے، آپ صرف

---

[1] موضوعات الصغاني:ص:٣٥،رقم:٣٤،ت:نجم عبد الرحمن خلف،دار نافع،الطبعة الأولى ١٤٠١هـ.
[2] فيض القدير: ٥١/٥، دار المعرفة ـ بيروت،الطبعة الثانية ١٣٩١هـ.

ایک سانس کے مالک ہو، نہ ایک دن اور نہ ہی ایک گھڑی کے، سو اس سانس کے فوت ہونے سے پہلے اطاعت میں جلدی کرو، اور موت سے پہلے توبہ کی طرف جلدی کرو، اور رزق کے بارے میں غم نہ کرو، شاید کہ آپ باقی نہ رہیں کہ آپ کو اس رزق کی ضرورت پڑے، (ورنہ) آپ کا وقت ضائع ہو جائے گا، اور آپ کا غم اضافی ہو گا۔

روایت نمبر ⑳⑧

روایت: "جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے"۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فرید الدین عالم بن العلاء دہلوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۷۸۶ھ) نے "الفتاوی التاتارخانیة"[1] میں امام ابو الفتح ظہیر الدین عبد الرشید بن ابو حنیفہ وَلْوَالِجی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی بعد ۵۴۰ھ) کے حوالے[2] سے بلا سند ان الفاظ سے نقل کی ہے:

"روي عن النبي صلى الله عليه وسلم: من أفطر لحق أخيه يكتب له ثواب صوم ألف يوم، ومتى قضى يوما كتب له ثواب ألفي يوم".

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جس نے اپنے بھائی کے حق کے لئے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار دنوں کے روزوں کا ثواب لکھا جائے گا، اور جس دن وہ قضاء کرے گا تو اس کے لئے دو ہزار دنوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

بعض دیگر مصادر

یہی روایت علامہ ابو بکر بن علی الحداد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۸۰۰ھ) نے "الجوهرة

---

[1] الفتاوى التاتارخانية: ۴۰۲/۳، رقم: ٤٦٩٤، ت: مفتي شبير أحمد قاسمي، مكتبة زكريا بديوبند۔ الهند، الطبعة الأولى ١٤٣١هـ.

[2] الفتاوى الولوالجية: ٢٢٦/١، ت: مقداد بن موسى فريوي، دار الكتب العلمية۔ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٤هـ.

النَيِّرَة"[1] میں، علامہ یوسف بن عمر بن یوسف کادوری (المتوفی ۸۳۲ھ) نے "جامع المضمرات"[2] میں، علامہ یعقوب بن سید علی بروسوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۹۳۱ھ) نے "مفتاح الجنان"[3] میں، علامہ شُرُنبُلَالِی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۱۰۶۹ھ) نے "مراقي الفلاح"[4] اور "حاشية درر الحكام"[5] میں بلا سند ذکر کی ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اَتاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جا سکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

---

[1] الجوهرة النيرة: ٣٤٧/١، ت: إلياس قبلان، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٧هـ.

[2] جامع المضمرات: ٤٧٣/٢، ت: عمر عبد الرزاق حمد الفياض، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الأولى ١٤٣٩هـ.

[3] مفتاح الجنان: ص: ٢٠٣، المطبعة العثمانية، الطبعة ١٣١٧هـ.

[4] مراقي الفلاح: ص: ٢٥٣، ت: أبو عبد الرحمن صلاح بن محمد بن عويضة، دار الكتب العلمية ـ بيروت، الطبعة الثانية ١٤٢٤هـ.

[5] انظر درر الحكام: ٢١٠/١، مير محمد كتب خانة ـ كراتشي ـ باكستان.

روایت نمبر (۲۹)

روایت: "آپ ﷺ کا ایک شخص کو مسجد میں سویا ہوا دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمانا: اے علی! اسے جگا دو، تاکہ وضو کرلے، پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پوچھنے پر بذات خود نہ جگانے کی یہ وجہ بیان فرمانا کہ مبادا انکار کر بیٹھتا اور میرے کہنے پر انکار کفر ہو جاتا، تیرے کہنے سے انکار کفر نہیں ہوگا"۔

روایت کا مصدر

یہ روایت امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ نے "مفاتیح الغیب"[1] میں بغیر سند کے ان الفاظ سے ذکر کی ہے:

"روي: أنه عليه السلام دخل المسجد فرأى نائما، فقال: يا علي! نبهه ليتوضأ، فأيقظه علي، ثم قال علي: يا رسول الله! إنك سباق إلى الخيرات، فلم لم تنبهه؟ قال: لأن رده عليك ليس بكفر، ففعلت ذلك لتخف جنايته لو أبى".

منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ ایک مرتبہ مسجد میں تشریف لائے ایک صحابی رضی اللہ عنہ سو رہے تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: اے علی! اسے جگا دو تاکہ وضو کرلے، حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے جگا تو دیا، مگر حضور ﷺ سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! آپ تو بھلائیوں کی طرف خوب سبقت کرنے والے ہیں، آخر آپ نے خود کیوں نہیں جگایا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اس لئے کہ اس کا آپ کو انکار کرنا کفر

---

[1] مفاتیح الغیب: ۲۹/۳۲، دار الفکر ـ بیروت، الطبعة الأولی ۱۴۰۱ھـ.

نہیں تھا، میں نے ایسا اس لئے کیا تاکہ انکار کی صورت میں اس کی جنایت کم ہو جائے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

روایت نمبر ۳۰

روایت: ”حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کرنا کہ آپ جہاں جاتے ہیں زمین پر کچھ بچھائے بغیر نماز پڑھ لیتے ہیں“۔

روایت کا مصدر

عارف باللہ مولانا جلال الدین محمد رومی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی ۶۷۲ھ) ”مثنوي“[1] میں لکھتے ہیں:

عائشہ روزے بہ پیغمبر بہ گفت — یا رسوال اللہ! تو پیدا و نہفت

ایک دن (حضرت) عائشہ رضی اللہ عنہا نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ مجمع اور تنہائی

ہر کجا یا بی نمازے می کنی — می رَوی دَر خانۂ ناپاک ودَنی

جہاں موقع ملتا ہے نماز پڑھ لیتے ہیں، ہر ادنی اور ناپاک گھر چلے جاتے ہیں

بے مصلی می گزاری تو نماز — ہر کجا روئے زمیں بکشای راز

بغیر مصلے کے آپ نماز پڑھ لیتے ہیں جہاں بھی روئے زمین ہو، راز بتایئے؟

گرچہ میدانی کہ ہر طفل پلید — کرد مُستَعمَل بہر جا کہ رسید

اگرچہ آپ جانتے ہیں کہ ہر ناپاک بچہ، جہاں وہ جاتا ہے (زمین) کو مستعمل کر دیتا ہے

[1] مثنوي مولوي معنوي:۳۲۱/۲،مترجم:قاضي سجاد حسين،حامد ايند كمبني ـ لاهور.

گفت پیغمبرؐ کہ از بہرِ مہاں حق نجس را پاک کرد ایں را بداں

پیغمبر (ﷺ) نے فرمایا: بڑے لوگوں کے لئے اللہ (تعالی) نے نجس کو پاک کردیا ہے، اس کو سمجھ لے

سجدہ گاہم را ازاں رو لطفِ حق پاک گردانید تا ہفتم طبق

اس لئے اللہ (تعالی) کی مہربانی نے میری سجدہ گاہ کو ساتوں طبقوں تک پاک کردیا ہے۔

روایت کا حکم

تلاش بسیار کے باوجود یہ روایت سند اً تاحال ہمیں کہیں نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے آپ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، کیونکہ آپ ﷺ کی جانب صرف ایسا کلام اور واقعہ ہی منسوب کیا جاسکتا ہے جو معتبر سند سے ثابت ہو، واللہ اعلم۔

اہم فائدہ:

زیر بحث روایت تو تلاش بسیار کے باوجود سنداً مذکورہ الفاظ سے نہیں مل سکی، البتہ اس سے ملتی جلتی ایک صحیح روایت میں یہ مضمون وارد ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے لئے تمام روئے زمین کو سجدہ گاہ اور پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا گیا، چنانچہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی "صحیح"[1] میں مفصل طور پر یہ ضمنی روایت ان الفاظ سے تخریج کی ہے:

[1] الصحيح للبخاري: ۷۴/۱، ت: محمد زهير بن ناصر الناصر، دار طوق النجاة ـ بيروت، الطبعة الأولى ۱۴۲۲هـ.

”حدثنا محمد بن سنان، قال: حدثنا هشيم، ح قال: وحدثني سعيد بن النضر، قال: أخبرنا هشيم، قال: أخبرنا سيار، قال: حدثنا يزيد هو ابن صهيب الفقير، قال: أخبرنا جابر بن عبد الله أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: أعطيت خمسا لم يعطهن أحد قبلي: نصرت بالرعب مسيرة شهر، وجعلت لي الأرض مسجدا وطهورا، فأيما رجل من أمتي أدركته الصلاة فليصل، وأحلت لي المغانم ولم تحل لأحد قبلي، وأعطيت الشفاعة، وكان النبي يبعث إلى قومه خاصة وبعثت إلى الناس عامة“.

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے پانچ چیزیں ایسی عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی کو نہیں دی گئیں، میری مدد کی گئی ہے رعب کے ذریعے سے ایک ماہ کی مسافت سے، اور میرے لئے تمام روئے زمین کو سجدہ گاہ اور پاکی حاصل کرنے کا ذریعہ بنایا گیا ہے، لہذا میری امت کے جس شخص کو نماز پالے تو اسے چاہئے کہ نماز پڑھ لے، اور میرے لئے مال غنیمت کو حلال کیا گیا اور مجھ سے پہلے کسی کے لئے حلال نہیں ہوا، اور مجھے شفاعت عطا کی گئی، اور ہر نبی خاص طور پر اپنی قوم کی طرف مبعوث ہوتا تھا، اور میری بعثت تمام انسانیت کے لئے عام ہے۔

روایات کا مختصر حکم

فصل اول (مفصل نوع)

روایت	مختصر حکم
① روایت: "جب تم میں سے کوئی نماز کے لئے کھڑا ہو تو اسے چاہئے کہ اپنے اعضاء کو پُر سکون رکھے، اور یہود کی طرح نہ ہلے، اس لئے کہ نماز میں اعضاء کا پُر سکون ہونا نماز کے کامل ہونے کا جزو ہے"۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔
② روایت: "إن رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا يعبث بلحيته في الصلاة، فقال: لو خشع قلبه، لخشعت جوارحه". آپ ﷺ نے ایک آدمی کو دیکھا وہ نماز میں اپنی داڑھی سے کھیل رہا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس کے دل میں خشوع ہوتا، تو ضرور اس کے اعضاء پُر سکون رہتے۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے، حافظ زین الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے بیٹے حافظ ولی الدین عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ معروف قول کے مطابق یہ سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے، جو انہوں نے ایک شخص کو دوران نماز داڑھی سے کھیلتے ہوئے دیکھ کر کہا تھا، انتھی، اس لئے اسے سعید بن مسیب رحمۃ اللہ علیہ کی جانب منسوب کرنا چاہئے، آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔
③ روایت: حالتِ مرض میں آیت کریمہ: "لا إله إلا أنت سبحانك إني كنت من الظالمين". چالیس مرتبہ پڑھنے کے بعد اگر اسی مرض کی حالت میں مر گیا تو چالیس شہداء کا اجر ملے گا، اور اگر تندرست ہو گیا تو سارے گناہوں کی بخشش ہو جائے گی۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت	حکم
④ روایت: بارش کے پانی پر مختلف آیات و سورتیں پڑھ کر پینے سے شفاء کا حصول۔	من گھڑت
⑤ روایت: "حلال درہم سے شہد خرید کر بارش کے پانی کے ساتھ پینا ہر بیماری سے شفاء ہے"۔	علامہ غماری رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو صاف من گھڑت کہا ہے، البتہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ان کا یہ قول ثابت ہے: جب تم میں سے کسی ایک کو کوئی تکلیف ہو تو اسے چاہئے کہ اپنی بیوی سے تین درہم یا اس جیسے کچھ درہم مانگے، ان سے شہد خریدے، پھر بارش کا پانی لے اور شہد اور پانی کو ملالے، تو اس میں خوشگوار و نفع بخش اور بابرکت شفاء جمع ہو جائی گی۔
روایت⑥: "من صلى الفجر في جماعة، وخرج من المسجد فمر بعشرين نفسا فسلم عليهم، ثم مات في ذلك اليوم غفر له". جو شخص نمازِ فجر جماعت کے ساتھ پڑھ لے، اور مسجد سے باہر جائے اور بیس افراد پر گزرتے ہوئے اُنھیں سلام کرے، پھر اگر یہ شخص اسی دن مر گیا تو اس کی بخشش ہو جائے گی۔	من گھڑت
⑦ روایت: ایک مرتبہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر چار دن بھوک کی حالت میں گزرے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کی بارگاہ میں خوب گڑ گڑائے، اللہ تعالی نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ذریعے وافر مقدار میں کھانا اور دیگر اشیاء بھجوائیں، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے دعا کی: یا اللہ میں عثمان سے راضی ہوں تو بھی اس سے راضی ہو جا۔	شدید ضعیف ہے، حتی کہ حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ ابن عراق رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت اسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔
⑧ روایت: "هلك المسوفون". ٹالنے والے ہلاک ہو گئے۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کر سکتے۔

روایت	حکم
⑨ روایت: ”جس نے دس محرم کے دن اثمد سرمہ لگایا تو اس کی آنکھ کبھی نہیں دکھے گی“۔	من گھڑت
⑩ روایت: جس میں عاشورہ (دس محرم) کو مختلف انبیاء علیہم السلام حضرت آدم علیہ السلام، حضرت حواء علیہا السلام، حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام، حضرت ایوب علیہ السلام، حضرت داوٗد علیہ السلام، حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش آنے والے بڑے بڑے واقعات کا ذکر ہے، نیز عاشورہ کے دن مختلف اعمال جیسے: غسل، سرمہ، یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا، مریض کی عیادت کرنا، افطار پر بڑے بڑے اجر و ثواب کا ذکر ہے۔	باطل، من گھڑت
⑪ روایت: حکایت: ابو معلق تاجر صحابی رضی اللہ عنہ کا ڈاکو سے حفاظت کی نماز میں ایک خاص دعا کرنا، اور فرشتہ کا اس ڈاکو کو نیزہ سے قتل کرنا۔	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کر سکتے، نیز حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ یہ عجیب حدیث ہے۔
⑫ روایت: ”إن لله ملكا لو قيل له: التقم السموات والأرضين السبع بلقمة واحدة، لفعل، تسبيحه: سبحانك حيث كنت“. بے شک اللہ تعالی کا ایک فرشتہ ہے، اگر اس سے کہا جائے: ساتوں آسمان وزمین ایک ہی لقمہ میں نگل لو، تو وہ ایسا کرلے گا، اس کی تسبیح یہ ہے: تو پاک ہے جہاں کہیں بھی ہے۔	حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ ”منکر حدیث“ ہے، حافظ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ ایک دوسرے مقام پر فرماتے ہیں: ”یہ حدیث غریب جداً ہے، اور اس کے مرفوع (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا قول) ہونے میں نظر ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ ابن عباس رضی اللہ عنہما پر موقوف ہو، اور انہوں نے اسے اسرائیلیات میں سے لیا ہو“، الحاصل اس روایت کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

روایت	حکم
⑬روایت: "إنما خلقت الخلق ليربحوا علي، ولم أخلقهم لأربح عليهم". میں نے مخلوقات کو اس لئے پیدا کیا ہے تاکہ وہ مجھ سے نفع حاصل کریں، اور میں نے ان کو اس لئے پیدا نہیں کیا کہ میں ان سے نفع حاصل کروں۔	حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ مذکورہ روایت کے بارے میں فرماتے ہیں: "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں"، نیز علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابو القاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ شہرستانی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اسرائیلی روایت کے طور پر بیان کیا ہے، اس لئے اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں، البتہ اسرائیلی روایت کہہ کر بیان کر سکتے ہیں۔
⑭روایت: یعفور نامی دراز گوش (گدھے) کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور کو بطور قاصد صحابہ رضی اللہ عنہم کے گھروں کی طرف بھیجنا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد یعفور کا اپنے آپ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے غم میں کنویں میں گرا کر جان دے دینا۔	یہ تمام مضامین من گھڑت ہیں، البتہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یعفور نامی دراز گوش (گدھا) تھا، جس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سواری فرماتے تھے۔
⑮روایت: "من شرب الماء على الريق انتقصت قوته". جو شخص نہار منہ پانی پیئے گا اس کی طاقت کم ہو جائے گی۔	منکر، شدید ضعیف ہے، بعض محدثین نے اسے من گھڑت تک کہا ہے، بہر صورت بیان نہیں کر سکتے۔
⑯روایت: "جو شخص اپنی عورت کی بد اخلاقی پر صبر کرے گا تو اللہ تعالی اس کو وہ اجر دیں گے جو حضرت ایوب علیہ السلام کو ان کی بیماری پر صبر کرنے پر دیا گیا تھا، اور جو عورت اپنے شوہر کی بد اخلاقی پر صبر کرے تو اللہ تعالی اس کو فرعون کی بیوی آسیہ علیہا السلام کے ثواب کے مثل عطاء کریں گے"۔	حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "میں اس کی اصل پر واقف نہیں ہو سکا ہوں"، حافظ عراقی رحمۃ اللہ علیہ کے اس قول پر علامہ ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ، علامہ پٹنی رحمۃ اللہ علیہ، علامہ شوکانی رحمۃ اللہ علیہ اور علامہ مرتضی زبیدی رحمۃ اللہ علیہ نے اعتماد کیا ہے، نیز علامہ سبکی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو ان احادیث کی فہرست

روایت	حکم
	میں شامل کیا ہے جن کی سند انھیں نہیں مل سکی ہے، اس لئے اسے رسول اللہ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔
⑰ روایت: ”جس شخص نے بھی کسی اجنبی عورت کی طرف شہوت کی نگاہ سے دیکھا، تو قیامت کے دن اس کی آنکھوں میں سیسہ ڈالا جائے گا“۔	حافظ جمال الدین زیلعی رحمۃ اللہ علیہ علامہ ابن ابی العز رحمۃ اللہ علیہ اور حافظ ابن حجر عسقلانی رحمۃ اللہ علیہ کے کلام کا حاصل یہی ہے کہ یہ روایت ان الفاظ سے سنداً نہیں ملتی، بلکہ حافظ بدر الدین عینی رحمۃ اللہ علیہ نے صاف کہا ہے کہ ”یہ صحیح نہیں ہے“، اس لئے یہ روایت ان الفاظ سے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا درست نہیں ہے۔
⑱ روایت: موت کے وقت نماز کا اہتمام کرنے والے سے فرشتہ کا قریب ہونا، شیطان کا دور ہونا اور اسے ملک الموت کا کلمہ کی تلقین کرنا۔	شدید ضعیف، بیان نہیں کرسکتے۔
⑲ روایت: ستر ہزار فرشتوں کی طاقت رکھنے والا فرشتہ اپنی انتہائی پرواز کے بعد بھی باری تعالی کے عرش تک نہیں پہنچ سکا۔	شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کرسکتے۔
⑳ روایت: ”الكريم إذا قدر عفا“. کریم جب قابو پالیتا ہے تو معاف کر دیتا ہے۔	امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اسے من گھڑت روایت کے مشابہہ قرار دیا ہے، اور محدثین کی ایک جماعت نے ان کے قول پر اعتماد کیا ہے، لہذا اسے آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا درست نہیں ہے۔

مذکورہ دعا کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا من گھڑت ہے، تاہم مشہور قول کے مطابق حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اذان کے وقت صرف اِن کلمات کا کہنا منقول ہے، جس میں مذکورہ ثواب موجود نہیں ہے،اس لئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے انتساب سے اسے بیان کرنا، عمل کرنا درست ہے۔	(۲۱) روایت: اذان سن کر: "مرحبا بالقائلين عدلا مرحبا بالصلاة وأهلا". پڑھنے پر بیس لاکھ نیکیاں، بیس لاکھ گناہ معاف اور بیس لاکھ درجات بلند۔
شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کر سکتے۔	(۲۲) روایت: "گانا سننے والوں کو آخرت میں روحانیین یعنی اہل جنت کے قراء کو سننے کی اجازت نہیں ہوگی"۔
شدید ضعیف ہے، بیان نہیں کر سکتے۔	(۲۳) روایت: آپ ﷺ کا دودھ چھڑانے کے فوراً بعد یہ کلمات کہنا: الله أكبر كبيرا، والحمد لله كثيرا، وسبحان الله بكرة و أصيلا.
من گھڑت	(۲۴) روایت: بسم اللہ کی میم الحمد کی لام کے ساتھ ملا کر آخر تک پڑھنے پر چار انعامات کا ملنا۔
یہ باطل ہے، بیان نہیں کر سکتے۔	(۲۵) روایت: آپ ﷺ کا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پر فرمانا کہ میری تم سے محبت ایسی ہے جیسے رسی کی گرہ۔

فصلِ ثانی (مختصر نوع)

حکم	روایات
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	① روایت: آپ ﷺ کا ایک صحابی کو جھوٹ چھوڑنے کی وصیت کرنا، جس کے نتیجہ میں اس سے تمام گناہ چھوٹ گئے۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	② روایت: "إن الدانق من الفضة يؤخذ به يوم القيامة سبعمائة صلاة مقبولة فتعطى إلى الخصم". چاندی کے ایک دانق کے بدلہ قیامت کے دن سات سو مقبول نمازیں لے کر مد مقابل کو دے دی جائیں گی۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	③ روایت: "آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام مجھے اللہ کے ذکر کی اس قدر تاکید کرتے رہے کہ مجھے یہ گمان ہونے لگا کہ بغیر ذکر کے کوئی چیز نفع نہ دے گی"۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	④ روایت: "اللہ کے راستے میں دعا ایسے قبول ہوتی ہے جیسے بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کی دعا قبول ہوتی تھی"۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	⑤ روایت: "آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنی بیٹی کا نکاح کفو ملنے کے باوجود نہ کرے اس کو بیٹی کی ہر ماہواری کے بدلہ ایک پیغمبر قتل کرنے کا گناہ ملتا ہے، اور قیامت کے دن اسے یہ ماہواری پلائی جائے گی"۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	⑥ روایت: "بچوں کے منہ پر لگی ہوئی غذا دھو لیا کرو، کیونکہ شیطان ہمیشہ بچی ہوئی غذا کو سونگھتا ہے"۔
سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔	⑦ روایت: ایک صحابی رضی اللہ عنہ کی عمر میں سے صرف ایک گھڑی باقی رہنے کی صورت میں آپ ﷺ کا ان کو اس وقت حصولِ علم میں مشغول ہونے کا فرمانا۔

روایت	حکم
⑧ روایت: ”جو شخص بارش کے نزول کے وقت یہ درود پڑھتا ہے، تو اللہ عز و جل اسے بارش کے ہر قطرے کے بدلے نیکی عطا فرماتا ہے: اللّهم صل وسلم على سيدنا ومولانا محمد وعلى آل سيدنا ومولانا محمد بعدد قطرات الأمطار“.	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑨ روایت: ”جنازے کی آخری صف افضل ہے“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑩ روایت: جو شخص حضرات شیخین کا دفاع کرے گا تو یہ حضرات اپنی نیکیوں میں سے چوتھائی حصہ نیکی کا اسے دیں گے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑪ روایت: ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ مسجد نبوی میں بیٹھے اپنی جوتی مرمت کرنے لگ گئے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم مرمت کرلیتے ہیں، آپ ﷺ نے فرمایا: میں جوتی نہیں بنارہا، بلکہ بت توڑ رہا ہوں، تاکہ قیامت تک آنے والے زمانہ میں کوئی پیشہ کے لحاظ سے ذلیل نہ سمجھے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑫ روایت: آپ ﷺ کا زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈال کر فرمانا کہ امت اس سے برکت حاصل کرے۔	یہ روایت خاص ان لفظوں سے کہ آپ ﷺ نے زمزم کے کنویں میں لعاب دہن ڈالنے کے بعد فرمایا ہو کہ امت اس سے برکت حاصل کرے، سنداً نہیں ملتی، لہذا سند ملنے تک اس کو آپ ﷺ کی جانب منسوب کرکے بیان نہ کیا جائے۔ بعض مزید اہم اُمور تفصیل میں ضرور ملاحظہ فرمائیں۔
⑬ روایت: ”شادی شدہ مسلمان کی غیر شادی شدہ مسلمان پر ایسی فضیلت ہے جیسے اللہ تعالی کی راہ میں جہاد کرنے والے کی فضیلت گھر بیٹھنے والے پر“۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

⑭روایت: "پیغمبر ﷺ نے فرمایا ہے: اے گستاخ مرید! کسی مرشد کی کبھی برابری نہ کر"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑮روایت: ملک الموت کے دل میں صرف دو بندوں، یعنی بہتے تختے پر موجود بچہ کی ماں، اور شداد کی روح قبض کرتے ہوئے رحم پیدا ہوا ہے۔	یہ روایت سنداً تا حال نہیں مل سکی ہے، تاہم ائمہ کرام کے اقوال کی روشنی میں یہ بات تفصیل سے گزر چکی ہے کہ شداد کی جنت والی مشہور روایت من گھڑت ہے، اور زیرِ بحث اس حکایت میں بھی یہی مضمون اختصار کے ساتھ مذکور ہے، چنانچہ قرینِ قیاس یہی ہے کہ یہ حکایت بھی من گھڑت ہے، واللہ اعلم۔
⑯روایت: نمرود کی بیٹی کا کلمہ پڑھ کر آگ میں آنا اور نہ جلنا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑰روایت: "تھوڑی سی دیر اولیاء کی ہمنشینی سو سالہ بے ریا عبادت سے بہتر ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
⑱روایت: حکایت: "حضرت موسی علیہ السلام کو پیٹ میں درد ہوا تو انہوں نے اللہ سے شکایت کی، اللہ تعالی نے انھیں ایک جڑی بوٹی کھانے کو فرمایا۔۔۔"۔	سنداً آپ ﷺ کے ارشادات میں یہ روایت نہیں ملتی، اس لئے اسے آپ ﷺ کی جانب منسوب کرنا موقوف رکھا جائے، تاہم حکایت بظاہر اسرائیلی معلوم ہوتی ہے، اس لئے اسے اسرائیلی حکایت کہہ کر نقل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
⑲روایت: ابو جہل نے آپ ﷺ کو بدصورت کہا (معاذ اللہ)، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے خوبصورت کہا، آپ ﷺ نے دونوں کو سچا قرار دیا، اور لوگوں کے پوچھنے پر بتایا کہ میں ایک آئینہ ہوں مجھ میں ہر شخص وہی دیکھتا ہے جو وہ خود ہے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

(۲۰)روایت: اُس شخص کا منہ ٹیڑھا رہ جانا جس نے حضور ﷺ کا نام تمسخر کے ساتھ لیا تھا۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۱)روایت: روز قیامت اسلام کا حسین صورت میں آکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہنا: اللہ تعالی آپ کو عزتوں سے مالا مال کرے جیسا کہ آپ نے دنیا میں مجھے (یعنی اسلام کو) عزت بخشی۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۲)روایت: "المرء مخبوء تحت لسانه". انسان اپنی زبان میں چھپا ہوا ہے۔	یہ روایت تلاش بسیار کے باجود سنداً آپ ﷺ کے قول کے طور پر نہیں مل سکی، اور جب تک اس کی کوئی معتبر سند نہ ملے اسے رسول اللہ ﷺ کے انتساب سے بیان کرنا موقوف رکھا جائے، البتہ یہی الفاظ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ، احنف بن قیس رحمۃ اللہ علیہ اور بعض حکماء کے قول کے طور پر ملتے ہیں، لہذا اسے ان حضرات کے انتساب سے بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
(۲۳)روایت: "جو عورت گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوھے تو وہ جانور اس کو دعائیں دیتا ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۴)روایت: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا پیغمبر ﷺ سے سوال کرنا کہ بارش ہوئی اور آپ کے بابرکت کپڑے نہ بھیگے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
(۲۵)روایت: حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا اذان میں لفظ حَیَّ کو عاجزی سے ہَیَّ پڑھنا، اور منافقین کا اس پر اعتراض کرنا اور یہ مطالبہ کرنا کہ کوئی فصیح مؤذن لے آئیں، اور آپ ﷺ کا غصہ میں منافقین سے فرمانا کہ اللہ تعالی کے نزدیک بلال کا ہَیَّ شور وغل کے سینکڑوں حَیَّ اور حَیَّ سے بہتر ہے۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔

روایت	حکم
㉖روایت: "ریا کاری کے ساتھ تسبیح کرنا کوڑی کا سبزہ ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
㉗روایت: "عجلوا الطاعات قبل الفوت"۔ عبادات کو فوت ہونے سے پہلے پورا کرو۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
㉘روایت: "جس نے اپنے بھائی کے حق کی وجہ سے افطار کیا اس کے لئے ایک ہزار روزوں کا ثواب لکھا جاتا ہے"۔	سنداً نہیں ملتی، بیان کرنا موقوف رکھا جائے۔
